★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 25 جمادی الاول 1446ھ 29 نومبر 2024ء 13 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 44

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

سٹاک مارکیٹ کی نئی تاریخ عالمی سطح پر ملکی معیشت پر اعتماد کا واضح ثبوت ہے، مریم نواز

پاکستان سٹاک ایکسچینج دنیا کی بیسٹ پرفارمنگ ایکوئٹی مارکیٹ کا درجہ حاصل کر چکی، مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں ملک نے نہ صرف استحکام حاصل کیا بلکہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے

سٹاک مارکیٹ کی بلندی وتیزی سمیت ہر تاریخی کام، ہر ریکارڈ مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہوتا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف اور انکی معاشی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، وزیر اعلیٰ

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ سٹاک مارکیٹ کا لاکھ پوائنٹ عبور کرنا عالمی سطح پر پاکستان کی معیشت پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے ایک پیغام میں پاکستان سٹاک مارکیٹ کے ایک لاکھ پوائنٹس کی تاریخی حد عبور کرنے پر تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج دنیا کی بیسٹ پرفارمنگ ایکوئٹی مارکیٹ کا درجہ حاصل کر چکی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں ستھرا پنجاب مہم کی پیشرفت کا جائزہ لیا جا رہا ہے

سردار ایاز صادق کی اسلاموفوبیا کیخلاف روس کے اصولی مؤقف کی تعریف

ماسکو کے سرکاری دورے کے دوران کیتھیڈرل مسجد میں روس کے کونسل آف مفتیز کے نائب چیئرمین سے ملاقات

ماسکو (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے صدر پیوٹن کی مذہبی شخصیات کے احترام کے موقف اور اسلاموفوبیا کے خلاف روس کے موقف کی تعریف کی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی کے سپیکر سردار ایاز صادق نے ماسکو کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

دکھ کی اس گھڑی میں ملائیشیا کی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، وزیر اعظم

ملائیشیا کے وزیر اعظم اور عوام کے ساتھ دلی اظہار یکجہتی اور 30 ہزار سے زائد متاثرہ افراد سے ہمدردی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ملائیشیا میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم پاکستان نے ملائیشیا کے وزیر اعظم اور عوام کے ساتھ دلی اظہار یکجہتی اور 30 ہزار سے زائد متاثرہ افراد سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

صداقت عباسی کی مبینہ غیر قانونی حراست، رہائی کیلئے دائر درخواست پر پولیس کو نوٹس

پی ٹی آئی کے سابق رہنما صداقت عباسی کو 24 نومبر کو اسلام آباد پولیس نے گرفتار کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سابق ممبر قومی اسمبلی صداقت عباسی کی مبینہ غیر قانونی حراست اور رہائی کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسلام آباد پولیس کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیا جس پر ڈی ایس پی لیگل ساجد چیمہ نے عدالت سے کل تک کا وقت مانگ لیا۔ صداقت عباسی کے بھائی عثمان عباسی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی جس میں سیکریٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد، چیف کمشنر اور دیگر کو فریق بنایا گیا۔ عثمان عباسی کی جانب سے وکیل انصر کیانی اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

ملکی ترقی کیلئے محنت کرتے رہیں گے
وزیر اعظم

پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کیلئے اپنی سیاست کی قربانی دی، سٹاک ایکسچینج کا ایک لاکھ پوائنٹس عبور کرنا حکومتی پالیسیوں پر کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کی عکاسی، انتشاری ٹولے کے جاتے ہی مثبت رجحان لوٹ آیا

ملکی استحکام وترقی کے دشمن ملک کو دوبارہ ڈی ریل کرنے کی مذموم وناکام کوششیں کر رہے ہیں، انہیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے شہباز شریف کی پاکستان سٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 1 لاکھ پوائنٹس عبور کرنے پر قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کے 100 انڈیکس کے 1 لاکھ پوائنٹس عبور کرنے پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ سٹاک ایکسچینج کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک لاکھ پوائنٹس عبور کرنا حکومتی پالیسیوں پر کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے، انتشاری ٹولے کے جاتے ہی مثبت رجحان لوٹ آیا، ملکی استحکام وترقی کے دشمن ملک کو دوبارہ ڈی ریل کرنے کی مذموم و ناکام کوششیں کر رہے ہیں، انہیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ جمعرات کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے اس سنگ میل کو عبور کرنے پر حکومتی معاشی ٹیم اور ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے مصروف عمل حکام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنی قوم سے عہد کیا تھا کہ ملکی معاشی استحکام اور ملکی ترقی کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کیلئے ہم نے اپنی سیاست کی قربانی دی، اللہ کے فضل وکرم سے ہماری قربانی رائیگاں نہیں گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملکی استحکام وترقی کے دشمن ملک کو دوبارہ ڈی ریل کرنے کی مذموم وناکام کوششیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی کی شرح میں مزید کمی ہوئی ہے، شرح سود 15 فیصد پر اور ترسیلات زر ریکارڈ سطح پر پہنچ چکے ہیں، وزیر اعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملکی ترقی کیلئے یونہی محنت کرتے رہیں گے اور ملکی ترقی وخوشحالی کے دشمنوں کو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

پی ٹی آئی کے گرفتار شرپسندوں کے ہوش ربا انکشافات

ہمیں 50 ہزار روپے دیے گئے اور لڑائی میں پھنسا کر پی ٹی آئی قیادت فرار ہوگئی، شرپسند سجاد

ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ہونے کی وجہ سے ان شرپسندوں کی گاڑی میں بیٹھ گیا، خورشید محمد اعوان

مجھے کہا گیا کہ آپ کو اسلام آباد میں سب کچھ ملے گا، ایاز نامی شرپسند کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں احتجاج کے مقام سے گرفتار ہونے والے پی ٹی آئی کے شرپسندوں کے ہوش ربا انکشافات سامنے آگئے۔ پی ٹی آئی کے حالیہ احتجاج میں شریک شرپسند سجاد کا کہنا تھا کہ پارٹی قیادت نے ہم سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

60 ججز میں سے صرف 12 ججز کے لیے رہائش گاہیں، دیکھیں گے کتنے ریٹائرڈ ججز قابض؟ لاہور ہائیکورٹ

رپورٹ کے مطابق 237 رہائش گاہیں ہیں جس میں کچھ وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر آؤٹ آف ٹرن دی گئی ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں عدالت عالیہ کے ججز، جوڈیشل افسران کی سرکاری رہائش گاہوں کے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ 60 ججز میں سے صرف 12 ججز کے لیے رہائش گاہیں، یہ دیکھیں گے کہ کتنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

سینئر صحافی مطیع اللہ جان کو گرفتار کر لیا گیا، تھانہ مارگلہ منتقل، سی پی جے کی مذمت

مطیع اللہ جان کے خلاف مقدمہ درج کیے جانے کی اطلاعات ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سینئر صحافی مطیع اللہ جان کو اسلام آباد پولیس نے گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق مطیع اللہ جان کو گرفتار کر کے تھانہ مارگلہ میں منتقل کیا گیا ہے۔ مطیع اللہ جان کے خلاف مقدمہ درج کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ مطیع اللہ جان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی موجودگی میں سی ای او روڈا عمران امین جرنلسٹ ہاؤسنگ فیز ٹو کے لئے اراضی کا معاہدہ سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی کو پیش کر رہے ہیں، صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری بھی موجود ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے 3200 صحافیوں کو پلاٹس دینے میں بڑی پیش رفت

وزارت اطلاعات پنجاب اور روڈا کے درمیان اراضی کی منتقلی کے ایم او یو پر دستخط ہو گئے

لاہور پریس کلب کے کونسل ممبران کو فارم پریس کلب سے جبکہ نان کونسل ممبران کو ڈی جی پی آر سے فارم ملیں گے

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے لاہور کے 3200 صحافیوں کو پلاٹس دینے میں بڑی پیش رفت ہوئی ہے، وزارت اطلاعات پنجاب اور روڈا کے درمیان اراضی کی منتقلی کے ایم او یو پر دستخط ہو گئے۔ سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی اور سی ای او روڈا عمران امین نے ایم او یو پر دستخط کیے۔ اس موقع پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف امن وامان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کرم میں مخالف گروہوں کے درمیان 10 دنوں کیلئے سیز فائر ہو گیا: وزیر اعلیٰ کے پی

فریقین کے درمیان جنگ بندی خوش آئند اقدام ہے، مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے گا، گفتگو

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے کہا ہے کہ کرم میں مخالف گروہوں کے درمیان 10 دنوں کے لیے سیز فائر ہو گیا۔ علی امین گنڈا پور نے ضلع کرم کی صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ فریقین کے درمیان جنگ بندی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

اگر لاشیں گری تھیں تو چھوڑ کر کیوں بھاگے؟ طلال چوہدری

علی امین گنڈا پور اور بشریٰ بی بی کارکنوں کو اکیلا چھوڑ کر بھاگ گئے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ اگر لاشیں گری تھیں تو چھوڑ کر کیوں بھاگے؟ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی والے پہلی بار نہیں بھاگے۔ علی امین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

پی ٹی آئی مظاہرین کے آنسو گیس کے استعمال کی تحقیقات کا فیصلہ

سینٹرل پولیس آفس نے تمام ڈی آئی جیز اور دیگر یونٹس کے سربراہان کو خط لکھ دیا، تفصیلات طلب

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کے احتجاج میں مظاہرین کی جانب سے مبینہ طور پر آنسو گیس کے استعمال کے معاملے پر سینٹرل پولیس آفس نے تمام ڈی آئی جیز اور دیگر یونٹس کے سربراہان کو خط لکھ دیا۔ محکمہ پولیس کے غیر سیاسی رہنے سے متعلق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

جی ایچ کیو حملہ کیس: عمران خان سمیت دیگر ملزمان پر فرد جرم چوتھی بار مؤخر

ہمارے پاس مکمل ثبوت ہیں کوئی نہیں کہہ سکتا کہ جی ایچ کیو پر حملہ نہیں ہوا، اسپیشل پراسیکیوٹر

راولپنڈی (این این آئی) سانحہ نو مئی کے جی ایچ کیو حملہ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت دیگر ملزمان پر فرد جرم چوتھی بار مؤخر ہو گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کیس کی سماعت کی۔ کیس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

پنجاب سے لوگ پی ٹی آئی کے لیے نہیں نکلے، پریشانی گورنر پنجاب کو ہے، عظمیٰ بخاری

تحریک انصاف سے اتنی ہی ہمدردی ہے تو گورنر شپ چھوڑ کر پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کر لیں

حکومت کیسے کرنی ہے انتظامی معاملات کیسے چلانے ہیں ہمیں آپ کے مشوروں کی ضرورت نہیں، وزیر اطلاعات

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب سے لوگ تحریک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

اسلام آباد، وفاقی وزرا احسن اقبال اور عطا تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں نئی تاریخ رقم، ایک لاکھ پوائنٹس کا سنگ میل عبور

کاروبار کے آغاز پر ہی تیزی دیکھنے میں آئی اور انڈیکس نے آغاز میں ہی 790 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ کی حد عبور کر لی انڈیکس 1 لاکھ 540 کی بلندی پر بھی پہنچا

بلاشبہ یہ بہت بڑا معاشی کارنامہ پاکستان کی تاریخ اور دنیا کی اسٹاک مارکیٹ کی تاریخ کی واحد مثال ہے کہ ایک ملک دیوالیہ ہونے کے دہانے سے اتنا اچھا ریکور کر گئی، تجزیہ کار

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں نئی تاریخ رقم ہوگئی، انڈیکس نے ایک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

اسلام آباد، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے سابق صدر سردار یعقوب خان ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں یو اے ای کا 53 واں یوم آزادی جوش وخروش سے منایا گیا

پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان صدیوں پرانے برادرانہ تعلقات قائم ہیں، قونصل جنرل

کراچی (این این آئی) پاکستان میں متحدہ عرب امارات کا 53 واں یوم آزادی انتہائی جوش وخروش سے منایا گیا۔ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے قومی دن کی تقریبات پاکستان میں انتہائی جوش وجذبے کے ساتھ منائی گئیں، قومی دن کے حوالے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

بشریٰ بی بی سے کوئی رابطہ نہیں ہو رہا، ہمیں نہیں معلوم وہ کہاں ہیں، مریم وٹو

بشریٰ بی بی سے رابطہ نہیں ہو رہا، علی امین کی ٹیم نے انہیں حبس بے جا میں رکھا ہے، بہن کا الزام

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بہن مریم ریاض وٹو نے الزام لگایا ہے کہ بشریٰ بی بی سے کوئی رابطہ نہیں ہو رہا، ہمیں نہیں معلوم وہ کہاں ہیں، بشریٰ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی ٹیم کے حبس بے جا میں ہیں۔ نجی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

وزیر داخلہ محسن نقوی سے کنٹری ڈائریکٹر ورلڈ بینک ناجے بن حسین ملاقات کر رہے ہیں

24 نومبر احتجاج، پی ٹی آئی کو توہین عدالت کا نوٹس

سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور آئی جی اسلام آباد کو بھی نوٹس جاری، آئندہ سماعت پر جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 24 نومبر کے احتجاج کے معاملے پر پی ٹی آئی کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق نے ایف سیون کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پی سی ایل میں نام ڈالنے کیخلاف درخواست، حکومت کو جواب جمع کرانے کا آخری موقع

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) میں شامل افراد کا ریکارڈ فراہم کرنے کے لئے وفاقی حکومت، وزارت داخلہ اور ایف آئی اے کو جواب جمع کرانے کی آخری مہلت دے دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

قائمقام چیئرمین سینٹ سے اسلامک ریلیف کے وفد کی ملاقات، مختلف امور پر غور

اسلامک ریلیف نے قدرتی آفات کے دوران انسانیت کی خدمت کی جس پر شکر گزار ہیں، سیدال خان

اسلام آباد (این این آئی) قائمقام چیئرمین سینٹ سیدال خان سے اسلامک ریلیف کے وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں مختلف امور زیر غور آئے۔ وفد کی قیادت برطانیہ کی کونسلر شاہین اشرف نے کی۔ قائم مقام چیئرمین سینٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

سٹاک مارکیٹ 1 لاکھ پوائنٹ سے کراس کرنے پر اظہار تشکر کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (این این آئی) سٹاک مارکیٹ 1 لاکھ پوائنٹ سے کراس کرنے پر اظہار تشکر کی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروا دی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کروائی گئی جس کے متن میں کہا گیا ہے کہ سٹاک مارکیٹ کی تاریخ کی بلند ترین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

آپریشنل وجوہات، مختلف ایئر لائنز کی 8 پروازیں منسوخ

دبئی اور لاہور کی غیر ملکی ایئر لائنز کی 2 پروازیں ایف زیڈ 359 اور 360 کو بھی منسوخ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) آپریشنل وجوہات کے باعث مختلف ایئر لائنز کی 8 پروازیں منسوخ کر دی گئیں جبکہ 29 میں تاخیر ہوئی ہے۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق بیجنگ، اسلام آباد اور کراچی کی پروازیں سی اے 945 اور 946 منسوخ کر دی گئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

پی ٹی آئی رہنماؤں کو اڈیالہ میں عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہ ملی

ملاقات کرانے یا نہ کرانے کا اختیار ہمارے پاس نہیں، راولپنڈی پولیس سے رابطہ کریں، جیل انتظامیہ

راولپنڈی (این این آئی) پی ٹی آئی رہنماؤں کی اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقات کی درخواست منظور نہ ہوئی۔ پی ٹی آئی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کیلئے جیل حکام سے رابطہ کیا تاہم انہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

وزارت تجارت کی صوبوں کو برآمدات میں اضافے کا روڈ میپ تیار کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزارت تجارت نے صوبائی حکومتوں کو برآمدات میں اضافے کا روڈ میپ تیار کرنے کی ہدایات کی ہیں۔ میڈیا رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ صوبوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں صوبائی حکومتی محکموں کی فوکل کمیٹیاں تشکیل دیں جن کی سربراہی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

لاہور، لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی نائب صدر ربیعہ باجوہ جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

بھارت کی آلودہ ہواؤں کا رخ پھر تبدیل، لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست

بھارتی دارالحکومت نئی دہلی 334 فضائی آلودگی کے انڈیکس کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا

لاہور (این این آئی) لاہور ایک بار پھر دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر آ گیا۔ بھارت سے آنے والی آلودہ ہواؤں کی وجہ سے لاہور ایک بار پھر دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا ہے۔ لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان، حتمی فیصلہ 30 نومبر کو ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں چار روپے فی لٹر تک اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 3 روپے 15 پیسے فی لٹر جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 20 پیسے تک کا امکان ہے اسی طرح مٹی کے تیل کی قیمتوں میں 4 روپے فی لٹر تک اضافے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

اعظم سواتی مقدمات کی تفصیلات کیس میں انکوائری رپورٹ عدالت میں

غلط رپورٹ عدالتی ریکارڈ کا حصہ بنانے پر اے ایس آئی ظفر اقبال کیخلاف شوکاز نوٹس بھی رپورٹ کا حصہ

اسلام آباد (این این آئی) اعظم سواتی مقدمات کی تفصیلات سے متعلق کیس میں پولیس کی انکوائری رپورٹ عدالت میں جمع کرا دی گئی۔ ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کی مقدمات کی تفصیلات فراہمی کیس میں توہین عدالت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

امیدوار کے ایک سے زائد حلقوں میں الیکشن لڑنے پر پابندی سے متعلق درخواست خارج

ہم قانون ختم تو کر سکتے ہیں لیکن نیا بنا نہیں سکتے، جسٹس مسرت ہلالی کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے امیدوار کے ایک سے زائد حلقوں میں الیکشن لڑنے پر پابندی سے متعلق درخواست اعتراضات کے ساتھ خارج کر دی جبکہ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا ہے کہ ہم قانون ختم تو کر سکتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

اسموگ تدارک، عدالتی حکم عدولی کرنیوالے اسکولوں کو چلنے نہیں دیں گے، لاہور ہائیکورٹ

عدالت نے اسکول بسیں چلانے کے فیصلے پر عمل درآمد رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اسموگ تدارک کیس میں کہا ہے کہ عدالتی حکم عدولی کرنے والے اسکولوں کو چلنے نہیں دیں گے۔ اسموگ تدارک کے حوالے سے سماعت کا 2 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جسٹس شاہد کریم نے جاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

سموگ تدارک کیس: عدالتی حکم عدولی کرنیوالے سکول چلنے نہیں دیں گے، لاہور ہائیکورٹ

محکمہ ٹرانسپورٹ بھاری گاڑیوں کی باقاعدگی سے معائنہ کرے اور گاڑیوں کے متواتر معائنے اور ڈیٹا کے لیے پالیسی وضع کرے

پی ایچ اے کونو کارپس نامی پودے کی شجر کاری بند درخت اکھاڑے گی، سکول بسیں چلانے کے فیصلے پر عملدرآمد رپورٹ پیش کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اسموگ تدارک کیس میں کہا ہے کہ عدالتی حکم عدولی کرنے والے اسکولوں کو چلنے نہیں دیں گے۔ اسموگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

آئینی بینچ نے کوئٹہ میں بچے کے اغوا پر ازخود نوٹس نہیں لیا، جسٹس جمال مندوخیل

کئی باتیں ایسی ہیں جو نہیں بتائی جا سکتیں ورنہ تحقیقات خراب ہوں گی، میڈیا اس کیس کی زیادہ تشہیر نہ کرے بچے کی زندگی کو خطرہ ہو سکتا ہے، ریمارکس

بچے کے اغواء سے متعلق خفیہ پیشرفت رپورٹ استدعا ہے بنچ چیمبر میں جائزہ لے، اٹارنی جنرل، سپریم کورٹ میں بچے کا معاملہ نمٹایا نہیں، جسٹس امین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان کے آئینی بنچ نے کوئٹہ میں بچے کے اغوا پر ازخود نوٹس لینے کی تردید کر دی۔ جسٹس امین الدین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سرگودھا میں زیر تعمیر ایگری مال کی تعمیر بارے پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں

جاپان کے وزیر اعظم مساتو کانڈا ایشیائی ترقیاتی بینک کے نئے صدر منتخب

وہ 24 فروری 2025 کو اپنے عہدے کا چارج سنبھالیں گے

منیلا (این این آئی) جاپان کے وزیر اعظم اور وزیر خزانہ کے خصوصی مشیر مساتو کانڈا ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے نئے صدر منتخب ہو گئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

تربت میں دھماکا، ایک شخص جاں بحق، 2 زخمی

دیسی ساختہ بم نامعلوم افراد کی جانب سے سڑک کنارے نصب کیا گیا تھا، پولیس

تربت (این این آئی) بلوچستان کے شہر تربت میں بم دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 2 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دھماکا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

16 سال سے جنوبی افریقہ میں مقیم پاکستانی جعلی ویزے پر دبئی سے ڈی پورٹ

دبئی امیگریشن حکام نے مسافر کو روک کر چھان بین کے دوران اس کے جنوبی افریقہ کے ویزے کو جعلی قرار دیا

سیالکوٹ (این این آئی) جنوبی افریقہ میں 16 سال سے مقیم ایک پاکستانی جعلی ویزے پر دبئی سے ڈی پورٹ کیے جانے کے بعد سیالکوٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری پاکستان سٹاک ایکسچینج میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

جناح ہسپتال ملی رکشہ یونین کے یونٹ کے افتتاح کے موقع پر راہنما مرکزی مسلم لیگ ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی و صدر ملی رکشہ یونین پنجاب رانا شمشاد گفتگو کر رہے ہیں

آزاد جموں و کشمیر پولیس کیلئے پی آئی ٹی بی کے وضع کردہ کرائم میپنگ سسٹم کا سافٹ لانچ

لاہور (خبر نگار) آزاد جموں و کشمیر پولیس نے کرائم اینالیٹکس اینڈ سمارٹ پولیسنگ پاکستان پروجیکٹ کے تحت پی آئی ٹی بی کے وضع کردہ کرائم میپنگ سسٹم کو سافٹ لانچ کر دیا۔ تقریب کی صدارت ایس ایس پی مظفر آباد کامران علی نے کی جبکہ آزاد جموں و کشمیر کے 10 اضلاع کے ایس ایس پیز سمیت سینئر پولیس افسران نے بھی آن لائن تقریب میں شرکت کی۔ پی آئی ٹی بی کی جانب سے جوائنٹ ڈائریکٹر رائے راشد، سینئر سافٹ ویئر انجینئر مامون شریف، پروگرام مینیجر ٹیکنیکل عبدالوحید اور سافٹ ویئر انجینئرنگ ونگ کے ٹیم ممبران نے کرائم میپنگ سسٹم پر ایک جامع پریزنٹیشن دی۔ پی آئی ٹی بی جوائنٹ ڈائریکٹر رائے راشد نے شرکاء کو سسٹم کے فیچرز کے بارے میں بتاتے ہوئے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ یہ سسٹم کس طرح سٹیک ہولڈرز کو جرائم کے نشانات کو پکڑنے اور صوبے بھر میں موثر پولیسنگ کو فعال کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ آئی جی آزاد جموں و کشمیر پولیس کی جانب سے ایس ایس پی مظفر آباد کامران علی نے پی آئی ٹی بی ٹیم کو شیلڈز پیش کیں اور آئی سی ٹی اقدامات کے ذریعے جرائم سے نمٹنے اور امن و امان کو بہتر بنانے پر پی آئی ٹی بی کی تعریف کی۔ اس حوالے سے پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ ہم نے جرائم کی روک تھام کیلئے پولیس کو آئی ٹی پر مبنی جدید حل فراہم کیا ہے۔

ریلویز پولیس کی ہفتہ وار فلاحی کارکردگی کی تفصیلات جاری

25 لاکھ سے زائد کا گمشدہ سامان مسافروں کے حوالے کیا گیا لاہور ڈویژن نمایاں رہی

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلویز پولیس کی آٹھوں ڈویژن ہا نے 18 سے 24 نومبر 2024 تک مسافروں کی خدمت اور دیگر سہولیات مہیا کرتے ہوئے 26 گھر سے بھاگے اور گمشدہ جن میں بچے، بچیاں اور لڑکیاں شامل ہیں کو سلامتی سے انکے ورثاء کے حوالے کیا۔ اسکے علاوہ 74 مسافروں کو انکا قیمتی سامان جسکی مالیت تقریباً 25 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے کو بحفاظت اور ایمانداری کے ساتھ انکے حوالے کیا گیا۔ اسی طرح 600 مسافروں جن میں ضعیف العمر اور زخمی شامل ہیں کو وہیل چیئرز اور فرسٹ ایڈ کی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ وار کارروائی میں لاہور ڈویژن فلاحی کارکردگی کے حساب سے نمایاں رہی جس نے گھر سے بھاگے/ بھاگی 10 بچوں کو انکے ورثاء کے حوالے کیا۔ لاہور ڈویژن نے 35 مسافروں کو انکا قیمتی سامان جس کی مالیت تقریباً 18 لاکھ 20 ہزار روپے بنتی ہے واپس کیا۔ اسکے علاوہ 84 مسافروں کو وہیل چیئرز اور فرسٹ ایڈ کی سہولت فراہم کی گئی۔ اسی تناظر میں پشاور ڈویژن نے 1، راولپنڈی 2، ملتان اور کوئٹہ 1/1، سکھر 2 اور کراچی ڈویژن نے 9 بچوں/بچیوں کو ورثاء کے حوالے کیا۔ مزید گمشدہ سامان کی واپسی اور دیگر امدادی صورت میں پشاور ڈویژن نے 92، راولپنڈی 161، لاہور 119، ملتان 56، سکھر 37، کوئٹہ 6 اور کراچی ڈویژن نے 201 مسافروں کی معاونت کی۔ اس کے علاوہ راولپنڈی ڈویژن نے 2 لاکھ 87 ہزار اور ملتان ڈویژن نے 2 لاکھ 35 ہزار مالیت کا قیمتی گمشدہ سامان مسافروں کے حوالے کیا۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق سول سیکرٹریٹ میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صفائی کا نیا نظام: پنجاب کا نیا اور خوبصورت چہرہ دیکھنے کو ملے گا، وزیر بلدیات

پہلے مرحلے میں صوبے کی 8 کروڑ 60 لاکھ آبادی کو صفائی کی بہترین خدمات مہیا کریں گے

وزیر اعلیٰ مریم نواز 3 دسمبر کو صفائی کے موثر اور منفرد پروگرام کا افتتاح کریں گی، ذیشان رفیق

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ صفائی کے نئے نظام کے آغاز کے ساتھ پنجاب کا ایک نیا اور خوبصورت چہرہ دیکھنے کو ملے گا۔ پہلے مرحلے میں صوبے کی 8 کروڑ 60 لاکھ آبادی کو صفائی کی بہترین خدمات مہیا کریں گے۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹری آسیہ گل اور ایل ڈبلیو ایم سی کے سی ای او بابر صاحب دین بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی آؤٹ سورسنگ کے عمل اور آئندہ کی حکمت عملی کا جائزہ لیا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پہلے مرحلے میں پنجاب کی 103 تحصیلوں میں کنٹریکٹرز کا انتخاب مکمل کر لیا گیا ہے۔ لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، ملتان، بہاولپور، ڈی جی خان اور فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے زیر انتظام تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ سرگودھا اور ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو اگلے مرحلے میں آؤٹ سورس کیا جائے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز 3 دسمبر کو صفائی کے اس موثر اور منفرد پروگرام کا افتتاح کریں گی۔ صوبائی وزیر نے تمام سی ای اوز کو صفائی کی آگاہی مہم چلانے اور ہر تحصیل میں ون ٹائم زیرو ویسٹ کا کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نجی کنٹریکٹرز مرحلہ وار اپنی استعداد کار اور سروسز میں بہتری لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کنٹریکٹرز کے ٹیکنیکل سٹاف کو تربیت محکمہ لوکل گورنمنٹ دے گا تاکہ ڈیش بورڈ اور ستھرا پنجاب ایپ پر شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب ویژن پر قلیل عرصے میں عملدرآمد کیا گیا۔ متعلقہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے محنت اور لگن کے ساتھ کام کیا تاہم انہوں نے زور دیا کہ ہم سب نے یہ جذبہ ماند نہیں پڑنے دینا۔ پنجاب کو صاف ستھرا بنا کر دم لیں گے۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں نے کہا کہ صوبائی کنٹرول روم آؤٹ سورسنگ کے تمام عمل کی مانیٹرنگ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ درکار انسانی وسائل اور مشینری کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ شکیل احمد نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ ستھرا پنجاب ایپ پر شہریوں کی جانب سے درج کرائی گئی شکایات کا جلد ازالہ ممکن بنائیں گے۔

رکشہ ڈرائیورز کے لیے میڈیکل سنٹر بنانے کا اعلان

کسی کمزور پر کوئی ظلم زیادتی نہیں ہونے دیں گے ڈاکٹر مزمل ہاشمی

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے راہنما ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے کہا ہے کہ ملی رکشہ یونین لاہور سمیت پورے پنجاب میں اپنا مکمل وجود رکھتی ہے۔ ملی رکشہ یونین میں موجود ڈرائیورز کی فیملی کے لیے میڈیکل سنٹر بنانے جا رہے ہیں۔ اپنے ڈرائیورز کے ساتھ کسی صورت زیادتی نہیں ہونے دیں گے۔ پورے پنجاب میں ملی رکشہ یونین کے منشور اور نظریات سے متاثر ہو کر ہزاروں رکشہ ڈرائیور شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جناح ہسپتال کے باہر ملی رکشہ یونین کے یونٹ کا افتتاح کے موقع پر کارکنان سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ افتتاح کے موقع پر ملی رکشہ یونین پنجاب کے صدر رانا شمشاد سمیت سینکڑوں رکشہ ڈرائیورز نے شرکت کی۔ ملی رکشہ یونین پنجاب کے صدر رانا شمشاد نے کہا ہے کہ رکشہ یونین نے ہمیشہ ضرورت مندوں کا ساتھ دیا ہے۔ ڈرائیورز کی اخلاقی و دینی تربیت کرنا ملی رکشہ یونین کی اولین ترجیح ہے۔

پھیپھڑوں کا کینسر
85%
LUNG CANCER
Theme 2024
Stronger Together
United for Lung
Cancer Awareness

میو کینسر کیئر ہسپتال مناواں کے زیر اہتمام پھیپھڑوں کے کینسر بارے آگاہی واک کے موقع پر پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی، پروفیسر کامران خالد چیمہ، وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز، سی ای او پروفیسر وسیم حیات خان اور دیگر شرکاء موجود

پھیپھڑوں کا کینسر مرد و خواتین دونوں میں ہوتا ہے، پروفیسر کامران چیمہ

میو کینسر کیئر ہسپتال مناواں کے زیر اہتمام پھیپھڑوں کے کینسر بارے آگاہی واک

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی سے ملحقہ میو کینسر کیئر ہسپتال مناواں کے زیر اہتمام پھیپھڑوں کے کینسر بارے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت ایم پی اے رشدہ لودھی تھیں جبکہ مہمان خاص پروفیسر کامران خالد چیمہ اور وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز تھے۔ سی ای او میو کینسر کیئر ہسپتال مناواں پروفیسر وسیم حیات خان کا کہنا تھا کہ نومبر کا مہینہ پھیپھڑوں، معدے اور آنتوں کے کینسر سے آگاہی کے لئے منایا جاتا ہے۔ 85 فیصد سے زائد تمباکو نوشی کرنے والوں میں پھیپھڑوں کا کینسر پایا جاتا ہے۔ پروفیسر کامران خالد چیمہ کا کہنا تھا کہ پھیپھڑوں کا کینسر مرد و خواتین میں ہوتا ہے جس میں ہر 16 ویں اور ہر 17 واں ایک مرد اور ایک عورت پھیپھڑوں کے کینسر میں مبتلا ہوتے ہیں اس مرض میں سموگ کی وجہ سے بھی اضافہ ہوتا ہے جبکہ بروقت تشخیص سے علاج ممکن ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مستقبل میں اس مرض کے متعلق مناواں کینسر کیئر ہسپتال میں اس کی سکریننگ ہونی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس مرض سے بچاؤ کے لئے تمباکو نوشی کو ترک کریں اور صحت مند معیار زندگی اپنائیں۔ وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کا کہنا تھا کہ پروفیسر کامران خالد کی اپنے شعبہ میں خدمات قابل تعریف ہیں۔

پی ایچ اے کے زیر اہتمام جیلانی پارک میں ملازمین کیلئے سالانہ حج قرعہ اندازی تقریب میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ذیشان رانجھا قرعہ اندازی کر رہے ہیں

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

کمشنر لاہور زید بن مقصود شیخوپورہ و ننکانہ کی ریونیو ریکارڈ انسپکشن کیلئے مختلف پٹوار خانہ جات اور ڈیجیٹل گرداوری کیلئے موضع جات کا دورہ کر رہے ہیں، انہوں ریونیو اہداف پر دونوں اضلاع میں بریفنگ اجلاس بھی کیے

کمشنر لاہور نے پنجاب بورڈ آف ریونیو کے اہم پراجیکٹ پلس کے تحت ورکنگ کا جائزہ لیا

کمشنر لاہور نے ریونیو ریکارڈ و نقشہ جات، زرعی انکم ٹیکس، آبیانہ، گندم بوائی اہداف اور ریکارڈ ڈیجیٹائزیشن کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے ضلع ننکانہ و شرقپور تحصیل شیخوپورہ میں ریونیو اہداف و ریکارڈ انسپکشن کیلئے کھیاڑے کلاں، منڈیالوالہ، سچول، ڈھوکے پٹوار خانوں اور موضع جات کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے مختلف موضع جات میں ڈیجیٹل گرداوری کی آن فیلڈ انسپکشن کی۔ ریونیو افسران نے ریونیو ریکارڈ و نقشہ جات کے حوالے سے کمشنر لاہور کو آن سائٹ بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور کی زیر صدارت شرقپور تحصیل اور ننکانہ صاحب میں علیحدہ علیحدہ ریونیو اجلاس منعقد ہوئے۔ کمشنر لاہور نے آن لائن وصول وراثتی انتقالات، زرعی انکم ٹیکس، آبیانہ، گندم بوائی اہداف اور ریکارڈ ڈیجیٹائزیشن کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پنجاب بورڈ آف ریونیو کے اہم پراجیکٹ پلس کے تحت ورکنگ کا جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ پلس کے تحت ہر پراپرٹی کا اپنا علیحدہ نمبر ہوگا۔

ایسوسی ایٹ پروفیسر پنجاب یونیورسٹی ڈاکٹر صاعقہ اشتیاق کا اعزاز

ایمری یونیورسٹی اٹلانٹا جارجیا امریکہ سے پوسٹ ڈاکٹریٹ مکمل

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر صاعقہ اشتیاق ایسوسی ایٹ پروفیسر پنجاب یونیورسٹی نے حال ہی میں ایمری یونیورسٹی اٹلانٹا جارجیا امریکہ سے پوسٹ ڈاکٹریٹ مکمل کر کے پنجاب یونیورسٹی کالج آف فارمیسی کو جائن کر لیا ہے۔ ڈاکٹر صاعقہ اشتیاق نے جلدی امراض اور جراثیم زدہ زخموں کے روایتی علاج جیسے اہم موضوع پر تحقیق کی۔ یہ تحقیق ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی فنڈنگ سے کی گئی۔ ڈاکٹر صاعقہ اشتیاق فارماکولوجی کے شعبہ میں امریکہ سے پوسٹ ڈاکٹ تحقیق کرنے والی پنجاب یونیورسٹی شعبہ فارمیسی کی پہلی خاتون پروفیسر ہیں۔

شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتیں رپورٹ

شہریوں سے لاکھوں روپے، موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لوئر مال میں نسیم سے 1 لاکھ 90 ہزار روپے اور موبائل فون، جوہر ٹاؤن میں عمار سے 1 لاکھ 80 ہزار روپے اور موبائل فون، ساندہ میں ارسلان سے 1 لاکھ 70 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔

پی ایچ اے کے زیر اہتمام جیلانی پارک میں ملازمین کیلئے حج قرعہ اندازی

سالانہ حج قرعہ اندازی تقریب میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ذیشان رانجھا نے خصوصی شرکت کی

لاہور (تحقیق صدیقی، صابر غوری) پی ایچ اے کے زیر اہتمام جیلانی پارک میں ملازمین کیلئے حج قرعہ اندازی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ سالانہ حج قرعہ اندازی تقریب میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ذیشان رانجھا نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں پی ایچ اے کے افسران سمیت ملازمین کی بڑی تعداد نے قرعہ اندازی میں شرکت کی۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ذیشان رانجھا نے ملازمین اور افسران کی موجودگی میں قرعہ اندازی کی۔ اس حوالے سے ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو کا کہنا تھا کہ محکمہ کی جانب سے حج قرعہ اندازی میں 10 خوش نصیبوں کو حج کی بابرکت سعادت کیلئے بھیجا جائے گا۔ بیت اللہ کے دیدار کی سعادت ہر اہل ایمان کا دیرینہ خواب ہوتا ہے حج پر جانے والے خوش نصیبوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہیں اللہ کے گھر میں حاضری کا شرف نصیب ہونے جا رہا ہے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ذیشان رانجھا نے کہا کہ پی ایچ اے کے مالی پھولوں اور درختوں کے مسیحا ہیں۔ شہر کو خوبصورت بنانے کیساتھ ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے بھی کوشاں ہیں۔

شاہ روح ٹیکنالوجیز کے زیر اہتمام پہلی آن لائن بین الاقوامی میڈیا ٹیک کانفرنس کا انعقاد، مختلف ممالک سے ماہرین اور مقررین نے شرکت کی

لاہور (خبر نگار) شاہ روح ٹیکنالوجیز کے زیر اہتمام پہلی آن لائن بین الاقوامی میڈیا ٹیک کانفرنس کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں مختلف ممالک سے ماہرین اور مقررین نے شرکت کی۔ کانفرنس کا موضوع "میڈیا ٹیک میں ابھرتے ہوئے رجحانات" تھا، جس میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے میڈیا کے بدلتے ہوئے پہلوؤں پر گفتگو کی گئی۔ کانفرنس کی میزبانی شاہ روح ٹیکنالوجیز کے سی ای او حامد سعید نے کی جبکہ شریک میزبان کے فرائض میڈیا مینیجر ارفع عاربی نے انجام دیے۔ کانفرنس میں مختلف اہم موضوعات پر ماہرین نے اپنی رائے پیش کی، جن میں میڈیا ٹیک میں مصنوعی ذہانت کا کردار، میڈیا ٹیک کے لیے تیز رفتار انٹرنیٹ کی ضرورت، سوشل میڈیا کے لیے اخلاقی ضوابط، اور بین الاقوامی تعاون اور میڈیا ڈپلومیسی شامل تھے۔ ماہرین نے مصنوعی ذہانت کے ذریعے میڈیا کی تخلیق، تحقیق اور نشریات میں ہونے والی تبدیلیوں، جدید میڈیا کی ضروریات کے لیے تیز رفتار انٹرنیٹ کی اہمیت، سوشل میڈیا کے دوران اخلاقی اصولوں کی پابندی کی ضرورت، اور عالمی سطح پر میڈیا کے ذریعے تعاون بڑھانے پر روشنی ڈالی۔ مختلف ممالک سے ماہرین اور مقررین نے آن لائن شرکت کی اور اپنے تجربات و خیالات کا اظہار کیا۔ یہ کانفرنس نہ صرف میڈیا ٹیک کے شعبے میں ایک اہم قدم ثابت ہوئی۔

ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل نے کھلی کچہری میں ملازمین سمیت عوامی شکایات سنیں

آپریشنل سٹاف کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں، ڈی ایس ریلوے کی افسران کو ہدایت

لاہور (سپیشل رپورٹر) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور ڈویژن محمد حنیف گل نے کھلی کچہری میں ملازمین سمیت عوامی شکایات سنیں۔ کھلی کچہری میں 12 جبکہ ای کچہری میں 2 شکایات سنی گئیں۔ اکثر شکایات واجبات کی ادائیگی، پی ایم پیکیج پر نوکری، ریلوے کوارٹرز کی مرمت سے متعلق شکایات تھیں۔ اس کے علاوہ سیوریج سمیت ملازمین کی پروموشن سے متعلق بھی شکایات زیر بحث آئیں۔ اکثر شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کر دیا گیا جبکہ دیگر شکایات کے فوری ازالے کیلئے ڈی ایس ریلوے لاہور کی جانب سے افسران کو موقع پر احکامات دیئے گئے۔ کھلی کچہری کے موقع پر ڈی ایس ریلوے کا کہنا تھا کہ ملازمین کی شکایات ریلوے پالیسی کے مطابق حل کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا اصل کام محنت سے ریلوے کا پہیہ رواں دواں رکھنا ہے۔ اس موقع پر ان کا مزید کہنا تھا کہ دستیاب وسائل میں شکایات کے جلد حل کیلئے کوشاں ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے افسران کو آپریشنل سٹاف کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری کے موقع پر ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر اروا خان، ڈویژنل پرسانل آفیسر عمار سمیع، ڈویژنل میڈیکل آفیسر صائمہ ممتاز، ڈویژنل کمرشل آفیسر غلام فرید اسعد، ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئرز غلام مرتضیٰ اور محمد انجم، ڈویژنل مکینیکل انجینئر محمد زوہیب، ڈویژنل ٹیلی کام اینڈ سگنل انجینئر رجیل نواز، ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر محمد ناصر کے علاوہ متعلقہ سٹاف بھی موجود تھا۔

شہر میں فینسی نمبر پلیٹس کے استعمال کے باعث سکیورٹی مسائل بڑھنے لگے

فینسی نمبر پلیٹس کے بڑھتے ہوئے استعمال کی روک تھام کے لیے چیف سیکرٹری نے کمیٹی تشکیل دے دی

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں فینسی نمبر پلیٹس کے استعمال کے باعث سکیورٹی مسائل بڑھنے لگے ہیں، ایک گاڑی کا نمبر دوسری گاڑیوں پر استعمال ہونے کی انکشاف۔ پولیس حکام کے مطابق متعدد پرائیویٹ گاڑیوں پر اہم سرکاری اداروں کی نمبر پلیٹس بھی استعمال کی جا رہی ہیں جس سے سکیورٹی کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ شہری فینسی نمبر پلیٹس کی آڑ میں اپنی گاڑیوں کے نمبر کا غلط استعمال کر رہے ہیں اور اس کی وجہ سے ای چالاننگ کے نظام میں بھی مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ خاص طور پر کیمروں کے ذریعے اور رانگنگ کے باعث جعلی اور فینسی نمبر پلیٹس کے بڑھتے ہوئے استعمال کی روک تھام کے لیے چیف سیکرٹری نے کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ واضح رہے کہ محکمہ ایکسائز نے اپریل میں اوپن مارکیٹ میں نمبر پلیٹس بنانے کی اجازت دی تھی، تاہم حکام کے مطابق سکیورٹی فیچرڈ نمبر پلیٹس کی تیاری میں مشکلات کی وجہ سے یہ اجازت دی گئی تھی تاہم اوپن مارکیٹ میں ایس او پیز پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے شہری نمبر پلیٹس کا غلط استعمال کر رہے ہیں۔

CM PUNJAB
MARYAM
NAWAZ

چیف منسٹر مریم نواز انسولین پروگرام

ٹائپ 1 ذیابیطس سے متاثرہ بچوں کو

انسولین کی مفت فراہمی آپ کی دہلیز پر

- ہیلپ لائن 1033 پر کال کریں
- موبائل ایپ سے رجسٹریشن کروائیں
- قریبی تحصیل یا ضلعی ہیڈ کوارٹر میں قائم این سی ڈی کلینک پر رجوع کریں

ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے نیچے دیے گئے لنک پر کلک کریں یا بارکوڈ کو سکین کریں

www.hisdcapps.pshealthpunjab.gov.pk/Home/AppDetail/136

ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز، محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر، حکومتِ پنجاب

@PSHDepartment | @pshd.gop | @P&SHealthcareDept | @PSHDept

SPL-1667

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

بڑھتی آبادی مسائل کو جنم دیتی ہے اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا چوہدری عاصم ہدایت

تمام حکومتی اداروں کو تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو وسائل کی حد میں لانے کے لئے اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کرنا ہو گا بالخصوص میڈیا کو اس حوالے سے اپنی شمولیت کو یقینی بنانا ہو گا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس کے زیر اہتمام اے ڈی پی سکیم '' چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پلاننگ پروگرام'' کے تحت جرنلسٹس اور کالمسٹس کے ساتھ کانفرنس روم ضلع کونسل ہال میں انٹرا ایکٹویشن منعقد کیا گیا۔ جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) حافظ عمر طیب نے کی، مہمان اعزاز کے طور پر ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن سید سلمان حسین، ڈاکٹر فہد لکھوی ڈیپارٹمنٹ آف میڈیا اینڈ کمیونیکیشن سٹڈیز یونیورسٹی آف اوکاڑہ اور پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا سے وابستہ جرنلسٹس، کالمسٹس کی بڑی تعداد سمیت محکمہ بہبود آبادی کے مقامی افسران نے شرکت کی سیشن کے انعقاد کا مقصد خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت کے بارے میں آگاہی اور شعور بڑھانے میں پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے موثر پلیٹ فارمز کے زیادہ سے زیادہ استعمال کو فروغ دینا تھا کیونکہ صحافت ایک فوری اثر پذیر قلیل المدتی ہتھیار ہے جس کی مدد سے انسانی اور سماجی رویوں میں آسانی سے تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا بعد ازاں ڈسٹرکٹ ڈیموگرافر محمد بخش نے ضلع کے آبادیاتی اعداد و شمار کے ساتھ ساتھ محکمہ کی کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر ٹیکنیکل ڈاکٹر مہک سلیم نے محکمہ کی جانب سے فراہم کی جانے والی سروسز کے بارے میں بتایا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر کمیونیکیشن اینڈ ٹریننگ نے سماجی رویوں میں تبدیلی کے لیے محکمہ کی مرتب کردہ حکمت عملی اور اس میں میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالی۔ سیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پروگرام کے میزبان اور روح رواں ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر چوہدری عاصم ہدایت نے کہا کہ پاکستان اس خطے میں فیملی پلاننگ شروع کرنے والا پہلا ملک تھا لیکن عرصہ دراز کی کاوشوں کے باوجود خاطر خواہ نتائج حاصل نہیں ہو سکے۔ کیونکہ محکمہ بہبود آبادی تن تنہا اس پروگرام کو لے کے چل رہا ہے حالانکہ ہر انسان اور شعبہ بڑھتی ہوئی بے ہنگم آبادی سے پیدا ہونے والے سنگین مسائل سے متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ تمام حکومتی اداروں کو تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو وسائل کی حد میں لانے کے لئے اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کرنا ہوگا بالخصوص میڈیا کو اس حوالے سے اپنی شمولیت کو یقینی بنانا ہوگا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) حافظ عمر طیب نے سیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آبادی میں غیر معمولی اضافے کے باعث ملک کے وسائل پر شدید دباؤ ہے۔ جس کا اثر براہ راست صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات پر پڑ رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اور آبادی کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے جامع حکمت عملی اور عوامی آگاہی کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسئلہ نہ صرف حکومت بلکہ پوری قوم کی توجہ کا متقاضی ہے۔ ہمیں پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا آگاہی مہم میں بھرپور ساتھ دینا ہوگا۔

اوکاڑہ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ عمر طیب پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام میڈیا انٹرا ایکٹویشن کی صدارت کر رہے ہیں۔

چوہدری امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ کی حمایت کے حوالے سے پروقار تقریب

تقریب میں سابق صدر رانا زاہد محمود خاں ایڈووکیٹ، سابق صدر میاں پرویز حسین ایڈووکیٹ، میاں منظور حسین ایڈووکیٹ و دیگر کی شرکت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار چوہدری امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ کی حمایت کے اعلان کے سلسلہ میں میاں اویس ارشد ایڈووکیٹ کی طرف سے جی ایم رائس ملز گوجرانوالہ روڈ پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت گروپ لیڈر سینئر لائر چوہدری ولایت علی ایڈووکیٹ نے کی، تقریب میں سابق صدر رانا زاہد محمود خاں ایڈووکیٹ، سابق صدر میاں پرویز حسین ایڈووکیٹ، میاں منظور حسین ایڈووکیٹ، قمر ریاض ڈھلوں ایڈووکیٹ، ڈاکٹر میاں بلال ارشد، شہباز شوکت گجر ایڈووکیٹ، انعام الحق گجر ایڈووکیٹ، بلاول علی گجر ایڈووکیٹ، محمد نبیل احمد ایڈووکیٹ، شاہد جٹ ایڈووکیٹ، وقاص کھگ ایڈووکیٹ، رضوان شاہ ایڈووکیٹ، ملک عمران، آمنہ بھٹی ایڈووکیٹ، صائمہ آصف ایڈووکیٹ، میڈم عطیہ ایڈووکیٹ، میڈم ثمرہ ایڈووکیٹ و دیگر وکلاء نے شرکت کی اس موقع پر وکلاء نے چوہدری امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ ان کی جیت کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا، حمایت کے اعلان پر وکلاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے چوہدری امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ نے کہا کہ تمام وکلاء کا مشکور ہوں جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی اور حمایت کا اعلان کر کے میری فتح کی راہ ہموار کی میاں اویس ارشد ایڈووکیٹ خراج تحسین کے حقدار ہیں جنہوں نے تقریب کا اہتمام کر کے بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ کی آئندہ قیادت چلنے کیلئے مشاورت کا موقع فراہم کیا ہمارا یہ مل بیٹھنا اور کیے گئے فیصلے ڈسٹرکٹ بار کے مفادات کی نئی روایت کو جنم دیں گے۔

ایجوکیشن عام کرنے کیلئے سب کاوشیں کریں، محمد خالد وسیم

عاشقان رسول ویلفیئر نیک کاموں میں پیش پیش ہے۔ حسن وسیم

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ غریب بچوں کو یونیفارم جوتے اور سویٹر دیے جائیں گے ایجوکیشن کو عام کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لانے کی ضرورت ہے ہم نے اپنی قوم کو بھکاری نہیں بلکہ خوددار قوم بنانا ہے موجودہ دور میں سنگین حالات اور مہنگائی کے باعث پسے ہوئے طبقات کو بے شمار مسائل سے دو چار ہونا پڑ رہا ہے مسائل کا ایک ہی حل ہے کہ بچے پڑھے لکھے ہوں عاشقان رسول ویلفیئر آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم سے غریب اور مستحق بچیوں کی شادیوں کے پروگرام کیے گئے جبکہ غریب اور مستحق لوگوں کے لیے دسترخوان لگائے جانے کا عمل اور دیگر خدمات اپنی مثال آپ ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے السادات میرج ہال بگوال اعوان کے اونر سید منور حسین شاہ اور ان کے صاحبزادے سید محسن شاہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سید محسن شاہ، حافظ عظیم، پنجاب کو آپریٹو یونین کے چیئرمین حسن وسیم، افضل بھٹی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا اور کہا کہ عاشقان رسول ویلفیئر آرگنائزیشن خدمت میں پیش پیش ہے اور ان کی خدمات قابل قدر اور قابل تحسین ہیں اس موقع پر سید حسن شاہ، عامر باجوہ، میاں زبیر، حاجی صابر، محمد علی باجوہ، محمد یوسف سلفی رضوان یوسف، حاجی کرامت، میاں بابر، طارق شاہ، ڈاکٹر زاہد، خرم بھٹی، ڈائریکٹران ڈاکٹر محمد منور مرزا شمس عمران اور دیگر رفقاء بھی موجود تھے محسن شاہ نے عاشقان رسول ویلفیئر آرگنائزیشن کی خدمات اور کاوشوں کی زبردست پذیرائی کی اور کہا کہ خدمت کے جذبے کو اور زیادہ وسیع کر کے عوام کے مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے قبل ازیں خدمت گاروں کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

ساتویں زراعت شماری کے لیے تربیتی سیشن کا آغاز کر دیا گیا، محمد آصف

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر محکمہ شماریات چنیوٹ محمد آصف نے کہا ہے کہ ساتویں زراعت شماری کے لیے تربیتی سیشن کا آغاز دیا گیا ہے، یہ تربیتی سیشن قائداعظم اکیڈمی چنیوٹ میں 3 روز تک جاری رہے گا، انہوں نے یہ بات تربیتی سیشن کے آغاز کے موقع پر بتائی، کوارڈینیٹر محمد آصف کا مزید کہنا تھا کہ زراعت شماری کا باقاعدہ آغاز 15 دسمبر سے ہوگا اور پہلی بار زراعت شماری ڈیجیٹل ہو گی، آخر میں انہوں نے کہا کہ اس ڈیجیٹل زراعت شماری میں محکمہ زراعت اور لائیو سٹاک کا عملہ حصہ لے رہا ہے۔

ڈسٹرکٹ بناولنٹ فنڈ بورڈ کو موصول ہونے والی اب تک کی تمام درخواستوں کی منظوری دے دی گئی ہے اور اس سلسلہ میں کوئی بھی کیس پینڈنگ نہیں ہے، ڈپٹی کمشنر

حافظ آباد: سرکاری ملازمین کے بچوں کیلئے ماہانہ گرانٹ کی منظوری

ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے تعلیمی وظائف، شادی، کفن و دفن اور ماہانہ گرانٹ کے 654 کیسز کے لیے ایک کروڑ 89 لاکھ 37 ہزار 470 روپے کی منظوری دے دی گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبد الرزاق کی زیر صدارت منعقد ہونے والے ڈسٹرکٹ بناولنٹ فنڈ بورڈ کے اجلاس میں سرکاری و ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے تعلیمی وظائف، شادی، کفن و دفن اور ماہانہ گرانٹ کے 654 کیسز کے لیے ایک کروڑ 89 لاکھ 37 ہزار 470 روپے کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ، سی ای او ایجوکیشن میڈم نازیہ شہزادی سمیت بورڈ کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں سرکاری و ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے تعلیمی وظائف کے 366 کیسز کے لیے 59 لاکھ 45 ہزار، ملازمین کی بچیوں کی شادی کے 120 کیسز کے لیے 66 لاکھ، کفن دفن کے 139 کیسز کے لیے 48 لاکھ 65 ہزار اور 29 ماہانہ کیسز کے لیے 15 لاکھ 27 ہزار 470 روپے کی منظوری دے دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر عبد الرزاق کا کہنا تھا کہ ڈسٹرکٹ بناولنٹ فنڈ بورڈ کو موصول ہونے والی اب تک کی تمام درخواستوں کی منظوری دے دی گئی ہے اور اس سلسلہ میں کوئی بھی کیس پینڈنگ نہیں ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ سرکاری و ریٹائرڈ ملازمین کو ریلیف اور انکے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا۔

نجی چینل کے رپورٹر شاقب شمسی کی شادی بخوبی انجام پائی

شاہین میڈیا اور پاکستان میڈیا کونسل کے ممبران کی خصوصی شرکت

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ کوہ نور کے نمائندہ سید ثاقب شمسی رشتہ ازدواج میں بندھ گئے شادی کے حسین لمحات میں شاہین میڈیا اور پاکستان میڈیا کونسل کے ممبران سمیت سیاسی وسماجی شخصیات کی خصوصی شرکت۔ سیالکوٹ کے نواحی علاقہ گجرال کے رہائشی اور کوہ نور ٹی وی چینل کے نمائندہ سید ثاقب شمسی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے شادی کی تقریب سیالکوٹ کے علاقہ گوندل جمشید تاج پیلس رنگ پور پولی میں سر انجام پائی شادی کی تقریب کے حسین لمحات میں سیاسی وسماجی شخصیات سمیت میڈیا پرسن عدیل خان نمائندہ سچ ٹی وی عثمان بٹ نمائندہ ابتک ٹی وی شہزاد علی نمائندہ میٹرو ون ٹی وی۔ خواجہ عامر نمائندہ قوت اخبار۔ عادل منیر نمائندہ ڈیسکور پاکستان۔ اختر علی نمائندہ سٹار ایشیا نیوز۔ وحید احمد نمائندہ سچ ٹی وی۔ تنزیل خان نمائندہ سٹار ایشیا نیوز سید عمار فاطمی نمائندہ سچ ٹی وی۔ چوہدری عامر گجر ایڈووکیٹ میاں ندیم ظفر ایڈووکیٹ نے خصوصی شرکت کی شادی میں شرکت کرنے والے معززین و مہمان گرامی کا چوہدری قاسم چوہدری آصف چوہدری افضل سید شاہد شمسی۔ سید زاہد شمسی۔ سید مجاہد شمسی۔ سید اختر شمسی۔ سید ذوالفقار علی شاہ۔ سید امتیاز علی شاہ۔ عامر علی سید زوار شمسی۔ سید تاثیر شمسی۔ سید ریاض شمسی۔ سید سلامت علی شاہ۔ سید شہزاد شمسی شادی میں شرکاء کے لیے خصوصی کھانے کا اہتمام کیا گیا شادی میں شریک تمام شرکاء نے سید ثاقب شمسی کو دل کی انتہا گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا پٹوار سرکلز کا دورہ، پلس پروگرام کے تحت مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کے کام کا معائنہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ کا تحصیل ساہیوال کے مختلف پٹوار سرکلز کا دورہ، پلس پروگرام کے تحت مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کے کام کا معائنہ کیا اور انتقالات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا، تمام پٹواریوں کو زمینوں کے انتقالات کے کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ نے تحصیل ساہیوال کے مختلف پٹوار سرکلز کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے ڈیرہ رحیم، نائی والا، یوسف والا، سٹی ساہیوال کے پٹوار سرکلز کا دورہ کیا اور پلس پراجیکٹ کے فیز 5 اور 6 کے تحت مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پٹواریوں کو ہدایت کی کہ فیز 5 کے تحت زمینوں کے انتقالات کے کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے فیلڈ عملے کو ہدایت کی کہ عوام سے اپنے رویے کو بھی بہتر بھی کریں۔

نارنگ منڈی: ریلوے اسٹیشن کے اردگرد کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگ گئے

ریلوے انتظامیہ نے کوڑا پھینکنے والوں کو کھلی چھوٹ دے دی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ریلوے اسٹیشن کے اردگرد کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگ گئے دن بدن گندگی میں اضافہ ہونے لگا ریلوے انتظامیہ نے کوڑا پھینکنے والوں کو کھلی چھوٹ دے دی ایک طرف شہری اپنی جیب سے لاکھوں روپے لگا کر ریلوے اسٹیشن کو صاف ستھرا بنا رہے ہیں تو دوسری جانب ریلوے انتظامیہ کی مبینہ ملی بھگت سے کوڑا کرکٹ اور گلے سڑے پھلوں و سبزیوں کی باقیات پھینک کر گندگی پھیلائی جارہی ہے جس سے نا صرف بیماریاں پھیل رہی ہیں بلکہ شہر کا حسن بھی خراب ہو رہا ہے ریلوے لائنوں اور اردگرد میں پھینکی گئی سبزیاں اور پھل وغیرہ کھانے کیلئے اکثر اوقات گائے بھینس اور بکریاں ٹریک پر آجاتے ہیں جس سے ٹرین حادثات کا خدشہ رہتا ہے ماضی میں کئی جانور ٹرین تلے آ کر مر چکے ہیں اس کے باوجود انتظامیہ نے اپنی بند آنکھیں نہیں کھولیں ٹریک پر کوڑا پھینکنے والوں کی مبینہ پشت پناہی کی جارہی ہے کوڑا پھینکنے والوں کا علم ہونے کے باوجود ان کے خلاف کوئی اقدامات نہیں کیے جارہے ہیں شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

جی ٹی روڈ نزد مووی پوائنٹ کے
قریب گیس سلنڈر کی وجہ سے
کار میں آگ لگ گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) جی ٹی روڈ نزد مووی پوائنٹ کے قریب گیس سلنڈر کی وجہ سے کار میں آگ لگ گئی۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ دیپالپور کے رہائشی شوکت علی اپنے بیٹے کے ہمراہ مہران کار میں سوار ہو کر لاہور جارہے تھے کہ اچانک راستے میں جی ٹی روڈ نزد مووی پوائنٹ اوکاڑہ کے قریب کار میں گیس سلنڈر کی وجہ سے آگ لگ گئی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 ٹیم نے آگ پر قابو پالیا ہے۔

جھنگ میں نوجوانوں کی تربیت کے لیے سائیکوپ اور نیکٹا کی مشترکہ کاوشیں

جھنگ کی تمام تحصیلوں میں نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کے لیے تربیتی پروگرامز کا انعقاد کیا گیا

تربیتی پروگرام میں 200 سے زائد نوجوانوں نے حصہ لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ میں نوجوانوں کی تربیت کے لیے سائیکوپ اور نیکٹا کی مشترکہ کاوشیں، سائیکوپ اور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی (NACTA) کے اشتراک سے ضلع جھنگ کی تمام تحصیلوں میں نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کے لیے تربیتی پروگرامز کا انعقاد کیا گیا، جن میں 200 سے زائد نوجوانوں نے حصہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل اٹھارہ ہزاری، احمد پور سیال، شورکوٹ اور جھنگ میں منعقد کی گئی دو روزہ تربیتی ورکشاپ میں نوجوان لڑکیوں اور لڑکوں کو بنیادی زندگی کے ہنر سکھانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ان ہنر میں جذباتی ذہانت، تنقیدی سوچ، اور موثر گفتگو شامل تھے، جو نوجوانوں کو تنازعات اور چیلنجز کا تعمیری انداز میں سامنا کرنے کے لیے تیار کرتے ہیں۔ ورکشاپ کے دوران نوجوانوں کو ان کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا، تاکہ وہ سماجی ہم آہنگی اور معاشرتی بہبود میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد نوجوانوں میں قیادت کی صلاحیتوں کو فروغ دینا اور انہیں اپنے معاشرے میں امن، برداشت اور اتحاد کے فروغ کے لیے متحرک بنانا تھا۔ اس اقدام کو علاقے کے عوام اور نوجوانوں نے بے حد سراہا، کیونکہ یہ پروگرام نوجوان نسل کو اپنے معاشرتی کردار کو سمجھنے اور بہتر مستقبل کی تعمیر اور ملک کی ترقی کے لیے خود کو تیار کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

زیادہ گندم اگاؤ مہم کے تحت جہانہ سگلہ میں سیمینار کا انعقاد

سیمینار میں ممبر صوبائی اسمبلی نوید اسلم خان لودھی مہمان خصوصی تھے

زیادہ گندم اگاؤ
ملک خوشحال بناؤ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) محکمہ زراعت توسیع تحصیل ساہیوال کے زیر اہتمام زیادہ گندم اگاؤ مہم کے تحت جہانہ سگلہ میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ممبر صوبائی اسمبلی نوید اسلم خان لودھی مہمان خصوصی تھے۔ انہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گندم پاکستان کی بنیادی غذائی فصل ہے اور زراعت سے وابستہ لوگوں کی فلاح و بہبود کا دارومدار بھی گندم کی بھرپور کاشت اور پیداوار پر منحصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کے افسران و نمائندگان گاؤں گاؤں جا کر زمینداران کو گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی کی اہمیت اور پیداوار کے سنہری اصولوں کے بارے میں آگاہ کر رہے ہیں جس میں علاقہ کے ترقی پسند کاشتکاران معززین اور سیاسی رہنماؤں کی شرکت انتہائی خوش آئند ہے۔ انہوں نے کاشتکاران کو محکمہ زراعت توسیع کی ہدایات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے زیادہ سے زیادہ رقبے پر گندم کی کاشت اور بھرپور پیداوار لینے کی بھی ترغیب دی۔ ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر نے کہا کہ محکمہ زراعت اور کاشت کاران کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور محکمہ زراعت کے افسران اور کارکنان ہمہ وقت کاشتکاروں کی رہنمائی کے لیے فیلڈ میں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت بھی کاشتکاران کی بھرپور حوصلہ افزائی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے جس کا منہ بولتا ثبوت بلاسود قرضوں کی فراہمی، سبسڈی پر ٹریکٹر اور زرعی آلات کی فراہمی اور زیادہ رقبے پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاران کے لیے مفت لیزر لینڈ لیولر اور ٹریکٹر کی فراہمی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید نے زمینداران کو گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی پر عمل پیرا اور بھرپور پیداوار لینے کے رہنما اصول بارے رہنمائی دی۔

چنیوٹ: جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

تین رکنی بین الاضلاعی ڈکیت گینگ سرغنہ سمیت گرفتار، 22 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ایس ایچ او تھانہ رجوعہ انسپکٹر فراست اللہ، اے ایس آئی عنصر عباس کی ٹیم کے ہمراہ کاروائی تین رکنی بین الاضلاعی ڈکیت گینگ سرغنہ سمیت گرفتار، 22 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد گرفتار ڈکیت گینگ ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں زیر استعمال ناجائز اسلحہ دو عدد پسٹل بھی برآمد گرفتار ڈکیت گینگ ملزمان میں محمد عدیل، طارق عباس، ذوالفقار علی شامل، مزید تفتیش کا عمل جاری شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ضلع بھر میں عملی اقدامات کیے جارہے ہیں، ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا ہے کہ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے، آپ کے علاقہ میں جرائم کی صورت میں قریبی پولیس اسٹیشن یا 15 پر پولیس کو اطلاع دیں،

کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود کا شرقپور کا دورہ

سموگ کی روک تھام کے لیے 13 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی

شرقپور شریف (نامہ نگار) کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے شرقپور کا دورہ کیا اور تحصیل کمپلیکس شرقپور میں اسسٹنٹ کمشنر شرقپور و دیگر افسران کے ہمراہ ریونیو کے متعلق خصوصی میٹنگ بھی کی اور سموگ کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سموگ کی روک تھام کے لیے 13 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے سموگ کو کنٹرول کرنے کے لیے آگ لگانے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، اہلیان علاقہ کو چاہیئے کہ سموگ کی روک تھام کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ اس موقع پر کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے تحصیل کمپلیکس شرقپور شریف میں پودا بھی لگایا۔

تحصیل انتظامیہ اور ایل ڈی اے اتھارٹی کی نااہلی

بغیر نقشہ منظوری کمرشل بلڈنگز کی تعمیر، تجاوزات بھی قائم ہوگئیں، نوٹس لیا جائے، سماجی تنظیمیں

مریدکے (تحصیل رپورٹر) تحصیل انتظامیہ اور ایل ڈی اے اتھارٹی کی نااہلی کے باعث اربوں روپے کا سرکار کو چونا لگ گیا بغیر نقشہ منظوری کے جی ٹی روڈ سمیت شہر بھر میں کمرشل مارکیٹ پلازے بلڈنگز شادی ہالز مارکیاں اور دس ہزار سے زائد دوکانات کی غیر قانونی تعمیرات کر دی گئی امارات کی جی ٹی روڈ کی جانب پانچ فٹ پختہ لینٹر بڑھا کر تجاوزات قائم کر دی گئی، تجاوزات کو سروس روڈ پر قائم کر کے گزرگاہیں بند کر دی گئی شہریوں کا گزرنا محال بنا دیا رفاہی و سماجی تنظیموں نے ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیل کیمطابق جی ٹی روڈ پر واقع نور الٰہی سینٹر بلڈنگ مال آف مریدکے پلازہ سمیت سینکڑوں پلازے دوکانات بلڈنگ کی مبینہ طور پر بغیر نقشہ منظوری کے کمرشل تعمیرات کر کے حکومت پنجاب کو مریدکے انتظامیہ اور ایل ڈی اے اتھارٹی کی ملی بھگت سے اربوں روپے ریونیو کا چونا لگا دیا گیا ہے انتظامیہ کی مبینہ ملی بھگت سے غیر قانونی تعمیرات قائم کروا دی گئی یہاں تک بات ختم نہ ہوئی تو انہی بلڈنگ کے آگے غور غیر قانونی کھوکھے اور شیڈ بنوا دیے گئے ہیں نہ کوئی پوچھنے والا نہ روکنے والا ہے تجاوزات سے شہر کی خوبصورتی کو ماند کر دیا گیا ہے گزرگاہیں بند کر کے شہریوں کا گزرنا محال ہو چکا ہے شہریوں نے رفاہی وسماجی تنظیموں نے وزیر اعلیٰ پنجاب چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری بلدیات صوبائی محتسب اعلیٰ اور دیگر ارباب اختیار سے مریدکے انتظامیہ اور ایل ڈی اے اتھارٹی کی ناقص کارکردگی اور حکمت عملی پر فوری نوٹس لینے اور کاروائیاں کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے

چھانگا مانگا شہر میں نئے روڈ کی تعمیر کے ساتھ ہی ناجائز تجاوزات کی بھرمار

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد سے) چھانگا مانگا شہر میں نئے روڈ کی تعمیر کے ساتھ ہی ناجائز تجاوزات کی بھرمار روڈ کو دونوں طرف سے دوکان داروں اور رکشہ سٹینڈ نے روک رکھا ہے انتظامیہ خاموش تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا شہر میں حال ہی میں جمبر روڈ کی تعمیر مکمل ہوئی ہے روڈ کے ساتھ فٹ پاتھ بھی بنا ہے لیکن فٹ پاتھ تو دور کی بات دونوں اطراف میں روڈ پر بھی گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کے شدید مشکلات ہیں دوکان داروں نے اپنی اپنی دوکانیں روڈ کے بیچ تک پہنچا دی ہیں اور پل کے ساتھ اور اردگرد رکشہ سٹینڈ کی بھرمار ہے جو کہ کسی بڑے سانحہ کا باعث بن سکتے ہیں اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ ہم نے کئی بار انتظامیہ اے سی چونیاں سے درخواست کی ہے کے روڈ کے اطراف کو خالی کروایا جائے لیکن تاحال کوئی سنوائی نہیں ہوئی جگہ جگہ روڈ کے اوپر بجری سیمنٹ ریت اینٹ اور دیگر سامان نظر آتا ہے جو نا صرف کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے بلکہ گندگی بھی پھیلا رہا ہے جو کہ حکومت پنجاب کے صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے ویژن کے بھی خلاف ہے تمام اہل علاقہ کی حکومت پنجاب اور ڈی سی قصور سے پرزور اپیل ہے کہ روڈ کے دونوں اطراف خالی کروائے جائے اور اس کے ساتھ ساتھ فٹ پاتھ بھی خالی کروایا جائے تاکہ بزرگوں بچوں اور عورتوں کو چلنے میں جو دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کا ازالہ ہو سکے۔

کلرک گورنمنٹ ہائی سکول سید شہزاد
حسین کی اہلیہ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) سید شہزاد حسین کلرک گورنمنٹ ہائی سکول مندرانوالہ ڈسکہ کی اہلیہ محترمہ اور سید طیب شہزاد کی والدہ محترمہ امر ربی سے گزشتہ روز 25 نومبر 2024 کو وفات پاگئی تھی۔ جنکی نماز جنازہ مورخہ 26 نومبر بروز منگل بعد از نماز ظہر مقامی جنازہ گاہ میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ۔ میں قریبی عزیز و اقارب سینئر صحافی سید علی نقی جنرل سیکرٹری پریس کلب رجسٹرڈ، سید شہباز شاہ سید ابرار حسین، سید افتخار حسین، سید اعجاز حسین نقوی، سید محسن شاہ، سید ضمیر جعفر، سید آفتاب گیلانی، سید بلال گیلانی، سید سجاد گیلانی، سید توقیر نقوی، سید الطاف شاہ، سید طارق شاہ، خالد شاہ، سید حیدر شاہ، سمیت شہر کی سیاسی، سماجی، صحافتی تنظیموں سمیت اہلیان شہر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مرحومہ کی تدفین نواحی قبرستان نوبتاں والا عوامی روڈ ڈسکہ میں کی گئی۔ سید شہزاد حسین کی اہلیہ محترمہ کے ایصال ثواب کے لیے کل شریف کے ختم کی محفل مورخہ 27 نومبر بروز بدھ انکی رہائشگاہ پر منعقد ہوئی۔ جس میں قرآنی خوانی کی گئی۔ اور مرحومہ کے درجات میں بلندی کے لیے دعائے مغفرت فرمائی۔ کہ اللہ پاک مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر و جمیل دے۔

موٹروے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے
پرعزم ہے، امداد اللہ شاہد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) موٹروے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے پرعزم ہے اور اس کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کر رہی ہے، ان خیالات کا اظہار نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس ٹریننگ کالج کے ڈپٹی کمانڈنٹ ایس پی امداد اللہ شاہد نے اپنے دفتر میں میڈیا سے دوران میٹنگ ہونے والی گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ آئی جی پولیس موٹروے سلمان چوہدری کی خصوصی ہدایات پہ موٹروے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے پرعزم ہے اور آئے روز مختلف سیمینار اور پروگرام اسی ضمن میں ہو رہے ہیں تاکہ عوام الناس اور روڈ یوزرز کی بابت روڈ سیفٹی مکمل آگاہی دی جاسکے۔

کمرشل نقشہ جات کو ڈومیٹک پاس کر کے بھاری فیسیں ہڑپ، سزا شہریوں کو ملنے لگی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی حافظ آباد کی نقشہ برانچ کے اہلکاروں کی کروڑوں روپے کی کرپشن۔ سزا شہریوں کی دی جانے لگی۔ کرپشن میں ملوث اہلکار موج مستیوں میں مصروف۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی حافظ آباد کی نقشہ برانچ میں تعینات چلے آنے والے اہلکاران عرصہ دراز سے مقامی کاروباری طبقہ کی جانب سے کمرشل عمارات کے نقشہ پاس کروانے کی جو بھاری فیسیں وصول کرتے آئے ہیں۔ وہ ان عمارات کے نقشہ جات کو ڈومیٹک پاس کر کے بھاری فیسوں کو خود ہڑپ کرتے رہے ہیں یا متعلقہ عمارات کے مالکان کو جعلی رسیدیں دے کر انہیں دھوکا دیتے رہے ہیں۔۔ اور اب میونسپل کمیٹی کی نقشہ برانچ میں تعینات نئے اہلکاران نے بیس بیس سال پرانے پاس شدہ کمرشل عمارات کے نقشہ جات کو جعلی قرار دیکر یا کم فیس کی ادائیگی کئے جانے کے اعتراضات لگا کر ان عمارات کو نہ صرف سیل کرنے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے بلکہ ان عمارات کو دوبارہ نقشہ کی مد میں لاکھوں روپے ڈالے جارہے ہیں۔ جس سے شہر بھر کے کاروباری طبقہ اور تاجروں میں غم وغصہ کی لہر سرایت کرتی چلی جارہی ہے۔ متاثرہ افراد نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ چاہئے تو یہ تھا کہ نقشہ برانچ کے جن کرپٹ ملازمین نے انکی فیسوں کو ہڑپ کیا ہے۔ یہ فیسیں ان سے ریکوری کی جاتیں اور انکے خلاف مقدمات درج کروائے جاتے لیکن میونسپل کمیٹی کے افسران نے کرپٹ مافیا کو سزا دینے کی بجائے شریف شہریوں کو تختہ مشق بنا کر لاکھوں روپے کی ریکوری ڈالنی شروع کر دی ہے جس کے خلاف متاثرہ شہریوں اور کاروباری طبقہ نے اب عدالتوں سے رجوع کرنا شروع کر دیا ہے۔ متاثرہ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر اور کمشنر گوجرانوالہ سے مطالبہ کیا ہے کہ نقشہ برانچ کے جو ملازمین اس کرپشن اور بدعنوانی میں ملوث ہیں ان سے تمام ہڑپ کردہ رقوم برآمد کر کے انکے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں اور شریف شہریوں اور کاروباری طبقہ کو مزید پریشان نہ کیا جائے۔

تیسرا ماہانہ ہیلتھ کیمپ ڈیرہ رانا انتظار علی صدر ستھیال ویلفیئر ایسوسی ایشن پنجاب حافظ آباد میں منعقد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تیسرا ماہانہ ہیلتھ کیمپ ڈیرہ رانا انتظار علی صدر ستھیال ویلفیئر ایسوسی ایشن پنجاب حافظ آباد منعقد ہوا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے کلینک اون ویل کے تحت تیسرے ہیلتھ کیمپ کا انعقاد ہوا جس میں شوگر بلڈ پریشر و دیگر امراض کے مریضوں کا علاج کیا گیا سابقہ سی او ہیلتھ ڈاکٹر ریحان اظہر نے مریضوں کا پانچ گھنٹے تک معائنہ کیا۔ کیمپ میں ڈی او انڈسٹری رانا گلفام حیدر نے بلڈ پریشر اور شوگر کے مریضوں کو بیماری بڑھنے پر اس مرض کے برے اثرات پر روشنی ڈالی کیمپ میں 230 مریضوں کا مفت معائنہ اور مفت ادویات دی گئیں مریضوں میں زیادہ تر مریض بلڈ پریشر اور شوگر کے تھے لیڈی ڈاکٹر نے خواتین کا مفت معائنہ اور الٹرا ساؤنڈ کیا ستھیال ویلفیئر ایسوسی ایشن پنجاب کے عہدے داران رانا محمد اکبر خان ڈاکٹر زاھد نذیر نے کیمپ میں سہولیات کا جائزہ لیا اور ڈسٹرکٹ ہسپتال کے ڈاکٹروں کے اس پروگرام کو سراہا عوام کی کثیر تعداد نے اس پروگرام کی افادیت کو سراہا اور سابق وزیر صحت سائرہ افضل تارڑ مسلم لیگ حافظ آباد کے رہنما شیخ گلزار احمد کا شکریہ ادا کیا کہ عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر اس طرح ڈاکٹروں کی ٹیم میسر آئی۔ صدر ستھیال ویلفیئر ایسوسی ایشن پنجاب حافظ آباد رانا انتظار علی نے اس پروگرام کی میزبانی کی اور آئے ہوئے مریضوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے پر حکام بالا کا شکریہ ادا کیا۔

عوام کو تحفظ فراہم کرنا وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے، آغا سید حسین مقدسی

ظالم سے نفرت و بیزاری اور مظلوم سے دوستی ہمارا شعار ہے، سربراہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان

شکرگڑھ (عمران عارف سے) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان کے سربراہ آغا سید حسین مقدسی نے کہا ہے کہ دختر رسولؐ مقبول حضرت سیدہ فاطمہ زہراؑ عظمت نسواں کا نشان اور اعلیٰ دینی اقدار کی عظیم پاسبان ہیں، بنت رسول خدا کی سیرت طاہرہ پر عمل پیرا ہو کر معاشرے سے ظلم و بربریت اور دہشت گردی کا خاتمہ کر کے حقوق کی یکساں ادائیگی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے، کرم ایجنسی میں جاری خلفشار پر قابو پانے کیلئے وفاق اور صوبے کی حکومتیں باہم مل کر اقدامات کریں، وہاں کے عوام کو آئین کے تقاضوں کے تحت جان و مال کا تحفظ فراہم کرنا وفاقی اور صوبائی حکمرانوں کی ذمہ داری ہے، دہشت گردی ایک بھیانک مسئلہ اس سے صرف نظر قومی جرم سے کم نہیں ہے، دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے حکمرانوں اور سیاسدانوں، اداروں اور ہر پاکستانی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، دہشت گرد عناصر اور دہشت گردوں کے ناپاک ارادوں، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پوری قوم متحد ہو جائے، امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ کے فرمان کی رو سے ظالم سے نفرت و بیزاری اور مظلوم سے دوستی ہمارا شعار ہے قتل و غارت اور دہشت گردی سے ہمیں ڈرایا دھمکایا نہیں جاسکتا، موت نہ صرف حق ہے بلکہ ہمارے نزدیک شہد سے بھی زیادہ میٹھی ہے، عالم اسلام، مظلوم اقوام اور پاکستان کے دشمنان یہ ذہن نشین رکھیں کہ ہمارے ٹکڑے ٹکڑے کیے جاسکتے ہیں لیکن وطن عزیز کو ٹکڑے نہیں ہونے دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو تحفظ عزاداری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین باوا سید فرزند علی شاہ کاظمی اور سیکرٹری علامہ سید باقر علی نقوی کی سرگردگی میں کمیٹی کے عہدیداران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر باوا سید فرزند علی شاہ کاظمی نے تحفظ عزاداری کنونشن کی تفصیلی رپورٹ پیش کی جس پر تفصیلی بحث کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا علامہ مقدسی نے باور کرایا کہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کا مطمع نظر اہداف الٰہی کا تحفظ اور ان کے فروغ کا ابلاغ کرنا ہے اگر اس منشور پر عزم مصمم کے ساتھ کاربند رہا جائے تو پوری انسانیت کو ہر قسم کے مصائب و آلام سے نجات دلائی جا سکتی ہے، عالم اسلام کی عزت و حرمت میں اضافہ کیا جاسکتا ہے، پاکستان کو ترقی، عروج و کمال کے راستے پر گامزن کیا جاسکتا ہے، پرچم اسلام کو سربلند رکھا جاسکتا ہے اور بارگاہ خداوندی، رسولؐ اور آئمہ ہدیٰ کے سامنے ہم سرخرو ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری انسانیت حضور ختمی مرتبتؐ، آپؐ کے اہلبیت اطہارؑ اور پاکیزہ صحابہ کبارؓ کی ممنون احسان ہے ان کا تذکرہ کرنا ذات الٰہی کا شکر بجالانا ہے۔ جن میں سے ایک عظیم ہستی بنت رسولؐ حضرت بتول سلام اللہ علیہا ہیں جن کی شہادت کے موقع پر ایام عزائے فاطمیہؑ کے طور پر منا کر خاتون جنتؑ کو خراج عقیدت پیش کیا جائے اور عہد و پیمان کیا جائے کہ انسانیت کی بھلائی، امن و سلامتی کے فروغ، محروم و مظلوم اقوام کے حقوق کی بازیابی اور عالم اسلام کی سربلندی کیلئے عملی جدوجہد جاری رکھی جائیگی۔

نئے کیمبرج سکول کیمپس کی تعمیر کے لئے کنٹریکٹ ایوارڈ کرنے کی منظوری

23 کروڑ روپے کے تخمینہ کے لئے 5 کمپنیوں نے ٹینڈر جمع کروائے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے نئے کیمبرج سکول کیمپس کی تعمیر کے لئے کنٹریکٹ ایوارڈ کرنے کی منظوری دے دی۔ بورڈ اجلاس کمشنر ساہیوال/ چیئرمین ساہیوال ایجوکیشنل ٹرسٹ شعیب اقبال سید کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر صفدر حسین، اے ڈی سی ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ، پرنسپل بریگیڈیئر (ر) سید انوار الحسن کرمانی، وائس پرنسپل اکبر علی، بورڈ ممبران پروفیسر قمر الزمان خان، حبیب جیلانی وینس اور سید افتخار علی شاہ اور بیرسٹر کاشف ستار نے بھی شرکت کی۔ حبیب جیلانی وینس نے منصوبے بارے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ 23 کروڑ روپے کے تخمینہ کے لئے 5 کمپنیوں نے ٹینڈر جمع کروائے جس میں سے 54.15 فی صد کم بولی دینے پر میسرز چوہدری بلڈرز کو یہ کام 19 کروڑ 47 لاکھ 69 ہزار روپے پر ایوارڈ کرنے کی تجویز ہے۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے نئے کیمپس کا کنٹریکٹ ایوارڈ کرنے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ کیمپس کی تعمیر مقررہ ایک سال کے اندر ہر صورت مکمل کی جائے۔ انہوں نے کام کی کوالٹی کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مستقبل میں تمام نئے ٹیچرز کی بھرتی 3 سالہ کنٹریکٹ پر ہوگی جسے اچھی کارکردگی پر مزید بڑھایا جاسکے گا۔

اقوام کی کی تقدیر تعلیمی ترقی سے عبارت ہے، طارق جاوید ملک

مسلم ھینڈز خدمت کے سنہرے مشن پر کار بند ہے، سینئر آفیسر مسلم ہینڈز

وزیر آباد (نامہ نگار) اقوام کی کی تقدیر تعلیمی ترقی سے عبارت ہے جدید تعلیم کا فروغ ملک کے روشن مستقبل کا ضامن ہے۔ مسلم ھینڈز خدمت کے سنہرے مشن پر کار بند ہے۔ ان خیالات کا اظہار مسلم ھینڈز کے پبلک ریلیشن پرسن طارق جاوید ملک نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول محلہ میانی میں مسلم ہینڈز پاکستان کے گرلز فرینڈلی پراجیکٹ کے تحت واش رومز کی تعمیر کی تکمیل پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کی صدارت پرنسپل حافظہ سائرہ نے کی۔ سکول کی ہونہار طالبہ زرتاج ملک نے فیتہ کاٹ کر واش رومز کے فنکشنل ہونے کا افتتاح کیا۔ مسلم ھیڈز کے سینئر آفیسر طارق اقبال نے اپنے خطاب میں کہا کہ مادی وسائل کی کمی کے باعث سرکاری تعلیمی ادارے بے گناہ مسائل کا شکار ہیں اور مسلم ھیڈز فروغ تعلیم مشن کے ساتھ ملک میں تعلیمی انقلاب برپا کرنے کی خواہاں ھے۔ صدر تقریب حافظہ سائرہ نے کہا کہ سکول میں طالبات کے لئے واش رومز کی کمیابی سے طالبات بے گناہ پریشانی میں مبتلا تھیں اور خدمت کی سوچ کی حامل ہونہار طالبہ زرتاج ملک کی خصوصی کاش سے مسلم ہینڈز کی ٹیم نے جدید طرز کے واش رومز تعمیر کر کے طالبات کو بہتر سہولت فراہم کر دی ھے۔

چنیوٹ: ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ چنیوٹ کا اجلاس

شہزاد سلیم، سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہزاد خلیل، تینوں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز اور ممبران ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ نے شرکت



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ چنیوٹ کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں سیکرٹری کنٹرول بورڈ شہزاد سلیم، سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہزاد خلیل، تینوں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز اور ممبران ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ نے شرکت کی، اجلاس میں ضلع بھر کے 13 کیسز پر بحث کی گئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر طلحہ سعید نے 2 کیس کو ڈرگ کورٹ بھجوانے، 8 کو وارننگ جبکہ 3 کیس کی دوبارہ رپورٹ منگوانے کا حکم دیا گیا، اجلاس میں میڈیکل سٹور مالکان کو سختی کیساتھ ہدایت کی گئی کہ وہ لائسنس کی شرائط کے مطابق کام کریں ورنہ انکے لائسنس منسوخ کر دیے جائیں گے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر طلحہ سعید کا کہنا تھا کہ صحت کے معاملہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، غیر معیاری، جعلی ادویات بیچنے اور انسانی جانوں سے کھیلنے والے اتائی کسی رعایت کے مستحق نہیں انکے خلاف کاروائیوں کو مزید تیز کریں اور سخت کاروائی عمل میں لائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر طلحہ سعید نے ڈرگ انسپکٹرز کو مزید محنت کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں جعلی اور غیر معیاری ادویات بیچنے والوں پر کڑی نظر رکھیں اور انکے خلاف سخت کاروائی کریں۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آپریشن، گرفتاریاں، مظاہرین منتشر، پی ٹی آئی کا احتجاج ختم

بلیو ایریا میں تحریک انصاف کے رہنماؤں بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور کی قیادت میں آنے والے جلوس کے شرکاء کو اسلام آباد پولیس، پنجاب پولیس، رینجرز اور ایف سی نے گرینڈ آپریشن کر کے منتشر کر دیا۔ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور اور سینئر رہنماؤں کیلئے تیار کیا گیا کنٹینر بھی جل گیا۔ بڑی تعداد میں کارکن بھی حراست میں لے لئے گئے۔ بلیو ایریا کو مظاہرین سے خالی کروا لیا گیا۔ آپریشن کے دوران پولیس نے آنسو گیس، ہوائی فائرنگ کی جس سے مظاہرے کے شرکاء بلیو ایریا سے مختلف سمتوں کی جانب دوڑتے رہے۔ پولیس ان کارکنوں کو گرفتار کرنے کیلئے ان کا پیچھا کرتی رہی۔ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور گاڑی میں بلیو ایریا سے اس دوران روانہ ہو گئے۔ پولیس نے ان کی گاڑی کا بھی تعاقب کیا۔ پولیس، رینجرز اور ایف سی کی ٹیموں نے ایف سیون، ایف ایٹ، جی سیون کی گلیوں، فیصل ایونیو، سرینگر ہائی وے، اسلام آباد ہائی وے پر جانے والے کارکنوں کا پیچھا کیا۔ بتایا گیا ہے کہ 500 سے زیادہ کارکن حراست میں لے لئے گئے۔ آپریشن سے قبل صبح سے رات تک پولیس اور پی ٹی آئی کے کارکنوں کے درمیان آنسو گیس کے شیل چلتے رہے جس سے سانس لینا بھی دشوار تھا۔ قبل ازیں تحریک انصاف کے احتجاج کے دوران انتشار سے نمٹنے کیلئے وفاقی دارالحکومت میں فوج طلب کر لی گئی تھی۔ جس سے واضح کیا گیا تھا کہ قانون توڑنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ پاک فوج کو کرفیو کے نفاذ اور شرپسندوں کو دیکھتے ہی گولی مارنے کے اختیارات بھی دیئے گئے تھے جن کے استعمال کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ پولیس، رینجرز اور ایف سی نے ڈی چوک کو پی ٹی آئی کے مظاہرین سے خالی کرا لیا جس کے بعد ڈی چوک مکمل طور پر رینجرز کے کنٹرول میں ہے۔ دریں اثنا تحریک انصاف نے احتجاج منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں پرامن مظاہرین کیخلاف بربریت کا مظاہرہ کیا گیا، انہوں نے دعویٰ کیا کہ پی ٹی آئی کے آٹھ کارکن شہید ہوئے ہیں جن کے کوائف آ چکے ہیں، کارکنوں کو سیدھی گولیاں ماری گئیں، کارکنان کے قتل اور آپریشن کی مذمت کرتے ہیں۔

تحریک انصاف کی احتجاج کی کال کے بعد عوام کی زندگیاں اجیرن بن کے رہ گئی تھیں۔ اسلام آباد کو سیل کر دیا گیا تھا موٹر ویز شاہراہیں بس ویگن اڈے بھی بند کرنے کے احکامات تھے۔ عدالتیں کھلی تھیں مگر وکلا خصوصی طور پر سائلین اور بیشتر دور دراز علاقوں سے کیسے عدالتوں میں آ سکتے تھے۔ حکومت کی طرف سے جو کارروائی گزشتہ روز کی گئی وہ پہلے دن کر لی جاتی تو تین چار روز صورتحال دگرگوں نہ رہتی۔ بہت سے لوگ اپنی ڈیوٹی پر نہ پہنچ سکے۔ کتنے مریض ہسپتال جانے سے قاصر رہے۔ کئی شادیاں التوا کا شکار ہو گئیں۔ معیشت جو پہلے ہی زبوں حالی کا شکار ہے اس کو مزید زک پہنچی۔ یہ صرف پی ٹی آئی کے احتجاج ہی پر موقوف نہیں ہے۔ ایسے احتجاج مظاہرے دھرنے جب بھی ہوتے ہیں ایسا ہی ہوتا ہے۔ جن میں دونوں طرف کے لوگ مارے جاتے اور زخمی ہوتے رہے ہیں۔ حتمی طور پر حکومتیں سیاسی کارکنوں اور لیڈروں کو رہا کر دیتی ہیں جو لوگ مارے جاتے ہیں ان کا خون رزق خاک ہو جاتا ہے۔ پرامن احتجاج کا ہر کسی کو حق ہے۔ پرامن کہنے سے احتجاج یا مظاہرے پرامن نہیں ہو جاتے۔ اس احتجاج کو بھی پرامن کہا گیا جس میں پولیس اور رینجرز کے چھ اہلکار شہید ہوئے۔ تحریک انصاف کے دعوے کے مطابق اس کے آٹھ ورکر جاں بحق ہوئے۔ دونوں طرف سے سو سے زیادہ کے زخمی ہونے کی بھی بات کی جا رہی ہے۔ ایسے میں کہاں پرامن احتجاج رہ جاتا ہے۔ اگر احتجاج کے نام پر خونریزی ہونی ہے تو کیا ایسے احتجاجوں پر قانون سازی کے ذریعے پابندی نہیں لگنی چاہیے؟

رینجر کے چار اہلکار شہید ہوئے ان کی نماز جنازہ میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف نے شرکت کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی طرف سے کہا گیا کہ انتشاری ٹولہ انقلاب نہیں خون ریزی چاہتا ہے یہ پرامن احتجاج نہیں شدت پسندی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی طرف سے ڈی چوک خالی ہونے کے بعد وہاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے یقین ظاہر کیا گیا کہ آج حالات مکمل طور پر معمول پر آ جائیں گے۔ پی ٹی آئی والوں نے اور کتنی بار یہ کرنا ہے اب بس کریں۔

پارلیمان موجود ہے تحریک انصاف اس کا حصہ ہے۔ خیبر پختونخوا میں اس کی حکومت ہے۔ پارلیمنٹ میں اپنی بات رکھی جائے۔ تحریک انصاف کی جوشیلی قیادت اپنے لیڈر کی رہائی چاہتی ہے۔ ان کی رہائی تک 24 نومبر کو شروع ہونے والے احتجاج کو جاری رکھنے کے اعلانات ہوتے رہے۔ ایسا ممکن نہیں ہے کہ آپ مظاہروں کے ذریعے کسی کو جیل سے نکال کر لے جائیں۔ عمران خان نے جیل سے بیٹھ کر احتجاج کی کال دی تھی۔ ان کے تین مطالبات تھے: 26ویں آئینی ترمیم ختم کی جائے۔ تحریک انصاف کے مقید کارکنوں کو رہا کیا جائے۔ پی ٹی آئی کا مینڈیٹ واپس کیا جائے۔ ان کے بقول آٹھ فروری 2024ء کے الیکشن میں تحریک انصاف نے دو تہائی اکثریت حاصل کی تھی جسے اقلیت میں بدل دیا گیا۔ ایک طرف عمران خان مطالبات سامنے رکھ کر احتجاج کی کال دے رہے ہیں دوسری طرف وہ ان مطالبات پر مذاکرات بھی کرنا چاہتے ہیں۔ ان کی شرط ہے کہ وہ مذاکرات حکومت کے ساتھ نہیں بلکہ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ کریں گے۔ ایک طرف ان کا مطالبہ ہے کہ پاک فوج سیاسی معاملات سے الگ رہے دوسری طرف خود اسے سیاست میں بھی گھسیٹ رہے ہیں۔ اب تحریک انصاف نے احتجاج کے خاتمے کا اعلان بعد از خرابیٔ بسیار کیا ہے۔ جب پلوں کے نیچے سے بہت سا پانی بہہ چکا ہے۔ بہرحال دیر آید درست آید۔ سیاست کو آگ کا الاؤ نہ بننے دیں۔

سیاسی اختلاف رائے کے اظہار اور مطالبات منوانے کے لیے پی ٹی آئی نے جو راستہ اختیار کیا وہ پورے سسٹم کی بساط لپیٹنے کا موقع فراہم کرنے والا راستہ ہے۔ دو طرفہ ڈائیلاگ ہی مسائل کا حل ہے۔ ریاست سے ٹکرانے کا انجام متعلقہ پارٹی کے لیے ہی نہیں ملک کے لیے بھی مضرت رساں ہوتا ہے۔ پی ٹی آئی کو اب بھی سڑکوں پر آنے کی بجائے پارلیمنٹ میں بیٹھ کر اپنے مطالبات پیش کرنے چاہئیں۔

فائنل کال کا فائنل سنسکار

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

آخر کار مرشد کی پرامن فائنل کال کا پرامن فائنل سنسکار ہو گیا اور نشانی کے طور پر وہ جلا ہوا کنٹینر چھوڑ گیا۔ جناح ایونیو میں اس کنٹینر کو لوگوں نے "لاشہ انقلاب" کا نام دیا ہے۔ پرامن فائنل کال کا آغاز جینا ہوگا مرنا ہوگا دھرنا ہوگا دھرنا ہوگا کے نعروں سے ہوا اور آخر میں یہ نعرے ڈرنا ہوگا، ڈرنا ہوگا میں بدل گئے۔

ڈرنا ہوگا، بھاگنا ہوگا کی صدائے رستا خیز بلند ہوتے ہی بس بھاگے۔ کوئی صوابی کی طرف بھاگا، کوئی مٹی کی طرف، کسی نے پشاور کا، کسی نے باڑے کا تو کسی نے ڈی آئی خان کا رخ کیا۔ کوئی کوہاٹ کو بھاگا کوئی مردان، کوئی کرک تو کوئی لکی مروت، کوئی چارسدے کو گیا۔ کوئی وزیرستان جا کر رکا۔ اور کچھ تو ایسے تھے کہ بھاگتے بھاگتے پاک افغان سرحد ہی عبور کر گئے اور سیدھا ملا مصیبت اللہ کے گوشہ عافیت میں پناہ لی۔ یہ لوگ پاک افغان سرحد نہیں کہتے، ڈیورنڈ لائن کا نام دیتے ہیں۔

پرامن فائنل کال سے بہت سی چیزیں آشکار ہوئیں، کچھ تو پھر سے آشکار ہوئیں۔ مثلاً اسی بات کو لے لیجئے کہ لوگ کبھی ایک بات پر متفق نہیں ہوتے، ہمیشہ بٹے رہتے ہیں حتیٰ کہ چشم دید گواہوں کے بیان بھی آپس میں نہیں ملتے۔ ایک مثال اس سوال میں تھی کہ پہلے کون بھاگا۔ آدھے گواہ بتا رہے تھے کہ پہلے گنڈاپور بھاگے، باقی آدھے کہتے تھے کہ نہیں، پہلے مرشدانی جی بھاگیں، گنڈاپور ان کے پیچھے، ان کے بعد بھاگے۔ بہرحال، اس بات پر دونوں فریقوں کا اتفاق تھا کہ بعد میں دونوں اکٹھے بھاگے، ایک ہی گاڑی میں بھاگے اور ایسا دم لئے بغیر بھاگے کہ مانسہرہ جا کر ہی رکے۔

اطلاع ہے کہ گنڈاپور کے جانے کے بعد ان کے کنٹینر کو آگ لگ گئی اور اس آگ سے جہاں دیگر چیزیں جل کر خاک ہوئیں، وہیں گنڈاپور کی اسلامی شہد والی بلیک لیبل بوتلوں کے کریٹ بھی جل کر راکھ ہو گئے۔ جلے ہوئے "گلوکوز" کی خمیری مہک اِدھر اُدھر پھیل گئی، انقلاب رخصت ہوا، اپنی نشانی جلے ہوئے کنٹینر کی صورت میں چھوڑ گیا:

یہ نشانی رہ گئی ہے اب بجائے "انقلاب"۔

کنٹینر کو آگ کیسے لگ گئی، اس بارے میں بھی اختلاف ہے۔ کچھ کا کہنا ہے کہ آگ خود بھاگنے والوں نے لگائی کیونکہ اس میں انقلاب کے بارے میں کچھ گراں قدر معلومات تھیں جو فسطائی حکومت کے ہاتھ لگ سکتی تھیں اور حقیقی آزادی کی جدوجہد کو نقصان ہو سکتا تھا۔ بعض لوگ اس سے انکاری ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کنٹینر کو آگ ملکہ روحونیات کے موکلوں اور پیروں نے لگائی۔ موکل ہوں یا پیر، دونوں آتشی مخلوق ہیں، ہو سکتا ہے باہم لڑ پڑے ہوں اور اس باہمی "رگڑاہٹ" سے پھوٹنے والی چنگاریوں سے آگ بھڑک اٹھی ہو۔ خیال تھا کہ ملکہ روحونیات مانسہرے میں پریس کانفرنس کے دوران اس روحونیاتی وقوعے پر کچھ کہیں گی لیکن کچھ نہیں کہا۔

پرامن فائنل کال کے پرامن مظاہرین نے ربڑ کی گولیاں چلا کر 130 پولیس اہلکار زخمی کئے۔ دو کی جان لی، اسلام آباد کے علاقے میں پرامن لوٹ مار کی، دکانوں اور میٹرو اسٹیشنوں سے بہت سا مال اسباب لے اڑے۔ تین ٹی وی چینلز کی عمارتوں پر پرامن دھاوا بولا سامان توڑ پھوڑ ڈالا، کچھ صحافیوں کے سر پرامن طریقے سے پھوڑے اور پھر پرامن انداز میں کیمرے وغیرہ چوری کر کے پرامن طریقے سے راہ فرار اختیار فرمائی۔ پرامن طریقے سے رینجرز پر گاڑی چڑھائی جس سے چار سپاہی شہید ہوئے۔ اور ہاں پنجاب داخل ہونے سے پہلے موٹروے کے دائیں بائیں آگ لگا کر سب جنگل جھاڑی صاف کر ڈالی۔

جنگل جھاڑی فسطائیت کے نشانات ہیں۔ ان سے حقیقی آزادی والوں کو جنم جنم کا بیر ہے۔ مختلف رپورٹیں بتاتی ہیں کہ کے پی میں اپنے اقتدار کے 12، 14 برسوں میں حقیقی آزادی والے اب تک 40 فیصد جنگلات کا صفایا کر چکے ہیں جس سے فسطائیت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔

بے بصیرت تجزیہ کار لکھ اور بول رہے ہیں کہ فائنل کال ناکام ہو گئی۔ حالانکہ اس کے مقاصد پوری طرح حاصل کر لئے گئے ہیں۔

مقاصد میں سرفہرست یعنی "پرائم" مقصد کیا تھا۔ قائد حقیقی آزادی، یعنی مرشد پریشان تھے کہ ان کے خلاف کل دو مقدمے باقی رہ گئے تھے، ان میں بھی ضمانت ہو گئی تو کیا ہوگا۔ ان کا ارادہ، انہی کے الفاظ میں، مزید سو سال جیل میں رہنے کا تھا لیکن متوقع ضمانتوں سے یہ عظیم آدرش خطرے میں تھا۔ چنانچہ انہوں نے فائنل کال کی وساطت سے خود پر قتل، اقدام قتل، سازش اور دہشت گردی کے مزید چار مقدمات کا اندراج یقینی بنایا۔ یوں ان کے سو سال جیل میں رہنے کے امکانات کو تقویت مل گئی۔

یعنی بنیادی مقصد کامیابی سے حاصل کر لیا گیا۔ ہاں، اعتراض اگر ہو سکتا ہے کہ اتنے سے کام کیلئے 25، 30 ہزار لوگوں کو، کے پی صوبے کے ہر شہر سے اتنی دور بلانے کی کیا ضرورت تھی۔ یہ کام وہ اپنی خفیہ مذاکراتی ٹیم کی وساطت سے، حاکمان وقت کو درخواست کر کے بھی کر سکتے تھے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی فراخ دل آدمی ہیں، ان کی درخواست کبھی نہ ٹالتے، چار پانچ نہ سہی، ایک دو مقدمے تو بنا ہی ڈالتے۔

مرشد کا حکم تھا کہ کے پی سے برآمد ہونے والے جلوس انقلاب میں شرکا کی تعداد ایک لاکھ ہونی چاہیے۔ قریب قریب یہ ہدف حاصل کر لیا گیا، محض 75 ہزار کی کمی رہ گئی۔ 25 ہزار کا جلوس اسلام آباد پہنچنے کے چند گھنٹوں بعد پہلے 20 ہزار رہا، یعنی 5 ہزار واپس چلے گئے لیکن اگلی شام اچانک ان کی تعداد کم ہو کر 5 ہزار رہ گئی۔ یعنی 15 ہزار رجعت قہقری کر گئے۔ تھوڑی دیر بعد یہ محض دو ہزار رہ گئے۔ جب دو ہزار رہ گئے، تب پولیس / رینجرز نے ایکشن کیا اور پھر آناً فاناً میدان مطلع کی طرح صاف تھا، اور آگ بجھی ہوئی ادھر، ٹوٹی ہوئی طناب ادھر کا منظر تھا۔ جب 10 ہزار تھے، تب ایکشن ہوتا تو بھگدڑ مچتی، کئی لوگ جان سے جاتے۔ رینجرز اور پولیس حکام کنجوس نکلے۔ مرشد کی فرمائش تھی کہ مجھے کچھ لاشیں چاہئیں، کنجوس حکام نے یہ فرمائش پوری کرنے کی گنجائش ہی نہ چھوڑی۔

انقلاب کا جلوس کے پی سے پنجاب داخل ہوا تو اس میں 35 ارکان قومی اسمبلی اور اس سے دگنے ارکان صوبائی اسمبلی تھے یعنی سو سے زیادہ ارکان اسمبلی ہم رکاب انقلاب تھے۔ لیکن اسلام آباد پہنچتے پہنچتے ان میں سے ایک بھی باقی نہ رہا، سب غائب غلہ ہو گئے۔

یہ بھی انقلاب کی ایک ادا سمجھئے۔ بہرحال انقلاب کا جلوس تو نکل ہی گیا۔ براہ کرم جلوس کو جلوس ہی پڑھیئے، فالودہ مت پڑھیئے۔ ویسے فالودے کا ایک متبادل "پلپیتھن" بھی ہے۔

بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور کی مشکلات


برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

یہ بات تحریک انصاف کے پرستاروں کو سمجھانا بہت مشکل ہے کہ اسلام آباد میں داخلے کے بعد ڈی چوک کے بہت قریب پہنچ جانے کے باوجود بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور منگل کی رات "محاذ جنگ" چھوڑ کر پیر سوہاوہ کی پہاڑی سے ہری پور کی جانب "فرار" ہو گئے تو وجہ اس کی حکومت کا خوف نہیں تھا۔ پولیس اور رینجرز کے ہاتھوں گرفتاری یا خدانخواستہ کسی پرتشدد حملے کے بجائے ان دونوں کو خوف اپنے ساتھ لائے قافلے سے تھا۔ آئے تو وہ ان دونوں کی قیادت میں تھے۔ اسلام آباد داخل ہو جانے کے بعد مگر تحریک انصاف کے "انقلابی" کارکنوں نے معاملات اپنے ہاتھ میں لے لئے۔ وہ مصر رہے کہ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور اپنی محفوظ گاڑیوں سے باہر نکلیں اور ہجوم کی قیادت سنبھال کر پیدل چلتے ہوئے ڈی چوک میں قافلے سمیت داخل ہو جائیں۔

بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور اگر اپنے ساتھ لائے ہجوم کی خواہش کے مطابق اپنی گاڑیوں سے نکل کر ڈی چوک داخل ہونے کی کوشش کرتے تو شاید وہاں تعینات پولیس اور رینجرز انہیں شدت سے روکنے کی کوشش نہ کرتے۔ بشریٰ بی بی بہرحال سابق وزیر اعظم اور ان دنوں پاکستان کی مقبول ترین سیاسی شخصیت کی اہلیہ ہیں۔ علی امین گنڈاپور پاکستان کے حساس ترین صوبہ خیبرپختونخواہ کے منتخب وزیر اعلیٰ ہیں۔ خدانخواستہ انہیں روکنے کی کوشش میں کوئی انہونی ہو جاتی تو ملک بھر میں ویسے ہی ہنگامے پھوٹ پڑتے جو دسمبر 2007ء میں محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد رونما ہوئے تھے۔ علی امین گنڈاپور کی وفاقی پولیس کے ہاتھوں "پٹائی" کے مناظر خیبرپختونخواہ میں یہ سیاسی بیانیہ تشکیل دینے میں آسانی فراہم کرتے کہ "پنجابی قیادت" نے پشتونوں کی منتخب قیادت کا "احترام" نہیں کیا۔ علی امین کے ساتھ میرے منہ میں خاک کسی انہونی سے خیبرپختونخواہ کو ایک "شہید" مل جاتا۔ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور نے نہایت دانش مندی سے "میدان جنگ" سے کھسک جانے کا فیصلہ کیا۔ عاشقان عمران اس کی بابت ندامت وشرمندگی محسوس کریں گے۔ سیاسی قیادت کی تاہم چند ذمہ داریاں ہوتی ہیں جن سے اجتناب بحرانوں کے فیصلہ کن مراحل میں ممکن نہیں۔

بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور کی پسپائی کو دانش مندانہ عمل ٹھہرانے کے باوجود میں یاد دلانے سے باز نہیں رہ سکتا کہ 24 نومبر کے حوالے سے تحریک انصاف کی قیادت ہی نے ہیجان بھڑکایا تھا۔ بغیر کسی تیاری کے عمران خان نے اڈیالہ جیل سے یہ حکم جاری کر دیا کہ اس تاریخ کو ملک بھر سے ان کے چاہنے والے اسلام آباد پہنچ جائیں اور ان کی رہائی تک اس شہر میں دھرنا دیئے بیٹھے رہیں۔

اپنے چاہنے والوں کو "ڈو اور ڈائی" کے الفاظ کے ساتھ آخری معرکہ کو اکساتے بانی تحریک انصاف کو یاد ہی نہ رہا کہ صرف ایک ماہ قبل بھی خیبرپختونخواہ کے وزیر اعلیٰ ایک بڑا لشکر لے کر اسلام آباد کے لئے روانہ ہوئے تھے۔ پنجاب پولیس نے اس لشکر کو اٹک پار کرنے کے بعد ایک مقام تک محدود کر دیا۔ اپنے ساتھ لائے ہجوم کو تنہا چھوڑ دے کر علی امین گنڈاپور مگر اسلام آباد پہنچ گئے۔ وہاں کے خیبرپختونخواہ ہاؤس میں دو سے کم گھنٹے گزارنے کے بعد "غائب" ہو گئے اور کئی گھنٹوں کی پراسرار گمشدگی کے بعد پشاور نمودار ہوئے تو اپنے لاپتہ ہونے کے بارے میں ایک ناقابل اعتبار داستان گھڑی۔ اسلام آباد پر ایک اور یلغار کے لئے انہیں مناسب وقفہ درکار تھا۔

خان صاحب سیمابی طبیعت کے مالک ہونے کی وجہ سے مسلسل حالت انقلاب میں رہتے ہیں۔ 24 نومبر کی "فائنل کال" دینے کے ساتھ ہی انہوں نے بشریٰ بی بی کو پشاور بھیج دیا۔ وہاں پہنچ کر ابھی تک "گھریلو" خاتون "سیاسی" ہو گئیں۔ ملک بھر میں پھیلے تحریک انصاف کے مقامی رہنماؤں خاص طور پر اس جماعت کی حمایت سے قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں پہنچے لوگوں کو واضح الفاظ میں حکم دیا کہ وہ اپنے شہروں سے بڑے ہجوم کے ساتھ پشاور کے لئے روانہ ہوں اور اسلام آباد تک سفر کی لحظہ بہ لحظہ تیاری کی ویڈیوز "قیادت" کو پہنچائیں۔ سیدھے لفظوں میں تحریک انصاف کی مقامی قیادتوں کو بتا دیا گیا کہ اگر وہ اپنے ہمراہ کارکنوں کی خاطر خواہ تعداد لانے میں کامیاب نہ ہوئے تو پارٹی انہیں "ڈس اون" کر دے گی۔

مذکورہ پیغام کے بعد وفاقی حکومت کا یہ سوچنا بچگانہ حماقت تھی کہ اب کی بار اکتوبر کے برعکس اسلام آباد پر یلغار کے لئے نسبتاً بڑا اور نفسیاتی اعتبار سے جذباتی ہجوم جمع ہو جائے گا۔ پاکستان ہی نہیں جنوبی ایشیاء کی تاریخ سمجھاتی ہے کہ مقبول قیادتوں کو حکومتیں جب جیل میں ڈال دیں تو ان کی اہلیہ یا بیٹی ان قیادتوں کے پرستاروں کو اپنے گرد مزاحمت کی خاطر اکٹھا کر لیتی ہیں۔ 1964ء میں کوئی سیاستدان ایوب خان کو صدارتی انتخاب میں للکارنے کے قابل نہیں تھا۔ ان کی اکثریت قائداعظم کی بہن محترمہ فاطمہ جناح کے در پر حاضر ہوئی اور انہیں بطور "مادر ملت" فوجی آمر کے مقابلے کے لئے اتار لیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے 1967ء میں قیام کے بعد ایوب حکومت کی مزاحمت کرتے ہوئے ذوالفقار علی بھٹو گرفتار ہوئے تو بیگم نصرت بھٹو میدان میں اتریں۔ ذوالفقار علی بھٹو نے خان عبدالولی خان کو گرفتار کیا تو ان کی اہلیہ بیگم نسیم ولی خان نے مزاحمت کی مشعل روشن کر دی۔ جنرل مشرف نے نواز شریف کا تختہ الٹ کر انہیں جیل میں ڈالا تو محترمہ کلثوم نواز میدان میں اتریں۔ ماضی کی سیاسی قیادتوں کو برا بھلا کہنے کے باوجود عمران خان بھی بالآخر اپنے مشکل وقت میں بشریٰ بی بی کو سیاسی میدان میں اتارنے کو مجبور ہوئے۔

بشریٰ بی بی کو سیاسی میدان میں اتارنے کے بعد مگر انہیں اپنے کارکنوں کو سمجھنے کا مناسب وقت فراہم نہیں کیا۔ عمران خان جیل میں بیٹھ کر اندازہ نہیں لگا سکے کہ ان کے عاشقان تحریک انصاف کی اس قیادت سے نفرت کرتے ہیں جو فروری 2024ء کے انتخاب کی بدولت قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں پہنچی ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ "عمران خان کی وجہ سے" معتبر ہوئے خواتین وحضرات دل سے اپنے قائد کی رہائی کے لئے "ڈو اور ڈائی" کو تیار نہیں۔ جذبات میں "سولو" ہوئے کارکنوں کو میدان میں اتارنے سے پہلے بشریٰ بی بی کے لئے انہیں جاننا اور ان پر کامل کنٹرول حاصل کرنا لازمی تھا۔ عمران خان صاحب نے مگر بشریٰ بی بی کو اس ضمن میں مناسب وقت ہی نہ دیا۔ منگل کی شب "میدان جنگ" سے کھسک جانا ایسے حالات میں ان کی مجبوری تھی۔

جعلی پیر معاشرے کے ناسور

بولتی تحریر
وقاص مون
moonwaqas52@gmail.com

انسانی فطرت ہمیشہ سے سکون اور روحانی تسکین کی متلاشی رہی ہے۔ پاکستانی معاشرہ روحانی اور مذہبی اعتقادات میں گہرا یقین رکھتا ہے۔ اسی یقین کا فائدہ اٹھا کر جعلی پیروں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ جعلی پیر ایسے افراد ہیں جو ظاہری طور پر مذہبی لباس میں نظر آتے ہیں اور اپنی چکنی چپڑی باتوں سے لوگوں کو اپنی طرف مائل کرتے ہیں۔ وہ لوگوں کی مشکلات اور دکھوں کا علاج دینے کا جھوٹا وعدہ کرتے ہیں، اور ان کی کمزوریوں کا فائدہ اٹھا کر اپنی دولت اور شہرت میں اضافہ کرتے ہیں۔ معاشرتی مشکلات، بیماریاں، گھریلو پریشانیوں اور نفسیاتی مسائل کا شکار لوگ جلد ان کی باتوں پر یقین کر لیتے ہیں۔ جعلی پیر ان کے مسائل کے روحانی حل کے وعدے کرتے ہیں اور مالی و جسمانی استحصال کرتے ہیں، یوں وہ ایک ناسور بن کر معاشرے میں پھیلتے جا رہے ہیں۔ ان جعلی پیروں کے ہاتھوں بہت سے لوگوں کی زندگیاں برباد ہو جاتی ہیں۔ وہ معصوم لوگوں کو یقین دلاتے ہیں کہ ان کے مسائل، جیسے کہ بیماری، شادی کے مسائل، کاروباری مشکلات وغیرہ کا ان کے پاس حل موجود ہیں۔ ان جھوٹے وعدوں کے بدلے میں وہ بھاری رقم وصول کرتے ہیں۔ ایسے پیر نہ صرف لوگوں کے ایمان کو نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ ان کی مالی حالت کو بھی خراب کرتے ہیں۔ وہ لوگوں کو اس قدر ذہنی دباؤ میں مبتلا کر دیتے ہیں کہ وہ خود پر شک کرنے لگتے ہیں، اور یوں ان کا ایمان کمزور ہوتا چلا جاتا ہے۔ جعلی پیروں کے ذریعے دین کا غلط استعمال بھی معاشرتی بگاڑ کا سبب بنتا ہے۔ دین اسلام میں روحانیت کا ایک مخصوص مقام ہے، لیکن جعلی پیر اسے توڑ مروڑ کر اپنے فائدے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ لوگ انہیں حقیقی دین دار اور اللہ کے قریب سمجھتے ہیں اور ان کے دھوکے میں آ جاتے ہیں۔ یہ دین کو ایک کاروبار بنا لیتے ہیں اور دین کی اصل روح کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ گزشتہ دنوں ایک پیر صاحب کے اڈے پر جانے کا اتفاق ہوا بات اصل میں کچھ یوں ہے کہ میرا ایک عزیز جو پہلے کافی جعلی پیروں کے ہتھے چڑھ کر اپنے دل میں جادو ٹونے کے شک کا بیج بو چکا تھا، اور اسی کی آبیاری کے لیے اسے کسی دوست نے نئے پیر صاحب کے آستانے کا ایڈریس دیا۔ میرا عزیز اس پیر کے پاس جاتے ہوئے مجھے بھی ساتھ لے گیا۔ جب ہم پیر صاحب کے اڈے پر پہنچے تو وہاں کا منظر قابل دید تھا۔ بابا جی کا آستانہ لوگوں سے بھرا پڑا تھا۔ ایک طرف بہت سارے بکرے بندھے ہوئے تھے میرے پوچھنے پر بتایا گیا کہ پیر صاحب کے لیے نذرانے کے طور پر لائے ہوئے بکرے ہیں۔ پیر خانے میں آنے والے لوگوں کو انتظار کے لیے بٹھایا جا رہا تھا اور پیر صاحب کے خاص شاگرد یا مرید لوگوں کو بتا رہے تھے کہ پیر صاحب کس قدر روحانی طاقت رکھتے ہیں اور کیسے انہوں نے کئی لوگوں کے مسائل حل کیے ہیں۔ انتظار کرنے والوں کو یہ یقین دلایا جاتا ہے کہ ان کے مسائل حل ہو جائیں گے، چاہے وہ بیماری ہو، مالی مشکلات ہوں یا محبت کے معاملات مجھے حیرانگی تب ہوئی جب اتنے زیادہ رش میں پیر صاحب سے ملاقات کا وقت لینے کے لیے وہاں پر موجود لوگوں چند پیسے لے کر ان کا نمبر جلدی لگوانے کا وعدہ بھی کر رہے تھے۔ بہرحال ایک شخص کو 500 روپیہ دے کر جلدی نمبر لگوانے کا کہا گیا اللہ اللہ کر کے باری آئی میں بھی اپنے دوست کے ساتھ پیر صاحب کے کمرے میں داخل ہوا کمرے کا ماحول قابل دید تھا، ہلکی ہلکی مدھم روشنی، میں پیر صاحب خاص قسم کے سفید لباس میں ملبوس ہاتھ میں تسبیح پکڑے ہوئے سادہ لوگوں کو بے وقوف بنا کر لوٹنے کے لیے تیار بیٹھے تھا۔ جعلی پیر صاحب کو دیکھتے ہی مجھے پنجابی کا مشہور مقولہ یاد آیا "منہ مومن تے کام شیطان"۔ جعلی پیر خانے دراصل ایک نفسیاتی کھیل ہوتے ہیں جہاں لوگ اپنی امیدوں، پریشانیوں اور مشکلات کو حل کرنے کے لیے جاتے ہیں مگر اصل میں ان کی عقیدت اور معصومیت کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ بہرحال یہ تو میری ذاتی رائے تھی۔ میرے اس عزیز نے پیر صاحب کو اپنا مسئلہ بتایا۔ مسئلہ سننے کے بعد پیر صاحب چند لمحے اپنے موکلات سے بات کرتے رہے جو اصل میں موکلات نہیں پیر صاحب کے سہولت کار تھے پھر چند لمحوں میں بابا جی نے شعبدہ بازی سے ایک قبر کی مٹی جس میں چند کاغذ کے ٹکڑے اور کافی زیادہ کیل تھے، یہ کہتے ہوئے ہمیں دکھائے کہ یہ وہ مٹی ہیں جس میں دشمنوں نے تعویز کروا کے دفن کیے ہیں اور یہ فلاں علاقے کے قبرستان کی مٹی ہیں اور یہ وہ کیل ہیں جو آپ کے دشمنوں نے آپ کے کاروبار میں رکاوٹ کے لیے گاڑھ رکھے تھے۔ آپ بے فکر ہو جائیں میرے موکلات نے آپ پر ہوئے جادو کا توڑ کر دیا ہے۔ اب آپ کو جو بھی مسائل تھے وہ دوبارہ نہیں ہوں گے جعلی پیر صاحب کا یہ جملہ ادا کرنے کا انداز اتنا گھبرانا تھا کہ مجھے اس جعلی پیر پر اتنا غصہ آیا کہ اسے کھری کھری سنا دوں، لیکن جعلی پیر صاحب کے اتنے زیادہ عقیدت مند اور چاہنے والوں کو دیکھ کر مجھے اپنی فکر ہونے لگی اور میں نے خاموشی کو ہی بہتر جانا۔ بہرحال ہم واپس تو آ گئے پر دل میں ایسے جعلی پیروں کے لیے بددعائیں تھی جو سادہ لوگوں کو اپنی چکنی چپڑی باتوں سے لوٹ رہے ہیں۔ ایسے جعلی پیروں کے برعکس اصل مذہبی رہنما لوگوں کو اللہ کی طرف رجوع کرنے اور قرآن وسنت کی روشنی میں مسائل کا حل ڈھونڈنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک انسان کا سب سے بڑا سہارا اللہ ہے اور ہر دکھ اور مصیبت کو صبر وتحمل اور دعا سے دور کیا جا سکتا ہے۔ لیکن جعلی پیروں کی وجہ سے لوگ اصل مذہبی رہنماؤں سے بھی بدظن ہو جاتے ہیں اور یوں پورے مذہبی نظام پر سوال اٹھنے لگتے ہیں۔ معاشرے کے ہر فرد کو چاہیے کہ وہ ایسے جعلی پیروں سے دور رہے اور معاشرے میں آگاہی پیدا کرتے ہوئے لوگوں کو سمجھائیں کہ مذہب کے نام پر دھوکہ دینے والے ان جعلی پیروں سے دور رہیں۔ حکومت کو بھی چاہیے کہ ایسے افراد کے خلاف سخت کارروائی کرے اور عوام کو ان کے بارے میں باخبر کرے تاکہ کوئی بھی معصوم ان کے جال میں نہ پھنس سکے۔ مدارس اور مساجد کو بھی چاہیے کہ وہ اس مسئلے پر لوگوں کو شعور دیں اور حقیقی مذہبی تعلیمات کی ترویج کریں تاکہ عوام جعلی پیروں کے فریب سے محفوظ رہیں۔ جب تک معاشرہ ان جعلی پیروں کے خلاف متحد ہو کر آواز نہیں اٹھاتا، یہ ناسور دن بہ دن پھیلتا رہے گا اور معاشرتی، روحانی اور معاشی نقصان بڑھتا رہے گا۔ یہ ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان لوگوں کو بے نقاب کرے اور صحیح مذہبی رہنماؤں کی طرف رجوع کرے تاکہ ہماری نسلیں ان جعلی پیروں کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔

ملک کا سوچتا کون ہے؟؟؟؟؟

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

سب کے لیے پاکستان سب سے اہم ہونا چاہیے اور سب کے لیے پاکستان سب سے پہلے ہونا چاہیے لیکن کیا ایسا ہوتا ہے یہ وہ سوال ہے جو آج سب کے سامنے ہے۔ بنیادی طور پر یہ سوال سیاسی قیادت سے ہے کیونکہ اگر بالخصوص گذرے بیس برس میں سیاسی قیادت اس بات کا تعین نہیں کر سکی کہ کب کیا کرنا ہے، کیسے کارکنوں کی تربیت کرنی ہے، کیسے کارکنوں کو ملکی خدمت کے اہم کام پر لگانا ہے، سیاسی قیادت یہ فیصلہ ہی نہ کر پائے کہ کب کیا بولنا ہے، بولنا ہے یا نہیں، بات کرنی ہے تو کتنی بات کرنی ہے تو پھر آپ کس سے گلہ کریں گے۔ جب قیادت کو ہی احساس نہ ہو کہ ہر وقت بولتے رہنا مسئلے کا حل نہیں ہے تو پھر عام آدمی، سیاسی کارکن یا ووٹر اس سے آپ کس شے کی توقع کرتے ہیں۔ ایک معمولی سمجھ بوجھ کے انسان سے آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ جب وہ سڑک پر آئے گا، احساس محرومی سے بھرا ہوا، کسی کی طرف بھڑکایا ہوا تو وہ کیسے پرامن رہے گا، سیاسی قیادت بوقت ضرورت یا بامر مجبوری آزادی اظہار رائے کے نعرے لگاتی ہے لیکن یہ کبھی نہیں سمجھایا کہ کوئی بھی آزادی کتنی ذمہ داریاں لے کر آتی ہے۔ جب قیادت ہر وقت ابہام پیدا کرے گی تو ایک پھل بیچنے والا اسکو اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق ہی لے گا۔ گذشتہ کئی روز سے ملک میں سیاسی طوفان آیا ہوا تھا، ہر وقت کی خبروں نے بیک وقت معاملہ حساس اور سنگین بھی بنایا لیکن کسی نے یہ نہیں سوچا کہ ملک کا کیا ہوگا۔ مثال کے طور پر مولانا فضل الرحمن کو سنیں، مولانا فرماتے ہیں جو ہوا اس کی وجہ ووٹ کی چوری ہے، اداروں کو الیکشن سے دور رہنا ہوگا، پاکستان میں اس وقت کوئی حکومت نہیں ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کو کیا حق حاصل ہے کہ وہ حکومت کرے، اسٹیبلشمنٹ کو حق نہیں کہ ہمارے ووٹ کے ساتھ کھیلے، الیکشن آئین کے مطابق ہونا چاہیے، مسئلے کی اصل بنیاد ووٹ کی چوری ہے۔ مذاکرات اور بات چیت سے راستے نکلتے ہیں، بیرون ملک سے بیانات کا پی ٹی آئی کو نقصان پہنچا ہے، اگر حکومت ہر صورت میں بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھے گی اور وہ ہر صورت میں نکالنے کی کوشش کریں گے تو انارکی ہوگی۔ کسی صوبے کو احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے، سیاسی کارکن کے جذبات مخلصانہ ہوتے ہیں قیادت کو انہیں صحیح لائن دینی چاہیے۔

یہ مولانا کی ساری باتیں ہیں، کیا یہ وقت ایسے بیانات کا ہے، کاش مولانا عوام کو بتائیں کہ وہ کونسی حکومت تھی جس کے ساتھ بیٹھ کر انہوں نے چھبیسویں ترمیم پر کام کیا، اس وقت ملک میں کوئی حکومت تھی آج نہیں ہے، مولانا کہتے ہیں کسی صوبے کو احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے، کیا مولانا یہ نہیں جانتے کہ یہ احتجاج صوبے کا نہیں صوبائی حکومت کی فنڈنگ سے ہو رہا ہے، کیا خیبر پختونخوا میں مولانا موجود نہیں، کیا وہاں اے این پی نہیں، کیا وہاں پاکستان پیپلز پارٹی، جماعت اسلامی، مسلم لیگ نواز یا دیگر سیاسی جماعتیں موجود نہیں، کیا یہ ساری جماعتیں احتجاج میں ہیں اگر ایسا نہیں ہے تو پھر سرکاری وسائل کے بل بوتے پر ہونے والے احتجاج کو صوبے کے احتجاج کے ساتھ کیسے جوڑا جا سکتا ہے، مولانا یہ بھی فرماتے ہیں کہ حکومت کسی کو جیل میں رکھنا چاہتی ہے مولانا اس کو چھڑانے کے لیے عدالت چلے جائیں جو قانونی راستہ ہے وہ اختیار کریں، انہیں کوئی نہیں روکے گا۔ کیا اس طرح احتجاج سے کسی بھی قیدی کو چھڑانے کا پیغام دینا انارکی نہیں، جہاں تک انتخابات کا معاملہ ہے تو کیا جس صوبے کی وہ بات کر رہے ہیں وہاں تو نتائج حکمران جماعت کی مرضی کے ہیں کیا وہاں حالات بدلے یا بدتر ہوئے، سو ایسی باتیں کرنے سے مولانا بھی قوم کی کوئی خدمت نہیں کر رہے حالانکہ وہ خود کہہ رہے ہیں کہ سیاسی قیادت درست رہنمائی کرے تو کیا مولانا خود کو سیاسی قیادت نہیں سمجھتے؟؟

یہی وہ بنیادی مسئلہ ہے جس کی وجہ سے لوگ بے چینی میں ہیں۔ سردار لطیف کھوسہ کو سن لیں وہ کہتے ہیں کہ وزیر داخلہ بڑھکیں مارتے تھے لیکن ہم ڈی چوک پہنچ گئے، کھوسہ صاحب قوم کو یہ جواب دیں کہ ان دنوں میں قوم کا جو نقصان ہوا ہے کہ اس کا ذمہ دار کون ہے، جو شہادتیں ہوئی ہیں ان کا ذمہ دار کون ہے، کھوسہ صاحب بات بڑھکوں کی نہیں احساس ذمہ داری کی ہے، ووٹرز کی اہمیت ہے لیکن ووٹر تو دھکے کھا رہا ہے آپ کی قیادت کہاں تھی، آپ خود مہنگے کپڑے پہنے اچھی گاڑیوں میں گھوم پھر رہے ہیں لوگ دھکے کھا رہے ہیں۔ اس پر ستم یہ ہے کہ آپ ٹیلیویژن شوز میں بیٹھ کر مسکرا رہے ہیں تحریک جاری رہنے کا بیان دے رہے ہیں۔ یعنی آپ کے نزدیک اس ملک کے مظلوم شہریوں کی کوئی اہمیت نہیں، کوئی وقعت وحیثیت نہیں، آپ کی قیادت شعر وشاعری سے لوگوں کو ورغلا کر خود کہیں گم ہے۔ کیا یہ وقت ایسے جذباتی بیانات کا ہے یا پھر یہ وقت ملک وقوم کی خاطر "انا" قربان کرنے کا ہے۔

حکومت کی بھی حدود اور چند ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے لوگوں کو جس حد تک انگیج کر سکتی ہے ضرور کرے، نظام انصاف کو بھی دیکھنا ہوگا کہ کہاں کہاں پر حدود سے تجاوز ہو رہا ہے، سب کی حدود کا تعین ضروری ہے، جب تک حدود کا تعین نہیں ہوگا معاملات نہیں سنبھل سکتے، سب کو ملک کے لیے سوچنا ہے، سب کو یہ سوچنا ہے کہ ملک کا فائدہ کس میں ہے، کس وجہ سے ملک کو نقصان ہے، کیسے لگ بھگ چوبیس کروڑ لوگوں کا مستقبل بہتر کیا جا سکتا ہے، کون ہے جس کی وجہ سے مستقبل داؤ پر لگ سکتا ہے۔ اس سارے عمل میں جب تک بنیادی چیزوں کو درست نہیں کیا جائے گا اس وقت تک معاملات بہتر نہیں ہوں گے۔ لوگوں کو یہ سوچنا ہے کہ ہر وقت، ہر مرتبہ سڑکوں پر نکلنے مسئلے کا حل ہرگز نہیں ہے، اپنے منتخب نمائندوں سے پوچھیں کہ وہ اسمبلیوں میں کیوں ہیں اگر مسئلہ حل نہیں کر سکتے۔ نکلیں باہر ان اسمبلیوں سے، جان چھوڑیں اگر انتخابات کے موقع پر بھی عام آدمی کے دھکے کھانے ہیں اور پھر آئندہ عام انتخابات تک پھر دھکے اور ڈنڈے کھانے ہیں تو پھر اس نظام کا کیا فائدہ ہے۔ کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ لوگ پاکستان کے بارے سوچیں، ذرا غور کریں آپ دنیا میں اپنا ملک کی کیا تصویر پیش کر رہے ہیں، ذرا سوچیں!!!!

سارے ہی خدشات درست نکلے!

غوروفکر
محمد عمران سلفی
E-mail: mimransalfi@yahoo.com

تحریک انصاف کا احتجاج ایک بار پھر ناکام ہو گیا، ایک بار پھر سارے ہی خدشات درست نکلے، لیکن اس کا ذمہ دار ایک دوسرے کو ٹھہرایا جا رہا ہے، ایک دوسرے پر ہی الزام لگایا جا رہا ہے، جبکہ اس نااہلی پر ایک بار پھر عوام رل گئے ہیں، ایک بار پھر عوام کی امیدوں پر پانی پھر گیا ہے، ہر بار ہی عوام کو اُمید دلائی جاتی رہی ہے، ہر بار ہی عوام کو آزمائش میں ڈالا جاتا رہا ہے اور ہر بار ہی عوام کو تن تنہا چھوڑ کر قیادت کہیں روپوش ہوتی رہی ہے، اس بار بھی ایسا ہی کچھ ہوا ہے، عوام سے ساتھ نہ چھوڑنے کا حلف لینے والے خود ہی کہیں کھو گئے ہیں اور احتجاج کرنے والوں کو سیکورٹی اداروں کے رحم وکرم پر چھوڑ گئے ہیں، حکومت ان لوگوں پر مقدمات بنائے گی اور سیاسی انتقام کا نشانہ بھی بنائے گی، لیکن تحریک انصاف قیادت ان کے پیچھے آئے گی نہ ہی انہیں چھوڑانے آئے گی، انہیں اپنے ناکردہ گناہوں کی سزا خود ہی بھگتنا پڑے گی۔

میں شک نہیں کہ اتحادی حکومت سے عام عوام بے زار ہو چکے ہیں اور اس سے نجات چاہتے ہیں، اس کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں، بھرپور احتجاج بھی کر رہے ہیں، لیکن اس احتجاج کی قیادت کرنے والوں کے پاس کوئی موثر حکمت عملی نہیں ہے، اس کے باعث ہر بار ہی احتجاج ناکام ہو رہا ہے اور اس کی سب سے بڑی قیمت عام عوام دے رہے ہیں، یہ پہلے سڑکوں پر رل رہے ہیں اور اس کے بعد پابند سلاسل ہو کر سزائیں بھی بھگت رہے ہیں، عوام کب تک ایسی ہر آزمائش سے گزرتے رہیں گے اور کب تک ایسے ہی قربانیاں دیتے رہیں گے، عوام اب تھکنے لگے ہیں، آئے روز کی خواری سے بے زار ہونے لگے ہیں، اس کا حکومت اور اپوزیشن دونوں کو ہی احساس کرنا ہوگا، عوام پر رحم کرنا ہوگا اور مل بیٹھ کر سارے معاملات کا کوئی حل تلاش کرنا ہی ہوگا۔

اس طرح کب تک حکومت اور اپوزیشن دست وگریباں رہیں گے اور کب تک ایسے ہی جگ ہنسائی کا باعث بنتے رہیں گے، اس سے ملک میں جہاں عدم استحکام بڑھتا جا رہا ہے وہیں معیشت کا بھی برا حال ہوتا جا رہا ہے لیکن اس کی حکومت اور اپوزیشن دونوں کو ہی کوئی پرواہ نہیں ہے، اگر انہیں کوئی پرواہ ہوتی تو ایک دوسرے سے دست وگریباں ہوتے نہ ہی عوام کو ذلیل وخوار کرتے، بلکہ ملک وعوام کی بہتری کیلئے کوئی اقدامات کرتے، لیکن ایسا کچھ بھی نہیں کیا جا رہا ہے، حکومت صبح وشام دعوے ہی کیے جا رہی ہے کہ ملک میں استحکام آ رہا ہے، معیشت بحال ہو رہی ہے، لیکن اس کے آثار کہیں بھی دکھائی نہیں دے رہے ہیں، ملک میں سرمایہ کاری ہو رہی ہے نہ ہی عوام کی زندگی میں کوئی تبدیلی آ رہی ہے، عوام کل بھی مہنگائی بے روزگاری سے دوچار تھے، عوام آج بھی مہنگائی بے روزگاری کا عذاب برداشت کر رہے ہیں۔

اس ملک میں تبدیلی تب ہی آئی گی، جب اہل سیاست اپنی روش بدلیں گے اور مقتدرہ ان کے سرپرستی چھوڑیں گے، اس کے بغیر ملک وعوام کی زندگی میں تبدیلی کا خواب ادھورا ہی رہے گا، یہ بات جانتے ہوئے بھی اہل سیاست اپنی روش بدل رہے ہیں نہ مقتدرہ کی سرپرستی سے نکل رہے ہیں، بلکہ اس کے رحم وکرم پر ہی رہنا پسند کر رہے ہیں اور اس کے ہی اشاروں پر چل رہے ہیں، اس کا نہ صرف سارا بوجھ اٹھا رہے ہیں، بلکہ اس کو راضی رکھنے کیلئے اپنا سب کچھ داؤ پر بھی لگا رہے ہیں، اگر اس میں حکومت دو قدم آگے ہے تو اپوزیشن بھی کچھ پیچھے نہیں جا رہی ہے، وہ بھی ایک پیج پر آنے کیلئے اپنا ہر احتجاج داؤ پر لگا رہی ہے، اس بار بھی ایسا ہی کچھ کیا گیا ہے، اس لیے ہی مانسہرہ نکلنے کا راستہ دیا گیا ہے، لیکن اس میں بے چارے احتجاج کرنے والوں کا کیا قصور ہے کہ ان کو ہی آزمائش میں ڈالا جا رہا ہے، ان کو ہی بار بار رگڑا لگایا جا رہا ہے، ان کی ہی زندگی کو عذاب بنایا جا رہا ہے۔

تحریک انصاف کے کارکنان کو سوچنا ہوگا اور ان کا ساتھ دینے والوں کو بھی دیکھنا ہوگا کہ اُن کے ساتھ کونسا کھیل کھیلا جا رہا ہے، عوام باشعور ہیں اور جلد ہی جان جاتے ہیں کہ انہیں کون استعمال کر رہا ہے اور کون سر راہ چھوڑ کر بھاگ رہا ہے، عوام جس طرح آزمائے کے جنگل سے نکلے ہیں، اس طرح بھگوڑوں کے سحر سے بھی نکلنا ہوگا، کیونکہ یہ سب بکے ہوئے ہیں، دوغلی پالیسی کی راہ پر چلے ہوئے ہیں، یہ وکٹ کے دونوں ہی اطراف کھیل رہے ہیں اور بانی پی ٹی آئی کو بھی گہری دلدل میں دھکیل رہے ہیں، یہ بانی پی ٹی کو رہائی دلانا چاہتے ہیں نہ ہی پارٹی کو آگے چلانا چاہتے ہیں، یہ پارٹی پر پابندی لگوا کر چھوڑیں گے اور اپنے مخالف کا ایجنڈا پورا کروا کر ہی چھوڑیں گے، بانی پی ٹی آئی کو اپنی سیاسی حکمت عملی بارے جہاں سوچنا ہوگا، وہیں اپنی دوغلی قیادت کو بھی بدلنا ہوگا، اگر ایسا نہ کیا گیا تو ان کی شہرت ومقبولیت کسی کام آئے گی نہ ہی پارٹی اقتدار میں آ پائے گی، کیونکہ اُن کے اپنے ہی اغیار سے مل کر انہیں مات دینے کا باعث بن جائیں گے، اس طرح سارے ہی خدشات پورے ہو جائیں گے کہ جن کے بارے بار ہا اظہار کیا جاتا رہا ہے۔

احتجاج کی آڑ میں ملک دشمنی!

تحریر
حیدر علی

یوں تو وطن عزیز کی سات دہائی میں کئی نشیب وفراز آئے۔ کئی دفعہ ناپاک دشمن نے اس جنت نظیر وطن کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی لیکن الحمداللہ پاکستان کی چٹان صفت مسلح افواج۔ حکومت، عوام سب نے یکجاں ہو کر ہمیشہ دشمن کو ناکوں چنے چبوائے۔ 65ء کی جنگ اتحاد اتفاق یکجاں قوم کی زندہ مثال ہے جب اپنے سے کئی گناہ بڑے دشمن کو پاکستان نے شکست فاش سے دوچار کیا تھا۔ آج بھی اس وقت مادر وطن کیلئے قوم کی یگانگت کو یاد کرتے ہوئے آنکھیں بھیگ جاتی ہیں اور دل سے دعا نکلتی ہے کہ "یا رب اس پاک وطن کی غیور قوم، پاک فوج۔ حکومت پاکستان سمیت پورے ملک کی یگانگت کو ہمیشہ قائم ودائم رکھنا اور اس پاک دھرتی کے دشمنوں کو ہمیشہ ناکام ونامراد رکھنا" یہ دعا کسی ایک پاکستانی کی نہیں بلکہ 65 کی جنگ کے ہیرو، ہمارے بزرگ، ماؤں بہنوں سمیت پوری غیور قوم کی دعا ہے۔ گزشتہ چند سالوں سے وطن عزیز میں ایک عجیب کلچر پروان چڑھا جس میں نہ کسی کی عزت محفوظ رہی نہ دستار سیاسی احتجاج کی آڑ میں ایسی ایسی واہیات گفتگو کی گئی کہ انسانیت بھی شرما جائے۔ ایک سیاسی جماعت نے نوجوانوں کو بجائے اخلاقیات کے بدتمیزی کا ایسا درس دیا کہ بڑے بڑے معزز سیاستدان اور قومی ہیرو بھی ان کا شکار ہوئے۔ ایک انسان سے ملک نہیں بلکہ ہم سب سے یہ ملک ہے۔ اس جماعت نے 2013ء میں دھرنوں کا آغاز کیا تو اداروں پر حملے کئے معزز ایوان سمیت کئی ملکی عمارتوں پر چڑھائی کی۔ پھر جب پاکستان کے سدابہار دوست اور عظیم ہمسایہ ملک چین کے صدر نے پاکستان کا دورہ کرنا تھا تب بھی اس جماعت نے خوب واویلا اور شور مچایا جس کی وجہ سے معزز مہمان تاخیر سے پاکستان تشریف لائے۔ بعدازاں جب اقتدار میں آئے تو تمام سیاسی جماعتوں اور ان کے قائدین کو جیلوں میں ڈال دیا اور جب اپنی باری آئی تو ملک دشمنی میں اس حد تک گر گئے کہ جس کی وجہ سے پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن 9 مئی کا واقعہ رونما ہوا۔ احتجاج سب کا جمہوری حق ہے لیکن احتجاج کے بھی کوئی قاعدے اور قانون ہوتا ہے یہ نہیں کہ اپنے قومی ہیروز اور شہداء کی بے حرمتی کی جائے 9 مئی کو پاکستانی شہداء کی یادگاروں کیساتھ جو سلوک کیا گیا وہ ملک دشمنی سے بھی بڑھ کر تھا اتنا نقصان تو ملک دشمنوں نے بھی نہیں کیا جتنا اس جماعت نے اخلاقی اور احتجاجی سیاست میں پاکستان کا نقصان کیا۔ اس حوالے سے گزشتہ روز سینیٹر طلال چوہدری نے بڑی خوبصورت بات کی کہ پاکستان کے اداروں اور اسلام آباد پر دھاوا کہاں کی محب وطنی ہے؟ اور گزشتہ روز جو بیان بشریٰ بی بی نے پاکستان کے دوست ملک سعودی عرب کے حوالے سے دیا ہے کیا یہ بھی محب وطنی ہے؟ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بڑی دیر سے ملک کا تماشا بنا رہے ہیں، جب سے یہ جوڑی بنی ہے پاکستان کی سیاست اور گورننس کو اپنے مفاد کیلئے تہ وبالا کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ کے حوالے سے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت کے دوران پنجاب میں پنکی گوگی کا راج تھا، ہر چیز کی سودے بازی تھی، پوسٹنگ، ٹرانسفر کے ریٹس مقرر تھے، ایک منڈی لگائی جاتی تھی جس کو پنکی اور گوگی چلاتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف پنجاب بلکہ وفاق میں بھی شوہر کے وزیر اعظم ہوتے ہوئے عہدے کا ناجائز استعمال کیا جاتا رہا، کبھی ہیرے کی انگوٹھیاں، پلاٹ اور زمینوں کے سودوں سمیت 190 ملین پاؤنڈ کھانے کیلئے یونیورسٹی کا جھانسا دیا گیا۔ جب پی ٹی آئی حکومت میں تھی تو انہوں نے پنجاب اور وفاق میں جو کھیل کھیلا وہ سب کو معلوم ہے۔ اس وقت پی ٹی آئی کی سیاست غیر سیاسی لوگوں کے ہاتھ میں ہے، پہلے چند وکلاء نے ان کی سیاست کو تباہ کیا اور اب چند گھریلو خواتین کے ہاتھ میں پی ٹی آئی کی باگ ڈور ہے، خواتین پارٹی پر قبضے کیلئے نئے سے نئے کھیل کھیلنا شروع ہو چکی ہیں۔ اس وقت اس جماعت کا خصوصی نشانہ وہ دوست ممالک ہیں جو مشکل ترین حالات میں پاکستان کی مدد کرتے ہیں۔ اسی پارٹی کے بانی نے چین اور ان کے دیئے گئے پراجیکٹس پر کرپشن پر الزام لگایا، صرف اس لئے کہ چین سے تعلقات خراب ہوں، بعد ازاں اس پر معافی بھی مانگی۔ اسی طرح سعودی عرب ہر مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہوتا، جان بوجھ کر اس کو نشانہ بنایا جاتا ہے، پہلے افضل مروت نے یہ بیان دیا اور یہ بیان بانی سے ملاقات کے بعد دیا تھا اور اب ان کی گھر والی اور جانشین نے بیان دیا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر جب پاکستان کے دوست ملک صدر اب پھر وطن عزیز پاکستان کا دورہ پر ہیں ایسے میں حالات خراب کرنا سب سے بڑی ملک دشمنی ہے۔ آج وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اس بے بنیاد اور ایسے حساس موقع پر احتجاج کی حوصلہ شکنی کریں۔ عوام کب تک احتجاج احتجاج میں پھنسے رہیں گے۔ اب احتجاجوں کی ضرورت نہیں عوام کو ریلیف چاہیے اور ریلیف تب ملے گا جب یہ فتنہ پرور سیاسی بتوں کا مکمل بائیکاٹ کیا جائیگا۔ عوام نے تو 8 فروری کو انہیں مسترد کر دیا ہے لیکن سیاسی ایوانوں سے بھی مکمل طور پر ان کا بائیکاٹ ضروری ہے ورگرنہ یہ احتجاجی سیاست ملک کو مزید انتشار کی جانب لے جائے گی۔

آئی سی سی سے رابطہ ہے چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں ہی ہوگی، محسن نقوی

قذافی اسٹیڈیم کی تعمیر نو کا کام 10 اکتوبر کو شروع ہوا تھا، اسٹیڈیم کی گنجائش 35 سے 40 ہزار تک ہوجائے گی، شائقین کرکٹ کا ویو بہت بہتر ہوجائے گا

لاہور (شہروز میاں سے) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے امید ظاہر کی ہے کہ چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں ہی ہوگی، آئی سی سی سے مسلسل رابطہ ہے۔ وزیر داخلہ اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے رات گئے قذافی اسٹیڈیم لاہور کا دورہ کیا، کام کا جائزہ لیا اور میڈیا سے بات چیت بھی کی۔ محسن نقوی کا بتانا تھا کہ قذافی اسٹیڈیم کی تعمیر نو کا کام 10 اکتوبر کو شروع ہوا تھا، اسٹیڈیم کی گنجائش 35 سے 40 ہزار تک ہوجائے گی، شائقین کرکٹ کا ویو بہت بہتر ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں چاہتا تھا راولپنڈی کا اسٹیڈیم بھی ساتھ تیار ہوتا، مجھے پنڈی اسٹیڈیم کی رپورٹ پہلے مل جاتی تو کچھ بہتر ہوتا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ساری صورتحال دیکھ کر آئی سی سی اجلاس سے بہتر چیز لے کر نکلیں گے۔ چیئرمین پی سی بی کا کہنا تھا کہ 20 دسمبر تک قذافی اسٹیڈیم کا کام مکمل ہوجائیگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مفاد میں بہترین فیصلہ کریں گے، یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم بھارت میں جا کر کھیلیں اور وہ پاکستان میں نہ کھیلیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم بھارت میں جا کر کھیلیں اور وہ پاکستان میں نہ کھیلے، امید ہے چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں ہی ہوگی، جو فیصلہ ہوگا پاکستان کے لیے بیٹ کر کے نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قذافی اسٹیڈیم انٹرنیشنل معیار کا ہوگیا ہے، اسٹیڈیم کی تعمیر نو کا کام 10 اکتوبر کو شروع ہوا تھا، اسٹیڈیم کی گنجائش 35 سے 40 ہزار تک ہوجائیگی، شائقین کرکٹ کا ویو بہت بہتر ہوجائیگا۔ محسن نقوی نے کہا کہ میں چاہتا تھا راولپنڈی کا اسٹیڈیم بھی ساتھ تیار ہوتا، مجھے پنڈی اسٹیڈیم کی رپورٹ پہلے مل جاتی تو کچھ بہتر ہوتا، ساری صورتحال دیکھ کر آئی سی سی اجلاس سے بہتر چیز لے کر نکلیں گے۔

”نوازشریف مودی کو بھارتی ٹیم پاکستان بھیجنے کے لیے قائل کریں“

بھارتی وزیراعظم مودی کے نوازشریف سے اچھے تعلقات ہیں وہ ان کے گھر بھی آئے تھے‘ کامران اکمل

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر کامران اکمل نے کہا ہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے متعلق نوازشریف کو نریندر مودی سے بات کرنی چاہیے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وکٹ کیپر بیٹر کا کہنا تھا کہ نوازشریف مودی کو بھارتی ٹیم پاکستان بھیجنے کے لیے قائل کریں، بھارتی وزیراعظم مودی کے نوازشریف سے اچھے تعلقات ہیں وہ ان کے گھر بھی آئے تھے۔ کامران اکمل نے کہا کہ نوازشریف کو پاکستان کی کرکٹ کے لیے نریندر مودی سے بات کرنی چاہیے، بھارتی وزیراعظم مودی ٹیم کو پاکستان بھیجنے میں مدد کرسکتے ہیں۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے فیصلہ جمعے کو اپنی بورڈ میٹنگ میں کرے گا جس میں مکمل ایونٹ پاکستان میں ہونے یا ہائبرڈ ماڈل کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے گا۔

چیمپئنز ٹرافی‘ بھارت سیاسی جماعت کے احتجاج کو سیکیورٹی جواز بتانے لگا

بدامنی کی لہر کی وجہ سے پاکستان ہائبرڈ ماڈل پر راضی ہوجائے گا، بھارتی میڈیا کے دعوے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا پاکستان سے چیمپئنز ٹرافی کو پاکستان سے منتقل کروانے کیلئے دارالحکومت اسلام آباد میں سیاسی جماعت کے احتجاج کو جواز بنانے لگا۔ اپنے میڈیا کی ذریعے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) پاکستان سے چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی چھیننے یا ہائبرڈ ماڈل پر مجبور کرنے کیلئے اسلام آباد میں سیاسی جماعت کے احتجاج اور سری لنکا اے کے دورے کو ملتوی کیے جانے پر سیکیورٹی کا جواز بنا کر پیش کرنے لگا۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے بورڈ ممبر کے اجلاس سے محض ایک روز قبل ایونٹ میں شریک دیگر ٹیموں کے بورڈز کو حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد اور پاکستان کی موجودہ صورتحال کے باعث پلیئرز کی سیکیورٹی کے مسائل ہیں۔

دورہ جنوبی افریقا‘ بابراعظم سمیت فاسٹ بولرز نسیم شاہ اور شاہین آفریدی کی واپسی ہوگی

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے دورہ جنوبی افریقا کے لیے اسکواڈز پر مشاورت حتمی مرحلے میں داخل ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ون ڈے سیریز کے لیے مضبوط اسکواڈ ہوگا جس میں سابق کپتان بابراعظم سمیت فاسٹ بولرز نسیم شاہ اور شاہین آفریدی کی واپسی ہوگی۔ ذرائع کا یہ بھی بتانا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کو سامنے رکھتے ہوئے فخرزمان کی ٹیم کو ضرورت قرار دیا گیا ہے لہذا وائٹ بال ٹیم میں فخر کی واپسی کا قوی امکان ہے۔ جنوبی افریقا کے خلاف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ ریڈ بال ٹیم کے لیے امام الحق کے نام پر بھی غور کیا جارہا ہے جب کہ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں سینئر بیٹر اور بولرز کو آرام دیا جا سکتا ہے لہذا نوجوان کھلاڑیوں کو موقع دینے پر اتفاق کیا گیا۔

زمبابوے کیخلاف فیصلہ کن ون ڈے‘ پاکستان کرکٹ ٹیم کے 2 کھلاڑی انجری کا شکار

بولاوایو (این این آئی) زمبابوے کے خلاف تیسرے ون ڈے سے قبل پاکستان کرکٹ ٹیم کے 2 کھلاڑی انجری کا شکار ہوگئے۔ سیریز ایک ایک سے برابر ہے۔ زمبابوے کے خلاف اس فیصلہ کن ون ڈے سے قبل پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولرز احمد دانیال اور شاہنواز دہانی انجری کی وجہ سے سیریز سے باہر ہوگئے ہیں۔ احمد دانیال کو ہمسٹرنگ انجری کا سامنا کرنا پڑا ہے جبکہ شاہنواز دہانی کو ٹریننگ سیشن کے دوران بائیں ٹخنے میں چوٹ لگی۔ ان دونوں کی جگہ عباس آفریدی اور جہانداد خان کو اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے جو بولاوایو میں جمعرات کو سیریز کے فیصلہ کن میچ کے سلیکشن کے لیے دستیاب ہوں گے۔

کیوی ٹیم کو پہلے ٹیسٹ میچ میں شکست دیکر سیریز کا آغاز فاتحانہ انداز میں کرینگے، جوروٹ

کیوی ٹیم کا شمار دنیائے کرکٹ کی بہترین ٹیموں میں ہوتا ہے اور اس کو شکست دینا آسان نہیں‘ انٹرویو

کرائسٹ چرچ (این این آئی) انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز جوروٹ نے کہا ہے کہ میزبان نیوزی لینڈ ٹیم کو پہلے ٹیسٹ میچ میں شکست دیکر تین میچوں کی سیریز کا آغاز فاتحانہ انداز میں کریں گے۔ 33 سالہ جوروٹ نے کہا کہ نیوزی لینڈ کے خلاف تین میچوں کی ٹیسٹ سیریز کے لئے ان کی ٹیم بھرپور تیاریوں میں مصرف ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیوی ٹیم کا شمار دنیائے کرکٹ کی بہترین ٹیموں میں ہوتا ہے اور اس کو شکست دینا آسان نہیں ہے تاہم ان کی ٹیم نے ابتدائی میچ سے قبل بھرپور تیاری کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ٹیم میں ایسے کھلاڑی موجود ہیں جو کسی بھی وقت میچ کا پانسہ پلٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ کیویز کے خلاف تین میچوں کی سیریز کے ابتدائی ٹیسٹ میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کریں گے۔

انٹر ڈویژن کھیلتا پنجاب ہاکی ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ دانش کلب میانوالی نے جیت لیا

سرگودھا (این این آئی) انٹر ڈویژن کھیلتا پنجاب ہاکی ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب علی عامر ہاکی گراؤنڈ سرگودھا میں منعقد کی گئی جس کی مہمان خصوصی اسٹنٹ کمشنر آمنہ احسان تارڑ تھیں۔ جن کا استقبال ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر صائمہ منظور، تحصیل سپورٹس آفیسر شہریار سیال، تحصیل سپورٹس آفیسر عظمت اقبال اور شیخ فاروق نے کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر آمنہ احسان تارڑ کو تمام ڈویژن بھر سے آنیوالی مہمان ٹیموں کا تعارف کروایا گیا۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ فاطمہ کلب سرگودھا اور دانش کلب میانوالی کے درمیان کھیلا گیا جو دانش کلب میانوالی نے سخت مقابلے کے بعد 2 کے مقابلے میں 3 سے جیت لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ سپورٹس کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگیا ہے۔ کھیلتا پنجاب گیمز میں نوجوانوں کو اپنا ٹیلنٹ سامنے لانے کا بہترین موقع فراہم کیا گیا ہے۔ پنجاب حکومت تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے فروغ کیلئے بھی کوشاں ہے جس کا عملی ثبوت کھیلتا پنجاب مہم کی صورت میں ہے جس سے بچوں کی جسمانی صلاحیتیں اجاگر ہوں گی اور بچوں کو قومی و بین الاقوامی کھیلوں میں حصہ لینے کا موقع بھی ملے گا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر صائمہ منظور کا کہنا تھا کہ پنجاب میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے جن طلباء کو پہلے مواقع میسر نہیں آتے تھے انہیں ایک پلیٹ فارم مہیا کر دیا گیا تا کہ وہ اپنے ٹیلنٹ کے جوہر دکھا سکیں تمام ٹورنامنٹس کو انتہائی صاف و شفاف طریقے سے کروایا جا رہا ہے۔

لاہور: سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں ہاکی کے فائنل میچ کا منظر

بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ‘ پاکستان نیپال کو 10 وکٹ سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے نیپال کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ بدھ کو بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں لاہور مرحلے کے آخری روز تین میچز کھیلے گئے۔ پاکستان بلائنڈ کے خلاف نیپال کی ٹیم 5 وکٹ پر 100 رنز بنا سکی، پاکستان نے 101 رنز کا ہدف بغیر کسی نقصان کے 6.3 اوورز میں پورا کردیا۔ نعمت اللہ نے 30 گیندوں پر 73 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ اس سے پہلے کھیلے گئے میچ میں سری لنکا نے جنوبی افریقا کو 53 رنز سے ہرا دیا، 218 رنز کے تعاقب میں افریقی ٹیم 9 وکٹ پر 164 رنز بنا سکی۔

ون ڈے کی عالمی رینکنگ میں ایک بار پھر بابراعظم کا راج

دبئی (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کی جانب سے جاری کردہ نئی ون ڈے رینکنگ میں بابر اعظم ایک بار پھر پہلے نمبر پر آگئے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کی جانب سے ون ڈے کرکٹ فارمیٹ کی نئی رینکنگ جاری کی گئی جس میں ایک بار پھر بابر اعظم نے بادشاہت حاصل کرلی ہے۔ رینکنگ کے مطابق بابر اعظم 809 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر ہیں جبکہ دوسرے، تیسرے اور چوتھے پر بالترتیب بھارت کے روہت شرما، شبمن گل اور ویرات کوہلی ہیں۔ ون ڈے بولنگ رینکنگ میں افغانستان ایک درجہ ترقی کے بعد پہلے، شاہین آفریدی ایک درجہ تنزلی کے بعد دوسرے نمبر پر ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان کا کوئی بولر ٹاپ 10 میں شامل نہیں البتہ حارث رؤف 2 درجہ تنزلی کے بعد 15 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی، براڈ کاسٹرز پاکستان اور بھارت کے الگ گروپس میں رکھنے کے مخالف

کراچی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان اور بھارت کی الگ گروپس میں تقسیم کی براڈ کاسٹرز نے مخالفت کردی۔ تفصیلات کے مطابق چیمپئنز ٹرافی تنازع کا کوئی حل جمعے کو سامنے آنے کا امکان ہے، جب آئی سی سی کی اس حوالے سے میٹنگ ہوگی، البتہ ٹورنامنٹ سے 90 روز قبل ہر صورت شیڈول جاری کرنے کی ڈیڈ لائن گزر چکی ہے۔

دورہ جنوبی افریقا، وائٹ بال ٹیم میں فخر زمان کی واپسی کا قوی امکان

چیمپئنز ٹرافی کو سامنے رکھتے ہوئے فخر زمان کو ٹیم کی ضرورت قرار دیا گیا‘ ریڈ بال ٹیم کے لیے امام الحق کے نام پر بھی غور

لاہور (شہروز میاں سے) دورہ جنوبی افریقا کے لیے پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسکواڈز پر مشاورت حتمی مرحلے میں داخل ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق زمبابوے کے خلاف ون ڈے سیریز کے اختتام یا پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ کے بعد اسکواڈز کا اعلان متوقع ہے۔ چیمپئنز ٹرافی کو سامنے رکھتے ہوئے فخر زمان کو ٹیم کی ضرورت قرار دیا گیا ہے، جبکہ ریڈ بال ٹیم کے لیے امام الحق کے نام پر بھی غور کیا جارہا ہے۔ جنوبی افریقا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی نوجوان کھلاڑیوں کو موقع دینے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ سینئر بیٹرز اور بولرز کو جنوبی افریقا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں آرام دیا جاسکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ون ڈے سیریز کے لیے مضبوط اسکواڈ ہوگا، بابر اعظم، نسیم شاہ اور شاہین آفریدی کی واپسی ہوگی جبکہ وائٹ بال ٹیم میں فخر زمان کی واپسی کا قوی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ کھلاڑیوں کا کیمپ جنوبی افریقا میں لگانے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان 3 ون ڈے، 3 ٹی ٹوئنٹی اور 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلی جائے گی۔ دورہ جنوبی افریقا کے لیے پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسکواڈز پر مشاورت حتمی مرحلے میں داخل ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق زمبابوے کے خلاف ون ڈے سیریز کے اختتام یا پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ کے بعد اسکواڈز کا اعلان متوقع ہے۔ چیمپئنز ٹرافی کو سامنے رکھتے ہوئے فخر زمان کو ٹیم کی ضرورت قرار دیا گیا ہے، جبکہ ریڈ بال ٹیم کے لیے امام الحق کے نام پر بھی غور کیا جارہا ہے۔

SHOWBIZ
قوت

غصے کی حالت میں دل کرتا ہے کسی کا سر پھاڑ دوں‘ زینب رضا

یہ بھی اچھی بات ہے، بہت جلد غصے کی حالت سے باہر آجاتی ہوں‘ انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و ماڈل زینب رضا نے کہا ہے کہ غصے کی حالت میں دل کرتا ہے کہ کسی کا سر پھاڑ دوں، لیکن یہ بھی اچھی بات ہے کہ میں بہت جلد غصے کی حالت سے باہر آجاتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں زینب رضا نے کہا کہ غصے کی حالت میں لوگوں کی مختلف حالت ہوتی ہے اور یہ فطرتی عمل ہے۔ جب میں بھی غصے میں ہوں تو دل میں یہی سوچ آتی ہے سامنے والا کا سر پھاڑ دوں لیکن ایسا کرتی نہیں۔ میں جلد ہی غصے کی حالت سے باہر آکر معمول پر آجاتی ہوں جسے میں ایک اچھی عادت سمجھتی ہوں۔ زینب رضا نے کہا کہ آج کل بننے والے ڈراموں میں وہی دکھایا جارہا ہے جو معاشرے میں ہو رہا ہے، ڈرامے معاشرے کا عکاس ہوتے ہیں جسے کہانی کی صورت میں سامنے لایا جاتا ہے اس لئے بلاوجہ تنقید کا کوئی جواز نہیں۔

اپنی اہلیہ ثناء کو ایک دوست کی شادی میں دیکھا تھا‘ فیصل قریشی

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار فیصل قریشی نے کہا ہے کہ اپنی اہلیہ ثناء کو ایک دوست کی شادی میں دیکھا تھا، میں نے وہاں تصاویر بنائیں تھی تو ثناء نے اپنا ای میل ایڈریس دیا نمبر بھی نہیں دیا تھا، بات آگے بڑھنے میں ڈیڑھ سے دو سال کا تعطل آیا۔ ایک انٹرویو میں فیصل قریشی نے بتایا کہ ای میل کی کوئی جواب نہ آیا میں نے دوسری ای میل کردی بعد میں نمبر لیا اور کہا میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔ ثناء نے صاف الفاظ میں کہا کہ میرے والد سے بات کریں۔ ان کے والد سے بات ہوئی تو روایتی سوال و جواب کے بعد شادی ہوگئی اور الحمد اللہ آج ہمارے رشتے کو 12 سے 13 سال ہوگئے ہیں اور ہم خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں۔

ہمیشہ سچی، کھری بات کرتا ہوں، سننے والے کس انداز میں لیتے ہیں کچھ نہیں کہہ سکتا‘ فردوس جمال

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار فردوس جمال نے کہا ہے کہ میں ہمیشہ سچی اور کھری بات کرتا ہوں اور سننے والے اسے کسے انداز میں لیتے ہیں میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ فن سے وابستہ لوگوں کو چھوڑ دیں آپ دیکھنے والوں سے پوچھ لیں میں نے جن اداکاروں کے بارے میں کہا ہے وہ ہیرو اور ہیروئن کی عمر کے نہیں ہیں سب کو اس کا جواب مل جائے گا، میں نے زندگی میں دوسروں کے لئے ہمیشہ اچھا کیا ہے اس لئے مطمئن ہوں۔ ایک انٹرویو میں فردوس جمال نے کہا کہ میں کسی بھی حالت میں اپنے رب سے مایوس نہیں ہوتا اور یہی وجہ ہے کہ اس نے مجھے ہر مشکل گھڑی سے نجات دی ہے۔

ڈرامہ انڈسٹری میں مقابلے کا رجحان، ثقافت اور حدود و قیود کو نہیں بھولنا چاہیے‘ شبیر جان

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار شبیر جان نے کہا ہے کہ بلاشبہ اس وقت ڈرامہ انڈسٹری میں مقابلے کا رجحان ہے لیکن اس میں اپنی ثقافت اور حدود و قیود کو نہیں بھولنا چاہیے، آج اسکرپٹ لکھنے والوں کو پہلے سے زیادہ محتاط ہونے کی ضرورت ہے کیونکہ سوشل میڈیا کی وجہ سے ڈرامہ صرف ٹی وی پر نہیں موبائل پر بھی دیکھا جارہا ہے جس پر ہر کسی کی دسترس ہے۔ ایک انٹرویو میں شبیر جان نے کہا کہ ہماری ڈرامہ انڈسٹری بھی تبدیلی کے دور سے گزر رہی ہے، ٹرانسفارمیشن کبھی بھی آسان نہیں ہوتی لیکن میں یہ ضرور کہوں گا جو ڈرامہ انڈسٹری سے وابستہ ہیں انہیں اپنی سمت پر نظر رکھنی ہوگی کہ کہیں ہم اس ٹرانسفارمیشن میں غلط راستے پر تو نہیں جارہے۔

بھاری بھرکم آواز کے مالک عزیز میاں قوال کی 24 ویں برسی 6 دسمبر کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) بھاری بھرکم آواز کے مالک عزیز میاں قوال کی 24 ویں برسی 6 دسمبر کو منائی جائے گی۔ ان کا شمار پاکستان کے مقبول ترین قوالوں میں ہوتا ہے وہ اپنی قوالیوں میں اکثر علامہ اقبال اور قتیل شفائی کی شاعری استعمال کرتے تھے۔ بھاری بھرکم اور طاقت ور آواز کے مالک عبدالعزیز المعروف عزیز میاں قوال 17 اپریل 1942 کو پیدا ہوئے تقسیم ہند کے بعد انہوں نے لاہور میں سکونت اختیار کی وہ پاکستان کے مقبول ترین قوالوں میں شمار ہوتے تھے انہیں ”اللہ ہی جانے کون بشر ہے“ ”یا نبیؐ یا نبیؐ“ اور ”میں شرابی شرابی“ جیسی قوالیوں نے شہرت کی بلندیوں پر پہنچا دیا۔

پروڈیوسر آصف راہی نے خوشبو، ندا چوہدری کو اکٹھے کام کرنے کیلئے راضی کرلیا

لاہور (این این آئی) ڈرامہ پروڈیوسر آصف علی راہی نے اسٹیج کی دو نامور اداکاراؤں ندا چوہدری اور خوشبو خان کو اکٹھے ڈرامہ کرنے کیلئے راضی کرلیا، دونوں اداکارائیں آج (جمعہ) سے تماثیل تھیٹر میں شروع ہونے والے نئے اسٹیج ڈرامہ ”پاگل خانہ“ میں اپنے جلوے بکھیریں گی۔ ڈرامے کی دیگر کاسٹ میں قیصر پیا، صباء چوہدری، بلا شیخوپوریا، وکی بٹ، گڈو کمال، امجد رانا سمیت دیگر شامل ہیں۔ ڈرامے کی ہدایات بھی قیصر پیا کی ہیں جبکہ اسے ڈاکٹر اجمل ملک نے تحریر کیا ہے۔ پروڈیوسر آصف علی راہی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پرستار دونوں اداکاراؤں کے اکٹھے پرفارم کرنے پر بے حد خوش ہیں اور ان کی پرفارمنس دیکھنے کے لئے بیتاب ہیں۔ آج جمعہ سے تماثیل تھیٹر میں شروع ہونے والے اسٹیج ڈرامہ کا اسکرپٹ بھی انتہائی دلچسپ ہے جبکہ ڈرامے کی تمام کاسٹ بھی اپنی پرفارمنس سے شائقین کو اپنے سحر میں جکڑنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں دھوکے سے دوسری شادی کرنا معمول بن چکا ہے، اداکارہ حریم فاروق

معاشرے میں بھی یہی ہو رہا ہے مرد دھوکے سے دوسری شادی کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ حریم فاروق نے کہا ہے کہ ہمارے معاشرے میں دھوکے سے دوسری شادی کرنا معمول بن چکا ہے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کی مایہ ناز اداکارہ حریم فاروق نے انٹرویو میں ایک سوال پر جواب دیا کہ ہمارے معاشرے میں تقریباً ہر دوسرے گھر میں دوسری شادی جیسے مسائل موجود ہیں۔ اداکارہ کے مطابق مذہب اسلام میں دوسری شادی کی اجازت ہے، دوسری شادی سے کوئی کسی کو نہیں روک سکتا لیکن دھوکا دے کر شادی کرنا معمول بن چکا ہے۔ حریم فاروق نے مزید کہا ہے کہ معاشرے میں بھی یہی ہو رہا ہے مرد دھوکے سے دوسری شادی کرتے ہیں جس کے اثرات پورے خاندان پر پڑتے ہیں۔ معروف اداکارہ حریم فاروق نے کہا ہے کہ ہمارے معاشرے میں دھوکے سے دوسری شادی کرنا معمول بن چکا ہے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کی مایہ ناز اداکارہ حریم فاروق نے انٹرویو میں ایک سوال پر جواب دیا کہ ہمارے معاشرے میں تقریباً ہر دوسرے گھر میں دوسری شادی جیسے مسائل موجود ہیں۔

فلم انڈسٹری کو تقویت دینے کیلئے جوائنٹ وینچر ناگزیر ہے‘ میرا

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ میرا نے کہا ہے کہ فلم انڈسٹری کو تقویت دینے کے لئے جوائنٹ وینچر ناگزیر ہے، حکومت خود بھی سرمایہ کاری کرے جبکہ مختلف ممالک سے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے بات چیت میں فلم انڈسٹری کو بھی شامل کیا جائے۔ ایک انٹرویو میں میرا نے کہا کہ اگر فلمیں نہ بننے کا رجحان برقرار رہا تو حالات مزید ابتر ہو جائیں گے اس لئے ابھی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت سے اپیل ہے کہ فنڈ قائم کر کے عملی طور پر سرمایہ کاری کرے جس سے فلم انڈسٹری کو سہارا مل جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں ہرگز یہ نہیں کہتی کہ فلم انڈسٹری میں صرف ہم لوگوں نے ہی کام کرنا ہے، نئی کھیپ میسر آنی چاہیے لیکن وہ تبھی آئے گی جب فلم انڈسٹری میں کام ہو رہا ہوگا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چیئرمین پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کی بنک آف پنجاب کے صدر سے ملاقات

پنجاب میں سرمایہ کاری بڑھانے اور قابل منافع اور بہترین منصوبوں کی قبل از قرضہ منظوری کے حوالے سے بات چیت

سی ای او اور صدر پنجاب بنک ظفر مسعود نے معاشی سرگرمیوں میں اضافے کیلئے ہر طرح سے تعاون کی یقین دہانی کروادی

لاہور (کامرس رپورٹر) پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت کے چیئرمین نے عہدہ سنبھالنے کے بعد مربوط طریقے سے سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے کمر کس لی ہے۔ چیئرمین بورڈ محمد مُتقی اشرف نے اس حوالے سے حکومت پنجاب کے قابل عمل منصوبوں کی قبل از قرضہ منظوری کے حصول کیلئے اہم ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے بنک آف پنجاب کے سی ای او اور صدر ظفر مسعود سے خصوصی ملاقات کی۔ چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت نے اس موقع پر کہا کہ بہترین منصوبہ جات کی قبل از قرضہ منظوری سے نہ صرف سرمایہ کاروں کو منصوبوں کی مکمل تفصیلات میسر ہو سکیں گی بلکہ وہ ان قابل عمل منصوبوں پر سرمایہ کاری کیلئے طویل مالیاتی پیچیدگیوں اور تفصیلات پر اضافی وقت خرچ کرنے سے بھی بچ جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت نے اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے مختلف مالیاتی اداروں کے ساتھ بات چیت کا سلسلہ شروع کیا ہے تاکہ حکومت پنجاب سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے بہترین منصوبے تشکیل دے سکے۔ بنک آف پنجاب کے سی ای او ظفر مسعود نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بنک آف پنجاب بہترین اور قابل عمل منصوبوں کی قبل از قرضہ منظوری کے حصول کیلئے پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت کو ہر طرح کا تعاون فراہم کرے گا تاکہ ملک میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو۔ انہوں نے اس تجویز سے اتفاق کیا کہ پنجاب بھر میں سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے بنائے گئے کاروبار سہولت مراکز کی ترویج کیلئے بنک آف پنجاب کے پلیٹ فارمز سے معلوماتی کتابچے تقسیم کئے جائیں گے۔ شرکاء نے اس ضمن میں مزید پیش رفت کیلئے مسلسل ملاقاتوں کے انعقاد پر اتفاق کیا۔

وزارت توانائی، پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے لاہور چیمبر کا مطالبہ تسلیم کرنا قابل ستائش ہے، میاں ابوذر شاد

تجارتی و صنعتی ایسوسی ایشنز کی جانب سے لاہور چیمبر کی کوششوں کی تعریف

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے انڈسٹریل کیمیکلز اور پیٹروکیمیکلز ریلیز کرنے سے متعلق مطالبہ تسلیم کرنے پر وزارت توانائی، پٹرولیم ڈویژن کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے صنعتی شعبہ کو بہت ریلیف ملے گا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ لاہور چیمبر کی کوششوں کے نتیجے میں حکومت نے نئے فلیش پوائنٹ اسٹینڈرڈز کے رولز کو چھ ماہ کے لیے موخر اور تمام کنٹینرز کی روانگی کے لیے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ حالیہ دنوں میں حکومت نے نئے فلیش پوائنٹ اسٹینڈرڈز متعارف کرائے تھے جس سے مختلف صنعتوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا اور اس کے نتیجے میں صنعتی کیمیکلز اور پیٹرولیم مصنوعات کے کنٹینرز کراچی کی بندرگاہوں پر پھنس گئے تھے جس سے صنعتوں کو سنگین خطرات کا سامنا تھا۔ لاہور چیمبر نے اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے پاکستان کیمیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن، پاکستان آرٹیفیشل لیدر مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن، پاکستان فارماسسٹ ایسوسی ایشن، پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن، پاکستان کوٹنگ ایسوسی ایشن، پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائز مرچنٹس ایسوسی ایشن، پاکستان کراپ پروٹیکشن ایسوسی ایشن، پاکستان فٹ ویئر مینوفیکچررز ایسوسی ایشن اور دیگر اہم صنعتوں کی ایسوسی ایشنز کے ساتھ مشاورت کی اور متعلقہ وزارت سے رابطہ کر کے مسئلہ حل کرنے کی درخواست کی۔ کاروباری برادری نے لاہور چیمبر کی کوششوں کو سراہا جس نے ان کے مفادات کے لیے آواز بلند کی۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ ضروری کیمیکلز کی کلیئرنس پیداواری اخراجات کو کم کرنے، برآمدی مسابقت کو بڑھانے اور صنعتی آپریشنز کی تسلسل کو برقرار رکھنے میں مدد کرے گی۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ درآمد شدہ پیٹروکیمیکلز کی دستیابی مختلف صنعتوں کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار کی ترقی کے لیے ایک معاون ریگولیٹری ماحول کو برقرار رکھنا ضروری اور ضروری خام مال کی درآمد میں آسانی پیدا کرنا صنعتی ترقی کے لیے اہم ہے۔

نومبر اور دسمبر ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کا امکان

نومبر میں مہنگائی کی شرح 6.5 فیصد اور دسمبر میں مہنگائی کی شرح 5.6 فیصد تک پہنچ سکتی ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزارت خزانہ نے ملک میں نومبر اور دسمبر کے دوران مہنگائی کی شرح میں اضافے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ وزارت خزانہ کی ماہانہ اقتصادی رپورٹ کے مطابق نومبر میں مہنگائی کی شرح 6.5 فیصد تک رہنے کی توقع ہے جبکہ دسمبر میں مہنگائی 5.6 فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملکی برآمدات 5.2 سے 3 ارب ڈالرز تک رہنے کی توقع ہے۔ مالی سال کے پہلے چار ماہ میں معاشی استحکام دکھائی دے رہا ہے، جولائی سے اکتوبر کے دوران توقعات سے زیادہ معاشی بحالی ہوئی ہے اور اس دوران مہنگائی میں ریکارڈ کمی ہوئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق چار ماہ میں ترسیلات زر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، شرح سود میں کمی سے سود کی ادائیگیوں میں کمی ہوئی ہے اور چار ماہ میں سود ادائیگیوں میں 3.5 کمی ہوئی ہے۔ جولائی سے اکتوبر تک اخراجات میں 8.1 فیصد کمی ہوئی جبکہ ایف بی آر کی ٹیکس وصولیوں میں 3.25 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ آئندہ مہینوں میں معاشی سرگرمیوں میں اضافے کا امکان ہے۔

رواں مالی سال میں گاڑیوں کی فروخت میں نمایاں اضافہ، الیکٹرک گاڑیوں کی مانگ بڑھ گئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) رواں مالی سال کے دوران ملک میں گاڑیوں کی فروخت میں زبردست اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس میں الیکٹرک گاڑیوں کی مانگ میں خاص طور پر مسلسل اضافہ دیکھنے کو آیا ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق، بسوں اور ٹرکوں کی فروخت میں 82 فیصد، جیپوں اور پک اپ ٹرکوں میں 60 فیصد، جبکہ رکشوں اور موٹر سائیکلوں کی فروخت میں 4.23 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ماہرین کے مطابق اس اضافے کی سب سے بڑی وجہ شرح سود میں کمی ہے، جس کے باعث گاڑیوں کی خریداری کے لیے قرضوں کی رسائی آسان ہوئی ہے۔

سوئی ناردرن کا موسم سرما میں گیس کی بلاتعطل فراہمی کا اعلان

صارفین کو گیس کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں آئے گی، سوئی ناردرن گیس پائپ لائن

لاہور (سی ایم لنکس) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز نے موسم سرما کے دوران گیس کی بلاتعطل فراہمی کے حوالے سے اہم اعلان کیا ہے۔ ترجمان سوئی ناردرن کے مطابق، موسم سرما میں گھریلو اور کمرشل سیکٹرز میں گیس کے استعمال میں اضافے کے باوجود صارفین کو گیس کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں آئے گی۔ ترجمان نے مزید کہا کہ سوئی ناردرن گیس کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اپنے ایمرجنسی یونٹس کو فعال کر چکا ہے، جو مسلسل گیس کی فراہمی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ، کوکنگ آورز میں گنجان آباد اور ٹیل کے علاقوں میں بھی گیس فراہم کی جائے گی تاکہ صارفین کو کسی بھی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ سوئی ناردرن کی جانب سے یہ اعلان اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ سردیوں میں گیس کی فراہمی بلاتعطل جاری رہے گی، جس سے عوام کو سردیوں میں گیس کے بحران سے بچنے میں مدد ملے گی۔

کمشنر ساہیوال کی ہدایت پر تجاوزات کیخلاف کارروائی جاری

پکی تجاوزات پر 6 دوکانداروں کے خلاف مقدمات درج کروا کر دو کو گرفتار کرایا گیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن کی انفورسمنٹ برانچ شہر کے معروف کاروباری مراکز میں تجاوزات کے خلاف کاروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے اور دیپال پور بازار میں پکی تجاوزات پر 6 دوکانداروں کے خلاف مقدمات درج کروا کر دو کو گرفتار کرایا گیا۔ یہ بات انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء نے کمشنر آفس میں ہونے والے مختلف محکموں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس میں بتائی جس کی صدارت کمشنر شعیب اقبال سید نے کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر صفدر حسین، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ انہوں نے بتایا کہ چیف آفیسر شیخ اشفاق احمد کی زیر نگرانی روزانہ کی بنیاد پر اینٹی انکروچمنٹ کاروائیاں جاری ہیں تاکہ خریداری کے لئے آنے والوں کو پریشانی سے بچایا جا سکے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے تجاوزات کے خلاف جاری کاروائیوں پر عملے کی کارکردگی کو سراہا اور ہدایت کی کہ انہیں مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے۔ انہوں نے پسپ پروگرام کے تحت غلہ منڈی میں جاری بحالی کے کام کو تیز کرنے اور اسے جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی تاکہ عوام کی مشکلات کم ہو سکیں۔

ساہیوال: غیر قانونی ہاوسنگ سوسائیٹز، مارکیٹس اور تعمیرات کے خلاف کاروائیاں جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل صائمہ علی کی ہدایت پر ضلع کونسل ساہیوال کی غیر قانونی ہاوسنگ سوسائیٹز، مارکیٹس اور تعمیرات کے خلاف کاروائیاں جاری، متعدد غیر قانونی ہاوسنگ سوسائیٹز کو سیل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل صائمہ علی اور چیف آفیسر ضلع کونسل رانا غلام دستگیر کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ آفیسر پلاننگ جاوید انور گوندل نے غیر قانونی ہاوسنگ سوسائیٹز کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے اڈہ شیبل پر الحرم ولاز، چک نمبر 9L/142 میں الرحمان ٹاؤن اور چک نمبر 12L/110 میں رائے احمد نواز ٹاؤن کو سیل کر دیا۔ اسی طرح عارف والا روڈ پر کاروائی کرتے ہوئے انہوں نے ایک گودام اور چک نمبر 9L/112 میں ایک پولٹری شیڈ کو بھی سیل کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی تعمیرات اور ہاوسنگ سوسائیٹز مالکان کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی اور ان عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

محکمہ سپورٹس پنجاب کے زیر اہتمام انٹر ڈسٹرکٹ گیمز کے مقابلوں کا آغاز کر دیا گیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کھیلتا پنجاب پروگرام کے تحت محکمہ سپورٹس پنجاب کے زیر اہتمام انٹر ڈسٹرکٹ گیمز کے مقابلوں کا آغاز کر دیا گیا۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ کھیلتا پنجاب گیمز کا افتتاح کیا۔ ایم پی اے عمر فاروق ڈار حق نواز چیمہ، ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل امیر خان، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد سجاد، تحصیل سپورٹس آفیسر علی حیدر و دیگر افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ ایونٹ کی افتتاحی تقریب کا آغاز شہباز شریف سپورٹس جمنزیم گوجرانوالہ میں ہوا دوسرے فیز کے پہلے روز کھلاڑیوں میں میٹ ریسلنگ، تائیکوانڈو اور والی بال کے مقابلے ہوئے، انہوں نے کہا کہ کھیلتا پنجاب پروگرام کے تحت کھلاڑیوں کے درمیان 5 مختلف گیمز کھیلی جائینگی۔ کامیاب کھلاڑی صوبائی سطح کے مقابلوں میں حصہ لیا انہوں نے کہا کہ یہیں سے ٹیلنٹ ابھرے گا اور کھلاڑی ملکی سطح کی کھیلوں میں حصہ لینگے۔

سٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی، 100 انڈیکس میں بڑا اضافہ، 98 ہزار کی حد عبور

کراچی (سی ایم لنکس) کاروباری ہفتے کے دوسرے روز منفی زون میں بند ہونے والی سٹاک مارکیٹ میں آج کاروبار کے آغاز پر زبردست تیزی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز کاروبار کے آغاز پر پاکستان سٹاک مارکیٹ کے 100 انڈیکس میں 3357 پوائنٹس کا بڑا اضافہ ہوا جس کے بعد انڈیکس 98 ہزار 160 پوائنٹس تک پہنچ گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا منفی آغاز ہوا، سٹاک مارکیٹ کے 100 انڈیکس میں 541 پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی جس سے انڈیکس 97 ہزار 538 کی سطح پر آ گیا۔ بعد ازاں ایک بار پھر پاکستان سٹاک مارکیٹ میں تیزی دیکھنے کو ملی اور پھر 100 انڈیکس 99 ہزار کی حد عبور کر گیا۔

جیکب آباد میں دیرینہ دشمنی کی بنا پر نوجوان قتل

جیکب آباد (رپورٹ منظور احمد گورچانی) جیکب آباد میں دیرینہ دشمنی کی بنا پر نوجوان قتل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے بی سیکشن تھانہ کی حدود گاؤں شاہنواز بنگلانی میں دیرینہ دشمنی کی بنا پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک نوجوان شہزادو بنگلانی قتل کر دیا اور فرار ہو گئے، اطلاع پر حدود کی پولیس نے پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لیکر قانونی کاروائی کے لیے اسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثہ کے حوالے کی گئی، حدود کی پولیس کے مطابق بنگلانی برادری کے دو گروپوں کے درمیان دیرینہ دشمنی چل رہی ہے، جس کی بنا پر یہ واقعہ پیش آیا ہے، واقعے کی مزید تحقیقات کر رہے ہیں۔

غیر آباد گردواروں کی مرمت کیلئے فنڈ کی فراہمی پر حکومت کے مشکور ہیں، سردار رمیش سنگھ اروڑہ

اقلیتوں کے حقوق کیلئے وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ پنجاب کا تعاون مثالی ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) صوبائی وزیر اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا ہے کہ اقلیتوں کے حقوق کے لیے وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا تعاون مثالی ہے سکھ برادری غیر آباد گردواروں کی آباد کاری اور تعمیر و مرمت کے لیے فنڈز کی فراہمی پر پنجاب حکومت کی مشکور ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں مٹو بھائیکے میں گوردوارہ کھارا صاحب پر آمد کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انکے ہمراہ امریکہ و دیگر ممالک سے آئے سکھ یاتری سردار برجندر سنگھ سمیت ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر محکمہ اوقاف سمیرا رضوی، اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں جواد حسین پیرزادہ و دیگر انتظامی و پولیس افسران بھی موجود تھے صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ دیگر رفقاء کا گوردوارہ کھارا صاحب پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا گوردوارہ کی خستہ حالی پر سردار رمیش سنگھ کا کہنا تھا کہ غیر فعال گردواروں کو فعال بنانے کے لیے صوبائی حکومت کے فنڈز سے مٹو بھائیکے گردوارہ کے احاطہ میں کمروں کی تعمیر کا منصوبہ بھی شروع کیا جا رہا ہے اور سردار رمیش سنگھ اروڑہ و دیگر نے تعمیراتی کام کا آغاز کرنے کے لیے بنیاد رکھی اور اپنے مذہبی طریقہ سے دعا بھی کرائی۔

محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کا اجلاس، آمنہ بٹ نے صدارت کی

عوامی ریلیف کے اقدامات میں ضلع کے سماجی فلاحی اداروں کو ساتھ لیکر چلا جائے گا، ڈپٹی ڈائریکٹر

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کی ڈپٹی ڈائریکٹر مس آمنہ بٹ کی زیر صدارت محکمہ کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحصیل شرقپور میاں اشفاق علی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحصیل شیخوپورہ رائے فیض احمد کھرل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحصیل صفدر آباد طارق محمود بھٹی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحصیل فیروزوالہ زاہد رفیق گجر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر یونٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحصیل مریدکے مس معظمہ اشفاق، مس نازیہ ممتاز اور مینیجر صنعت زار مس صائمہ مختار شریک ہیں، اجلاس میں محکمہ کی رواں ماہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور محکمہ کے تحت جاری پنجاب حکومت کے عوامی ریلیف کے پروگرامز کی تکمیل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، شرکاء اجلاس کو ماہانہ کارکردگی کے حوالے بریفنگ دی گئی اور آئندہ کے لائحہ عمل کے سلسلہ میں مشاورت کی گئی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر مس آمنہ بٹ نے واضح کیا کہ ہمت کارڈ اور دھی رانی پروگرام کی سرگرمیوں کو مزید تیز کیا جائے گا تا کہ کوئی مستحق فرد یا گھرانہ ان سے استفادہ سے محروم نہ رہ سکے محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال نے ہمیشہ موثر کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور آئندہ بھی اس روایت کو آگے بڑھایا جائے گا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے انقلابی اقدامات کو عملی جامہ پہنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی اور مستحقین کی امداد کیلئے تمام افسران و ملازمین پہلے سے بڑھ کر امور ذمہ داری کی انجام دہی با احسن یقینی بنائیں گے ضلع میں ہمت کارڈ اور دھی رانی پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کی کاوشوں میں جس طرح مقامی این جی اوز نے ساتھ دیا وہ خوش آئند ہے آئندہ بھی عوامی ریلیف کے اقدامات میں ضلع کے سماجی فلاحی اداروں کو ساتھ لیکر چلا جائے گا۔

پی ٹی سی ایل کیبل تار کٹ جانے سے سینکڑوں فون بند صارفین کو مشکلات کا سامنا

وزیر آباد (نامہ نگار) پی ٹی سی ایل کیبل تار کٹ جانے سے سینکڑوں فون بند صارفین کو مشکلات کا سامنا ڈسکہ روڈ پر کام کے دوران کرین کی کھدائی کے دوران زیر زمین کیبل کٹ جانے سے صارفین کے دو سو سے زیادہ کے فون نیٹ سمیت بند ہو گئے چار روز گزرنے کے باوجود ابھی تک صارفین کے فون اور نیٹ سسٹم بحال نہیں کیا جا سکا محکمہ حکام کے مطابق بحالی کے لیے سسٹم کو ٹھیک کرنے کے لئے گوجرانولہ سے ٹیم کام کر رہی ہے۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

ڈسٹرکٹ پروبیشن آفیسر کے زیر اہتمام پروبیشنرز کے لیے تربیتی نشست کا اہتمام

تربیتی نشست میں ہر پروبیشنر آفیسر کو پودے لا کر لگانے کا حکم دیا گیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جاوید اقبال بوسال کے احکامات پر ڈسٹرکٹ پروبیشن آفیسر کے زیر اہتمام پروبیشنرز کے لیے تربیتی نشست کا اہتمام کیا۔ تربیتی نشست میں ہر پروبیشنر کو پودے لا کر لگانے کا حکم دیا گیا ڈسٹرکٹ پروبیشن آفیسرز ساجد محمود شاکر اور میڈم انعم رحمت نے پروبیشنرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پانچ کروڑ افراد میں بھی یہ شعور پیدا کر دیا جائے کہ درخت ہمارے ملک کے لیے اس وقت کتنی اہمیت اختیار کر گئے ہیں تو آنے والے چند سال میں سرسبز پاکستان کا خواب پورا ہو سکتا ہے۔ آج ہمارے ملک میں درخت گھٹتے جا رہے ہیں اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں۔ اگر ہر پاکستانی اپنی مدد آپ کے تحت درختوں کی تعداد کو بڑھانے کے لیے تگ و دو کرے گا تب جا کر پاکستان سرسبز پاکستان بن سکتا ہے۔ اسی سلسلے میں مختلف میڈیا پر مہم چلائی جا رہی ہے کہ ہر شخص کم از کم ایک پودا ضرور لگائے۔ کیا یہ خواب ممکن ہے۔ بالکل ممکن ہے۔ اس کے لیے آنے والے دنوں، ہفتوں میں بھرپور آگاہی مہم کی ضرورت ہے۔

پولیس کی جانب سے شہری پر ایف آئی آر، متاثرین کا ہائیکورٹ سے رجوع

پسرور (خواجہ عامر جاوید سے) سرکاری وردی کی آڑ میں ایس ایچ او کاشف بٹ نے اپنے کارخاص اے ایس آئی عدنان وارث کے ہمراہ زمینی خداؤں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے شریف اور مضروب شہری پر ایف آئی آر کے ساتھ 56 ہزار جامع تلاشی بھی ہڑپ لی متاثرین کا ہائی کورٹ سے رجوع۔ گزشتہ روز تھانہ ہیڈ مرالہ کی حدود میں اپنی مہران کار کام سے واپس گھر لوٹتے ہوئے حسن اور متین پر چار کس ملزمان کو حملہ آور دیکھ کر قریب سے گزرتے عابد کو 15 پر کال کرنا مہنگا پڑ گیا ایس ایچ او کاشف بٹ سمیت نفری نے موقع پر پہنچ کر دونوں فریقین کو حراست میں لیا لیکن زمینی آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنے لیے پہلے تو زخمی مضروبین حسن اور متین کو گھنٹوں حبس بیجا میں رکھ کر جبری سادے پیپر سائن انگوٹھے لگوائے گئے پھر اطلاع دیندہ عابد پر بھی ایف آئی آر درج کرتے ہوئے ایس ایچ او کاشف بٹ کی زیر نگرانی عملہ خاص نے جامع تلاشی میں پائی جانے والی 56 ہزار رقم بھی ہتھیالی اور حقیقی ملزمان سے ساز باز کر کے باعزت پروٹوکول کے ساتھ گھر روانہ کر ڈالا جس پر ایف آئی آر کی حقیقت کو بھانپتے ہوئے عدالت عالیہ نے موقع پر ایف آئی آر تو خارج کر دی لیکن عابد کی جامع تلاشی سے برآمد شدہ رقم متاثرہ شخص کو واپس نا مل سکی رقم کی ڈیمانڈ پر سابقہ ایس ایچ او کاشف محمود بٹ اور اے ایس آئی عدنان وارث کی مضروب عابد کے ساتھ غلیظ زبان کا استعمال مضروبین حسن متین اور عابد کو سیالکوٹ ڈی پی او سیالکوٹ ڈی ایس پی صدر سرکل سمیت کسی فورم سے انصاف کی فراہمی کو یقینی نا بنایا جا سکا انصاف نا ملنے پر مضروبین کے اہلے خانہ کا ہائی کورٹ سے رجوع ہائی کورٹ نے آر پی او گجرانوالہ ڈی پی او سیالکوٹ اور ایس ایچ او کاشف بٹ وغیرہ کے خلاف پٹیشن منظور کر لی۔

تھانہ بیگوالہ پولیس نے چوری کے ملزمان گرفتار کر لئے۔

کروڑوں روپے کی ریکوری کیلئے پنجاب انویسٹی گیشن بورڈ کا حکمنامہ جاری

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) معروف سیاسی سماجی و کاروباری شخصیت مون چیمہ کی مون چیمہ رائس ملز وزیر آباد روڈ کوٹ خدایار میں مجموعی طور پر گندم مونجی و چاول مالیتی 3 کروڑ 50 لاکھ سے زائد ایک بڑی چوری کی واردات کا مقدمہ نمبر 340/23 نامزد 12 ملزمان سے 9 ضمانت پر جبکہ 3 مقدمہ میں اشتہاری ہیں تھانہ بیگوالہ میں ڈاکٹر منظور چیمہ کی مدعیت میں درج ہوا۔ چوری کی بڑی واردات بارے تھانہ بیگوالہ کے تفتیشی آفیسر محمد عصمت کا کہنا ہے کہ درجہ بالا مقدمہ میں پنجاب انویسٹی گیشن بورڈ/ پی آئی بی نے تمام نامزد ملزمان کو گنہگار قرار دے چکا ہے اور ایس ایچ او بیگوالہ کو ہدایات جاری کیں کہ مال مسروقہ و واردات کے دوران ملزمان کیجانب سے استعمال شدہ اسلحہ برآمد کیا جائے۔ آج مقدمہ کے نامزد ملزمان کی عبوری ضمانتوں پر ہیئرنگ تھی جس میں مدعی مقدمہ کیجانب سے سابق صدر سمبڑیال بار ایسوسی ایشن چوہدری عمران احمد چیمہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے مضبوط و ٹھوس دلائل کرتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج صاحب سمبڑیال کے سامنے بحث کی۔

اوکاڑہ کلہاڑی کے وار سے نوجوان قتل مرکزی ملزم گرفتار اوکاڑہ

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ کلہاڑی کے وار سے نوجوان قتل مرکزی ملزم گرفتار اوکاڑہ تھانہ شاہبور کے علاقے 42 فور ایل میں لڑائی جھگڑے پر نوجوان قتل ڈی پی او محمد راشد ہدایت کا سخت نوٹس اوکاڑہ ڈی پی او کا ایس ایچ او کو ملزمان گرفتار کرنے کا حکم اوکاڑہ پولیس نے مرکزی ملزم جاوید ولد شریف کو گرفتار کر لیا اوکاڑہ مقتول جاوید ولد حبیب اور جاوید ولد شریف کے درمیان زمین سے تار گزارنے پر لڑائی جھگڑا ہوا اوکاڑہ ملزمان نے مقتول جاوید کے سر میں کلہاڑی مار کر زخمی کر دیا اوکاڑہ مقتول جاوید شدید ضربات برداشت نہ کر سکا اور ساہیوال ہسپتال جاتے ہوئے دم توڑ گیا اوکاڑہ پولیس نے مقتول جاوید کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا اوکاڑہ ملزمان کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی ڈی پی او راشد ہدایت اوکاڑہ کسی کو ناحق قتل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی ڈی پی او راشد ہدایت ڈسٹرکٹ پولیس اوکاڑہ

حافظ آباد: دوران ڈکیتی قتل کا ڈراپ سین سی آئی اے حافظ آباد نے ملزمان کے ماسٹر پلان کا دوسرے روز ہی پردہ چاک کر دیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) تین روز قبل چالیس سالہ ثاقب حسین کو تھانہ سکھیکی منڈی کی حدود میں دوران ڈکیتی فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا، حافظ آباد: موٹر وے پولیس کی لیڈی آفیسر کا بھائی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر جاں بحق ہو گیا، حافظ آباد: دوران ڈکیتی قتل کیس پہ ڈی پی او حافظ آباد کا نوٹس ٹیمیں تشکیل دے کر ملزمان کو ٹریس کرنے کے احکامات جاری کیے، حافظ آباد: انچارج آرگنائز کرائم یونٹ حافظ آباد عہد حسین تارڑ اور انکی ٹیم نے دوسرے روز ہی ملزمان کو ٹریس کر لیا، حافظ آباد: ذرائع کے مطابق ملزمان نے ڈکیتی کا رنگ دے کر پری پلان مرڈر کیا تھا جبکہ سی آئی اے کی تفتیش سے ڈراپ سین ہو گیا۔ پولیس نے ملزمان کو ٹریس کرتے ہوئے سرگودھا سے گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا ہے، حافظ آباد: سی آئی اے اور متعلقہ تھانہ کی پولیس نے چند روز میں ملزمان کو ٹریس اور گرفتار کر کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

نارنگ منڈی: 8 لاکھ مالیت کا زیور چوری، ڈالہ واہگہ 1 لاکھ کی موٹر غائب

اہل علاقہ کی جانب سے چوری کی واردات پر تشویش کا اظہار، نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوروں کے وار جاری گھر سے 8 لاکھ روپے مالیت کا زیور چوری ڈالہ واہگہ سے 1 لاکھ روپے کی موٹر غائب تفصیل کے مطابق محلہ امانت پورہ میں گھر پر چوری کی واردات اہلخانہ گھر پر سو رہے تھے چور دیوار پھلانگ کر آئے 80 ہزار روپے نقدی اور 3 تولے زیورات چوری کر کے لے گئے نارنگ منڈی پولیس نے شاہد محمود کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے ڈالہ واہگہ میں عمیر کے کھیتوں سے 1 لاکھ 5 ہزار روپے مالیت کی موٹر غائب ہو گئی کھیتوں سے سینکڑوں زرعی آلات اور موٹریں چوری ہونے پر اہل علاقہ نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پولیس حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

موٹر وے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے پر عزم ہے، امداد اللہ شاہد

شہریوں کو چاہئے کہ غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں، میٹنگ کے دوران گفتگو

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) سموگ اور دھند میں عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیحات ہیں۔ محتاط ڈرائیونگ سے حادثات پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ امداد اللہ شاہد۔ تفصیلات کے مطابق موٹر وے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس ٹریننگ کالج کے ڈپٹی کمانڈنٹ ایس پی امداد اللہ شاہد نے اپنے دفتر میں میڈیا سے دوران میٹنگ ہونے والی گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئی جی موٹر وے پولیس سلمان چوہدری کی خصوصی ہدایات پہ موٹر وے پولیس روڈ سیفٹی کیلئے پرعزم ہے۔ جسکے لئے آئے روز مختلف سیمینار اور پروگرام منعقد اسی ضمن میں ہو رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ شدید دھند اور سموگ کے دنوں میں شہریوں کو چاہئے کہ غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں۔ کسی بھی حادثے یا ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کیلئے اعصاب پر قابو رکھنا ضروری ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ ڈرائیونگ کے دوران محتاط رویہ حادثات میں نمایاں کمی کے ساتھ ساتھ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب بھی نہیں بنے گا ٹریفک کے بنیادی اصولوں پر عمل کر کے بھاری جرمانوں اور حادثات سے بچا جا سکتا ہے

شہر بھر میں جگہ جگہ گلی محلوں میں منی پٹرول پمپ قائم

انتظامیہ، پولیس قانون نافذ کرنے والے اداروں کی چشم پوشی

مریدکے (تحصیل رپورٹ) شہر بھر میں جگہ جگہ گلی محلوں میں منی پٹرول پمپ قائم انتظامیہ، پولیس قانون نافذ کرنے والے اداروں کی چشم پوشی کسی بڑے سانحہ کا انتظار کرنے لگی غیر معیاری پٹرول اور اس کی غیر قانونی فروخت اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان شہری خطرے میں انتظامیہ نے معمولی جرمانہ کرنے کی آڑ میں کھلی چھوٹ دے دی کسی وقت بھی نااہل انتظامیہ کے باعث بڑا سانحہ ہونے کے خدشات منڈلانے لگے شہریوں کا وزیر اعلیٰ سمیت دیگر ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کیمطابق مریدکے شہر گلی محلوں میں تحصیل انتظامیہ میونسپل کارپوریشن تھانہ سٹی مریدکے انتظامیہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مبینہ ملی بھگت سے ہر طرف منی بم پٹرول پمپ مشینیں کر دی گئی انتظامیہ معمولی جرمانے کرنے کی آڑ میں پٹرول مشینوں کو کھلم کھلا چھوٹ دینے لگی غیر معیاری پٹرول اور غیر قانونی فروخت نے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا منی پٹرول مشینیں کسی وقت بھی کسی بڑے سانحہ کا سبب بن سکتی ہے شہریوں تاجروں رفاہی وسماجی تنظیموں نے ارباب اختیار سے فوری نوٹس لینے غیر قانونی نصب شدہ منی پٹرول پمپ مشینوں کیخلاف مقدمات درج کر کے مشینیں ضبط کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اوکاڑہ: منشیات کے دو سمگلروں سے بھاری چرس برآمد

نام زمانہ منشیات کا سمگلر اپنی کار میں بھاری مقدار میں چرس لیکر آ رہا تھا کہ پکڑا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے بڑی کاروائی کرتے ہوئے منشیات کے دو سمگلروں سے بھاری مقدار چرس برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اوکاڑہ کینٹ کو اطلاع ملی کہ بدنام زمانہ منشیات کا سمگلر اپنی کار میں بھاری مقدار میں چرس لیکر آ رہا ہے جس پر ایس ایچ او محمد اعظم چشتی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناکہ بندی کر کے کار نمبر اے بی جے 045 کو روکا تلاشی لینے پر کار سے لاکھوں روپے مالیت کی 12 کلو 80 گرام چرس برآمد کر کے نواحی قصبہ 4 جیڈی جھجرہ شاہ مقیم کے رہائشی منشیات کے سمگلر بشیر احمد ولد یتیم کو گرفتار کر کے اس کیخلاف مقدمہ درج کرا لیا ہے جبکہ تھانہ صدر اوکاڑہ کے ایس ایچ او محمد ریاض بھٹی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر نواحی قصبہ 54 ٹو ایل کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش سجاول ولد مجید مسیح سے 3 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کرا لیا۔

اوکاڑہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر میں جعلی ڈاکٹر ڈیوٹی کرتا ہوا پکڑا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ضلع کا سب سے بڑا ہسپتال جعلی ڈاکٹروں کے رحم و کرم پہ چھوڑ دیا گیا۔ اوکاڑہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر میں جعلی ڈاکٹر ڈیوٹی کرتا ہوا پکڑا گیا۔ اوکاڑہ جعلی ڈاکٹر بن کر مریضوں کو چیک کر رہا تھا۔ شک ظاہر ہونے پر مریض کے لواحقین جعلی ڈاکٹر کو پکڑ لیا۔ ڈیوٹی روسٹر پر وقاص نامی ڈاکٹر کی ڈیوٹی نہ تھی۔ ہسپتال پر ڈاکٹر موجود نہ ہونے کی وجہ سے اس طرح کے جعلی ڈاکٹر روزانہ چیک اپ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر دوران ڈیوٹی ہسپتال میں موجود نہیں ہوتے۔ مریضوں کے لواحقین نے نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لے کر ڈیوٹی میں غفلت برتنے والے افسران کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کیا۔

گھریلو حالات سے تنگ آ کر نوجوان نے خودکشی کر لی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گھریلو حالات سے تنگ آ کر نوجوان نے خودکشی کر لی تفصیلات کے مطابق محلہ دل خوش اپ کے علاقہ میں جوان سالہ لڑکے نے گھریلو حالات سے دل برداشتہ ہو کر اپنے اوپر فائرنگ کر کے خودکشی کر لی لاش ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چنیوٹ منتقل کر دی گئی جب کہ تھانہ سٹی پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

جیکب آباد میں ملیریا کے کیسز میں اضافہ، کمسن بچی جاں بحق

جیکب آباد (رپورٹ منظور احمد گورچانی) جیکب آباد میں ملیریا کے کیسز میں اضافہ، کمسن بچی جاں بحق، سینکڑوں لوگ مبتلا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد اور گرد و نواح کے علاقوں میں ملیریا کے کیسز میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے، ملیریا کی بڑھتے ہوئے کیسز کے باوجود محکمہ صحت کی جانب سے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے اور نہ مچھر مار اسپرے کرایا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے عوام سخت اذیت کا شکار ہے، جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے صدور آباد میں 8 سالہ بچی ظہیراں ملیریا میں مبتلا ہو کر فوت ہو چکی ہے، تحصیل ٹھل میں رواں ماہ کے دوران ملیریا کے مرض میں مبتلا ہو کر 4 بچے زندگی کی جنگ ہار چکے ہیں، عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ مچھروں کی افزائش پر قابو پانے کے لیے مچھر مار اسپرے کے ساتھ ملیریا کے علاج کی سہولیات فراہم کی جائیں اور متاثرہ علاقوں میں ڈاکٹروں کی خصوصی ٹیمیں بھیج کر لوگوں کی زندگیاں بچائی جائیں۔

مانانوالہ پریس کلب رجسٹرڈ کے زیر اہتمام سالانہ رحمۃ للعالمین ﷺ کانفرنس

سیرت النبی ﷺ ایک وسیع موضوع ہے، اور اس کا پیغام پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے، شرجیل امجد راؤ

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) مانانوالہ پریس کلب رجسٹرڈ کے زیر اہتمام سالانہ رحمتہ للعالمین ﷺ کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ جس کی صدارت شرجیل امجد راؤ صدر پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ نے کی اور اپنے خطاب میں کہا کہ سیرت النبی ﷺ ایک وسیع موضوع ہے، اور اس کا پیغام پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس کا بنیادی مقصد نوجوان نسل میں تعلیمات نبوی ﷺ کا شعور اجاگر کرنا اور ان کی زندگیوں میں ان تعلیمات کو عملی جامہ پہنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کے تمام مسائل کا حل سیرت طیبہ کی روشنی میں موجود ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان نسل کو تعلیمات نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنے کردار و عمل سے معاشرے کی تعمیر میں مثبت کردار ادا کر سکیں۔ معروف عالم دین علامہ ناصر مدنی نے کہا کہ اتحاد بین المسلمین کو فروغ دینے کے لیے سیرت النبی ﷺ کو اہم ترین ذریعہ قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کے عملی پہلو ہمارے لیے بہترین نمونے ہیں اور انہیں اپنانے سے ہی ہم اپنی زندگیوں کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ تقریب میں سول سوسائٹی، صحافیوں، طلبہ، اساتذہ علماء کرام اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جبکہ رکن پنجاب اسمبلی چوہدری محمود الحق شاہین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی مقررین مولانا لطف اللہ۔ مولانا عمران حقانی۔ قاری اشرف صابری پیر سیف اللہ نقشبندی صدیقی صدر مانانوالہ پریس کلب رجسٹرڈ رانا طارق رفیق اور ایس ایچ او مانانوالہ شہباز نجمی نے اپنے خطابات میں سیرت النبی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی اور کہا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے اسوہ حسنہ کو اپنائیں تاکہ ایک مثالی اسلامی معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

حادثے میں زخمی ہونے والا دہم کلاس کا طالبعلم دم توڑ گیا

دونوں بھائی چھٹی کے بعد گھر جا رہے تھے کہ سامنے سے آنیوالی موٹر سائیکل سے ٹکرا گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گزشتہ دنوں نارنگ کالا خطائی شاہراہ پر حادثے میں زخمی ہونے والا دہم کلاس کا طالبعلم دم توڑ گیا سرحدی گاؤں سدھانوالی کے رہائشی دو بھائی نجی سکول میں دہم کلاس کے طالب علم عادل اور احمد چھٹی کے بعد موٹر سائیکل پر سوار گھر جا رہے تھے کہ سامنے سے آنے والے موٹر سائیکل سوار سے ٹکرا گئے جس کے نتیجہ میں سامنے سے آنے والا موٹر سائیکل سوار شخص موقع پر جاں بحق جبکہ دونوں بھائی شدید زخمی ہو گئے تھے جنہیں شدید زخمی حالت میں لاہور منتقل کر دیا گیا جہاں پر طالب علم عادل کئی روز زندگی اور موت کی کشمکش میں رہنے کے بعد گزشتہ روز دم توڑ گیا جس کو نماز جنازہ کے بعد آبائی گاؤں سدھانوالی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں ڈکیتی کی تین مختلف وارداتوں میں آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود 46 ٹو ایل کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر محمد آصف سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات میں تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود 45 ٹو ایل کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر محمد اکرم سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ تیسری واردات میں تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود 33 ٹو آر کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر محمد شبیر اور محمد وقاص سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون وغیرہ چھین کر فرار ہو گئے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

ہے۔ الحمدللہ، پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں آج نئی تاریخ رقم ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اسٹاک مارکیٹ کی بلندی وغیرہ سمیت ہر تاریخی کام، ہر ریکارڈ مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہوتا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف اور انکی معاشی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں ملک نے نہ صرف استحکام حاصل کیا بلکہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے، اسٹاک مارکیٹ کا یہ ریکارڈ سرمایہ کاروں کے غیر متزلزل اعتماد، اور حکومت کی دانشمندانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا اعتماد دلیل ہے کہ پاکستان کا مستقبل روشن ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کی پالیسیز بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیلئے پرکشش ثابت ہو رہا ہے، مسلم لیگ (ن) نے اسٹاک مارکیٹ میں سیاسی نعرے نہیں لگوائے بلکہ اعلیٰ پالیسیز سے ایک لاکھ پوائنٹس عبور کرایا۔

بقیہ بقیہ جات 2

سرکاری دورے کے دوران کیتھیڈرل مسجد میں روس کے کونسل آف مفتیز کے نائب چیئرمین پروفیسر دامیر حضرت یننوف سے ملاقات کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے مسلم دنیا اور روس کے درمیان بڑھتے ہوئے دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا اور اسلاموفوبیا کے خلاف روس کے اصولی موقف کو سراہا، انہوں نے تمام مذاہب کی مذہبی شخصیات کے احترام سے متعلق صدر پیوٹن کے بیان کی بھی تعریف کی۔ اسپیکر نے روس میں بین المذاہب ہم آہنگی اور مذہبی تنوع کے فروغ کی بھی تعریف کی اور دونوں ممالک کے درمیان مذہبی اور ثقافتی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ مزید برآں اسپیکر قومی اسمبلی نے فلسطین میں جاری بربریت اور بے جا تشدد پر افسوس کا اظہار کیا، دونوں جانب سے فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ واضح رہے کہ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں پارلیمانی وفد 27 نومبر سے 29 نومبر 2024 تک روس کے سرکاری دورے پر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا بہترین دوست اور برادر ممالک ہیں، ملائیشیا کے وزیر اعظم داتو سری انور ابراہیم پاکستان کے دوست ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں پاکستان انہیں تنہا نہیں چھوڑے گا، دکھ کی اس گھڑی میں ملائیشیا کی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ملائیشیا میں مصیبت زدہ اپنے بہن بھائیوں کی مدد کرے گا، ماحولیاتی تبدیلی کے منفی اثرات پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی روکنے کے لیے دنیا کو متحد ہو کر اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 4

ثاقب عباسی عدالت میں پیش ہوئے۔ واضح رہے کہ 24 نومبر کو اسلام آباد پولیس نے پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما صداقت عباسی کو گرفتار کیا تھا۔ پولیس صداقت عباسی کو فیض آباد پل سے گرفتار کر کے قیدی وین میں بٹھا کر لے گئی تھی۔ صداقت عباسی کا کہنا تھا کہ میرا احتجاج سے کوئی تعلق نہیں، گھر جا رہا تھا۔ صداقت عباسی نے گزشتہ سال پاکستان تحریک انصاف اور سیاست چھوڑنے کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 5

رابطہ کیا کہ آپ نے احتجاج میں آنا ہے، ہمیں 50 ہزار روپے دیے گئے اور لڑائی میں پھنسا کر پی ٹی آئی قیادت فرار ہو گئی۔ شرپسند سجاد نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت کے بھاگنے کے بعد ہم بھی بھاگنے لگے تو پولیس نے ہمیں گرفتار کر لیا۔ شرپسند خورشید محمد اعوان نے بتایا کہ میں اپنے کاروبار کے سلسلے میں اسلام آباد آیا تھا اور ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ہونے کی وجہ سے ان شرپسندوں کی گاڑی میں بیٹھ گیا، میں گاڑی میں بیٹھ کر پریشان ہو گیا کیونکہ ان کے حلیے عجیب و غریب تھے، ان کے پاس ڈنڈے، پتھر اور اسلحہ تھا۔ خورشید محمد اعوان نے مزید بتایا کہ پولیس نے جب ان کی گاڑی کو روکا تو انہوں نے رکنے کے بجائے پولیس پر حملہ کیا اور گاڑی بھگا کر لے گئے، ٹول پلازہ پہنچنے پر شرپسندوں نے جلاؤ گھیراؤ شروع کر دیا، میں نے بہت مشکل سے جان بچائی۔

بقیہ بقیہ جات 6

ریٹائرڈ ہو چکے ہیں اور سرکاری رہائش گاہیں ان کے قبضے میں ہیں۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا ممبر پنجاب سروس ٹربیونل کو حکومت پنجاب نے رہائش دی ہے، ہائیکورٹ نے نہیں، ان سے گھر خالی نہیں کروایا گیا۔ جن کا استحقاق نہیں بنتا انہیں کیوں رہائش دی؟ کیٹگری سے ہٹ کر گھر الاٹ ہوئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری ویلفیئر نے بتایا کہ رپورٹ کے مطابق 237 رہائش گاہیں ہیں جس میں کچھ وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر آؤٹ آف ٹرن دی گئی ہیں، عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ غلط ہے۔ عدالت نے ایڈیشنل سیکرٹری ویلفیئر کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کیا اور حکم دیا کہ بتائیں کہ سرکاری گھر میرٹ پر الاٹ ہوئے یا نہیں، عدالت نے کیس کی مزید سماعت 4 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 7

کے خلاف ابھی تک کسی درج مقدمے کی نقل فراہم نہیں کی گئی ہے۔ کیپٹل ٹو پروجیکٹ جرنلسٹ کی طرف سے مطیع اللہ جان کی گرفتاری کی مذمت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری، صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری، سلیم ساگر اور کرنل ریٹائرڈ عابد بھی موجود تھے۔ لاہور پریس کلب کے کونسل ممبران کو فارم پریس کلب سے جبکہ نان کونسل ممبران کو ڈی جی پی آر سے فارم ملیں گے۔ اس موقع پر عظمیٰ بخاری نے کہا کہ آئندہ چند روز میں جرنلسٹ ہاؤسنگ سکیم فیز ٹو کا پراسس مکمل کر دیا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز لاہور کے 3200 صحافیوں کو اپنا گھر فراہم کرنے کا وعدہ پورا کرنے جا رہی ہیں، پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 3200 صحافیوں کو پلاٹس ملنے جا رہے ہیں، تمام صحافیوں کو میرٹ کی بنیاد پر پلاٹس ملیں گے، اس معاملے میں کسی کی سفارش قابل قبول نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ایف بلاک کا مسئلہ بھی حل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

میں مزید 10 ملزمان نے عدم ثبوت کی بنیاد پر بریت کی درخواستیں دائر کر دی ہیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت 2 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں اسپیشل پراسیکیوٹر راجہ اکرام امین منہاس نے کہا کہ ہمارے پاس مکمل ثبوت ہیں کوئی نہیں کہہ سکتا کہ جی ایچ کیو پر حملہ نہیں ہوا، اگر آپ سچے ہیں تو عدالت کا سامنا کیوں نہیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ملزمان کی کوشش ہے کہ سماعت میں تاخیر ہو، ہم نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر سماعت کریں، ملزمان نے آج بھی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دی ہے اور کوشش کی جا رہی ہے کہ عدالت کے ماحول کو خراب کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 10

21 نومبر کو خط لکھا گیا تھا جن میں ان سے تفصیلات طلب کی گئی ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ پولیس کی غیر جانبداری کو برقرار رکھنے کے لیے آنسو گیس اسٹاک سے متعلق تفصیلات فراہم کی جائیں۔ خط میں آنسو گیس کے اسٹاک اور گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ان کے استعمال کی تفصیلات دینے کا کہا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ خبریں آئی ہیں کہ اسلام آباد میں مظاہرین نے مبینہ طور پر آنسو گیس کا استعمال کیا۔ اس سلسلے میں اے آئی جی لاجسٹکس کے دفتر میں ایک ٹیم کو تفصیلات کے حصول کے لیے تعینات کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اس ٹیم کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پولیس کے پاس موجود آنسو گیس شیل کے ذخیرے کی مکمل جانچ کرے اور اس ڈیٹا کا موازنہ سی پی او اور ریجنل پولیس دفاتر کے پاس موجود اسٹاک کے ڈیٹا سے کرے۔

بقیہ بقیہ جات 11

گنڈاپور اور بشریٰ بی بی کارکنوں کو اکیلا چھوڑ کر بھاگ گئے، بھاگنے والے بزدل لاشوں اور گولیوں کا جھوٹا پروپیگنڈا کر رہے ہیں، ان لیگی رہنما کا کہنا ہے کہ لاشیں صرف رینجرز اور پولیس کی گری ہیں، پی ٹی آئی کے شرپسندوں کے پاس آنسو گیس کے شیل تھے، کہتے تھے سینے پر گولی کھائیں گے اور بھاگ گئے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ ریاست کو کمزور سمجھنے والوں کو سبق مل گیا ہوگا، سرکاری اسلحہ اور گاڑیاں لے کر وفاق پر چڑھائی کرنے آجاتے ہیں لیکن ضلع کرم کوئی نہیں جاتا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ آپ اس وقت ہنگامہ کرتے ہیں جب غیر ملکی دوست مہمان آئے ہوتے ہیں، یہ 9 مئی تو تھا، یہ بغاوت کی کوشش تھی۔

بقیہ بقیہ جات 12

خوش آئند اقدام ہے، علاقے میں پائیدار امن اور تنازعات کے حل کے لیے ان مذاکرات کو راستہ اختیار کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرم میں مخالف گروہوں کے درمیان 10 دنوں کے لیے سیز فائر ہو گیا ہے، نقصانات کے ازالے کے لیے تخمینہ لگایا جا رہا ہے جب کہ محفوظ نقل و حمل کے لیے سکیورٹی پلان پر بھی کام جاری ہے۔ واضح رہے کہ کرم میں مسافر گاڑیوں کے قافلے پر حملوں اور قبائل کی جھڑپوں میں مجموعی طور پر 102 افراد جاں بحق اور 138 زخمی ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 13

انصاف کے نہیں نکلے اور پریشانی گورنر پنجاب کو ہے، تحریک انصاف سے اتنی ہی ہمدردی ہے تو گورنر شپ چھوڑ کر پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کر لیں، حکومت کیسے کرنی ہے انتظامی معاملات کیسے چلانے ہیں ہمیں آپ کے مشوروں کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے گورنر پنجاب کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گورنر صاحب تحریک انصاف کی قیادت خود اپنی ہی پارٹی کے پنجاب کے لوگوں پر بندے نہ نکالنے پر برہم ہو رہی ہے، آپ کو تحریک انصاف سے اتنی ہی ہمدردی ہے تو گورنر شپ چھوڑ کر پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کر لیں، پنجاب سے لوگ تحریک انصاف کے نہیں نکلے اور پریشانی گورنر پنجاب کو ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پولیس کو غیر مسلح رکھا، مریم نواز کی کارکردگی کی وجہ سے پنجاب سے فتنے کی حمایت میں لوگ نہیں نکلے، پنجاب پولیس کے 2 جوان شہید ہوئے اور 171 زخمی ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

سے تیاریاں پورے سندھ میں گزشتہ بیس روز سے جاری ہیں، بچے، بڑے بوڑھے، خواتین سب نے مل کر یو اے ای کے قومی دن کی مناسبت سے تقریبات میں شرکت کی۔ قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان صدیوں پرانے برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔ شہریوں نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی، بچوں نے یو اے ای اور پاکستان دوستی کی محبت میں پرچم بھی اٹھا رکھے تھے۔ کراچی میں سب سے بڑی شاندار تقریب ہائپر اسٹار میں ہوئی جہاں یو اے ای کی ثقافت کو بھرپور انداز میں پیش کیا گیا، تقریب میں نصب خیمے یو اے ای کی ثقافت کو اجاگر کر رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 15

تاجروں کی تنظیم کے صدر کی جانب سے دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اپنایا گیا کہ ہائیکورٹ کے واضح حکم کے باوجود ہزاروں مظاہرین اسلام آباد میں داخل ہوئے اور نظام مفلوج کر کے رکھ دیا، خیبر پختونخوا سے آئے مظاہرین بزور طاقت بانی پی ٹی آئی کو رہا کرنے کا مطالبہ لے کر آئے تھے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے عدالتی حکم کی خلاف ورزی پر پی ٹی آئی کو نوٹس جاری کر کے آئندہ ہفتے جواب طلب کر لیا۔ عدالت عالیہ نے سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور آئی جی اسلام آباد کو بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 16

سیدال خان نے اسلامک ریلیف کے وفد کو چیمبر میں خوش آمدید کہا۔ قائمقام چیئرمین سینٹ نے کہا کہ اسلامک ریلیف نے قدرتی آفات کے دوران انسانیت کی خدمت کی جس پر شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زلزلوں، سیلابوں اور خشک سالی کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال میں اسلامک ریلیف کے رضا کار سب سے آگے رہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بلوچستان میں اسلامک ریلیف نے دور دراز علاقوں میں جا کر ریلیف کے کام کیے۔ قائمقام چیئرمین سینٹ نے کہا کہ آج بھی اسلامک ریلیف کے مختلف منصوبوں پر کام ہو رہا ہے، مختلف علاقوں میں ریلیف سینٹر کا قیام قابل تعریف ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

نیلم نے جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اپنایا گیا کہ پاسپورٹ کنٹرول لسٹ کی قانونی حیثیت نہیں ہے، ایف آئی اے اس لسٹ میں شہریوں کے نام نہیں ڈال سکتا۔ ایف آئی اے غیر قانونی طور پر اس لسٹ میں لوگوں کے نام ڈال رہا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل شہریوں کا ریکارڈ فراہم کرنے کا حکم دے۔ دوران سماعت عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس میں کہا کہ کیا ایک سال بعد رپورٹ آئے گی؟

بقیہ بقیہ جات 18

ملاقات کی اجازت نہیں ملی۔ ایڈووکیٹ فیصل چوہدری نے بھی بانی پی ٹی آئی سے فوری ملاقات کرانے کیلئے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو درخواست کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے پچھلی تاریخ پر مجھے مطلع کیا کہ ان کے ساتھ پھر سے غیر انسانی سلوک کیا گیا۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ اس سے پہلے بھی میرے کلائنٹ کو قومی اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے قید تنہائی میں رکھا گیا، مجھے بانی پی ٹی آئی کی خیریت کے حوالے سے شدید تشویش ہے، لہٰذا فوری ملاقات کروائی جائے۔ جیل ذرائع کے مطابق ملاقاتیوں کو جواب دیا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی جیل کی تحویل میں نہیں بلکہ راولپنڈی پولیس کی حراست میں ہیں، ان سے ملاقات کے خواہاں افراد راولپنڈی پولیس سے رابطہ کریں۔ جیل حکام کے مطابق عمران خان جسمانی ریمانڈ پر راولپنڈی پولیس کی حراست میں ہیں اور ان کے سیل کو راولپنڈی تھانہ نیو ٹاؤن کا حصہ قرار دیا گیا تھا۔ ان سے ملاقات کرانے یا نہ کرانے کا اختیار جیل انتظامیہ کے پاس نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

سینئر صوبائی وزراء کریں گے۔ وزارت تجارت اور دیگر متعلقہ وفاقی وزارتیں صوبوں کو معاونت بھی فراہم کریں گی۔ صوبائی حکومت کے محکموں سے یہ بھی کہا گیا کہ وہ اپنے متعلقہ چیف سیکرٹریز کو شعبہ جاتی کونسلوں کے ساتھ ہونے والی مشاورت پر فیڈ بیک فراہم کریں۔

بقیہ بقیہ جات 20

ہیں لیکن نیا بنا نہیں سکتے۔ دوران سماعت وکیل درخواست گزار نے دلائل میں کہا کہ کسی بھی امیدوار کا ایک سے زائد حلقوں سے انتخابات لڑنا آئین و قانون کے برخلاف ہے جس پر جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ ہم قانون ختم تو کر سکتے ہیں لیکن نیا نہیں بنا سکتے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ اگر آپ الیکشن ایکٹ چیلنج کرتے ہیں تو الگ بات ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ایک شخص ایک ووٹ انتخابات کا بنیادی ڈھانچہ ہے، ایک سے زائد حلقوں سے الیکشن لڑنے کا اختیار قانون دیتا ہے، ایک امیدوار ایک ہی الیکشن میں کئی حلقوں سے الیکشن لڑتا ہے لیکن ایک امیدوار کا مختلف حلقوں سے الیکشن لڑنا مذاق ہے، امیدوار ایسے حلقوں سے بھی الیکشن لڑتے ہیں جہاں اس کا ووٹ بھی نہیں ہوتا۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ اگر قانون میں خود کو ووٹ نہ دینا لکھا ہوتا تو پھر آپ کی بات ٹھیک ہوتی۔

بقیہ بقیہ جات 21

کیا۔ جس میں عدالت نے تعلیمی اداروں میں اسکول بسیں چلانے کے عدالتی فیصلے پر عمل درآمد رپورٹ پیش کرنے کا حکم جاری کیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق موسم سرما کی تعطیلات کے بعد عدالتی حکم پر عمل نہ کرنے والے اسکولوں کو چلنے نہیں دیا جائے گا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ بھاری گاڑیوں کی باقاعدگی سے معائنہ کرے اور گاڑیوں کے متواتر معائنے اور ڈیٹا کے لیے پالیسی وضع کرے۔ فیصلے میں حکم دیا گیا ہے کہ پی ایچ اے لاہور میں کونوکارپس نامی پودے کی شجرکاری بند کر کے اس کے درخت اکھاڑے گی۔ ان پودوں کی جگہ دیسی درخت لگائے جائیں گے۔ محکمہ تحفظ ماحولیات نے عدالت کو بتایا کہ اسٹون کرشنگ پر مکمل پابندی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

تدارک کے حوالے سے سماعت کا 2 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جسٹس شاہد کریم نے جاری کیا۔ جس میں عدالت نے تعلیمی اداروں میں اسکول بسیں چلانے کے عدالتی فیصلے پر عمل درآمد رپورٹ پیش کرنے کا حکم جاری کیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق موسم سرما کی تعطیلات کے بعد عدالتی حکم پر عمل نہ کرنے والے اسکولوں کو چلنے نہیں دیا جائے گا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ بھاری گاڑیوں کی باقاعدگی سے معائنہ کرے اور گاڑیوں کے متواتر معائنے اور ڈیٹا کے لیے پالیسی وضع کرے۔ فیصلے میں حکم دیا گیا ہے کہ پی ایچ اے لاہور میں کونوکارپس نامی پودے کی شجرکاری بند کر کے اس کے درخت اکھاڑے گی۔ ان پودوں کی جگہ دیسی درخت لگائے جائیں گے۔ محکمہ تحفظ ماحولیات نے عدالت کو بتایا کہ اسٹون کرشنگ پر مکمل پابندی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

ہیں، وہ 24 فروری 2025 کو اپنے عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے بورڈ آف گورنرز نے متفقہ طور پر ماساتو کانڈا کو ادارے کا 11 واں صدر منتخب کر لیا ہے۔ اے ڈی بی کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق 59 سالہ ماساتو کانڈا اس وقت جاپان کے وزیر اعظم اور وزیر خزانہ کے خصوصی مشیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ موجودہ صدر ماساتسوگو اساکاوا کی جگہ لیں گے جو 23 فروری 2025 کو اپنا عہدہ چھوڑ دیں گے۔ صدر اساکاوا کی مدت 23 نومبر 2026 کو پوری ہونی تھی لیکن ان کے قبل از وقت عہدہ چھوڑنے کے سبب ماساتو کانڈا 24 فروری 2025 کو اپنے عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے بورڈ آف گورنرز کے چیئرمین اور بینک آف جاپان کے گورنر کازوو یوئیدا نے کہا کہ "مسٹر کانڈا کا بین الاقوامی مالیاتی امور میں وسیع تجربہ اور کثیر الجہتی ماحول میں ان کی قائدانہ صلاحیتیں اے ڈی بی کو عالمی اقتصادی چیلنجز کے مقابلے اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے میں مدد فراہم کریں گی۔

بقیہ بقیہ جات 24

تربت کے علاقے آبسر میں ہوا جہاں دیسی ساختہ بم نامعلوم افراد کی جانب سے سڑک کنارے نصب کیا گیا تھا۔ واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کی جانب سے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 25

پہنچنے پر گرفتار کر لیا گیا۔ امیگریشن حکام کے مطابق مسافر توصیف شہزاد 23 نومبر کو بے نظیر بھٹو انٹرنیشنل ایئرپورٹ اسلام آباد سے وزٹ ویزے پر آذربائیجان کے دارالحکومت باکو کیلئے روانہ ہوا۔ حکام کے مطابق دبئی میں ٹرانزٹ قیام کے دوران مسافر نے باکو کیلئے اپنی اگلی فلائٹ جان بوجھ کر چھوڑ دی اور اپنے پاکستانی پاسپورٹ پر ٹیمپرڈ شدہ ساؤتھ افریقن وزٹ ویزہ پر جنوبی افریقہ کیلئے بورڈنگ لینے کی کوشش کی۔ دبئی امیگریشن حکام نے مسافر کو روک کر چھان بین کے دوران اس کے جنوبی افریقہ کے ویزے کو جعلی قرار دیا، دبئی حکام نے مسافر کو اگلی دستیاب پرواز سے واپس پاکستان ڈی پورٹ کر دیا جسے سیالکوٹ پہنچنے پر گرفتار کر لیا گیا اور پوچھ گچھ کے دوران مسافر نے بتایا کہ وہ 16 سال سے جنوبی افریقہ میں مقیم ہے۔ حکام نے بتایا کہ اس کا آخری ویزا 26 دسمبر 2022 کو ختم ہو گیا تھا اس نے 30 ہزار رینڈ اور 5 لاکھ روپے دے کر کیپ ٹاؤن میں مقیم ایجنٹ اسد شاہ سے ویزا حاصل کیا تھا جو جعلی نکلا، مزید قانونی کارروائی کے لیے مسافر کو اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا ہے اور اس سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے پانچ رکنی آئینی بنچ نے کوئٹہ میں بچے کے اغواء سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے کہا کہ بچے کے اغواء سے متعلق خفیہ پیشرفت رپورٹ ہے، استدعا ہے بنچ چیمبر میں جائزہ لے۔ بچے کی بازیابی کیلئے مشترکہ جے آئی ٹی قائم کرنے پر پیشرفت ہو رہی ہے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ یہ معاملہ پہلے سے زیر التوا ہے، یہ تاثر نہ لیا جائے کہ آئینی بنچ نے ازخود نوٹس لیا ہے۔ آئینی بنچ نے چیمبر میں رپورٹ کا جائزہ لینے کے بعد سماعت کا دوبارہ آغاز کیا تو وکیل بلوچستان حکومت نے استدعا کی کہ کوئٹہ میں جاری دھرنا ختم کروایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 27

درخواست پر سماعت جسٹس ارباب محمد طاہر نے کی جس میں عدالتی حکم پر اسلام آباد پولیس نے انکوائری رپورٹ جمع کرا دی۔ عدالت میں جمع کرائی گئی انکوائری میں غلط رپورٹ عدالتی ریکارڈ کا حصہ بنانے پر اے ایس آئی ظفر اقبال کے خلاف شوکاز نوٹس کو بھی حصہ بنایا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ غیر ذمے داری پر اسلام آباد پولیس کے اے ایس آئی ظفر اقبال کے خلاف محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے 2 سال کی نوکری ضبط کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ مکمل ریکارڈ جمع نہ کرنے پر خصوصی انکوائری کی گئی جس میں متعلقہ تھانوں کے محرر کے بیان قلمبند کیے گئے۔ انکوائری کے دوران بیانات کے نتیجے میں اے ایس آئی ظفر اقبال کو ذمے دار ٹھہرایا گیا۔ کیس سے متعلق رپورٹس عمران نامی اہلکار کے پاس تھی جو ڈینگی کی وجہ سے جاں بحق ہوا۔ دوران سماعت درخواست گزار کی جانب سے سہیل خان عدالت میں پیش ہوئے۔ بعد ازاں عدالت نے کیس کی سماعت جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 28

کی توقع ہے۔ عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آیا۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا حتمی فیصلہ 30 نومبر کو ہوگا۔ وزارت پٹرولیم وزارت خزانہ کو ورکنگ بھجوائے گی اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب وزیر اعظم شہباز شریف کی مشاورت سے نئی قیمتوں کا اعلان کریں گے۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے گزشتہ بار پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں یکم دسمبر تک برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس وقت پٹرول کی فی لیٹر قیمت 248 روپے 38 پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 255 روپے 14 پیسے فی لیٹر ہے۔ لائٹ ڈیزل آئل 147 روپے 51 پیسے، مٹی کا تیل 161 روپے 54 پیسے فی لیٹر میں دستیاب ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

440 ریکارڈ کیا گیا اور بھارتی دارالحکومت نئی دہلی 334 فضائی آلودگی کے انڈیکس کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ اس کے علاوہ سکھر 565 ایئر پارٹیکولیٹ میٹرز کے ساتھ ملک کا آلودہ ترین شہر اور شیخوپورہ 483 کے ساتھ ملک کا تیسرا آلودہ شہر رہا۔ دوسری جانب حکومت پنجاب کی جانب سے بھی اسموگ ایس او پیز میں نرمی کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

تک پہنچنے پر تشکر کا اظہار کرتے ہیں، وزیر اعظم شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کی حکومت کی بہتر معاشی پالیسیوں کی بدولت پاکستان کی معیشت تیزی سے بہتر ہو رہی ہے، اسٹاک مارکیٹ ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک لاکھ پوائنٹ سے بھی اوپر چلی گئی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا گو ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 31

ہیں۔ دبئی اور لاہور کی غیر ملکی ایئر لائنز کی 2 پروازیں ایف زیڈ 359 اور 360 کو بھی منسوخ کیا گیا ہے۔ دبئی سے اسلام آباد کی غیر ملکی ایئر لائن کی پروازیں ایف زیڈ 353 اور 354 بھی منسوخ کر دی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

دی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے مریم وٹو نے بتایا کہ بشریٰ بی بی کو نہیں معلوم کہ ان کو کہاں رکھا گیا ہے، بشریٰ بی بی علی امین گنڈاپور کی ٹیم کے بس میں ہیں۔ مریم وٹو نے بتایا کہ گزشتہ کل کے آپریشن کے کئی گھنٹے بعد تک ہمیں یہ معلوم ہی نہیں تھا کہ بشریٰ بی بی کہاں ہیں، بس یہی بتایا جا رہا تھا کہ وہ خیبر پختونخوا چلی گئی ہیں لیکن مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ وہ اس طرح آرام سے نکل کر خیبر پختونخوا چلی جائیں گی کیونکہ میں جانتی ہوں کہ وہ ڈی چوک رکنا چاہتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ان سے رابطہ نہیں ہو پا رہا تھا، ان کی خیریت پوچھنے کیلئے سب کو کال کر رہی تھی، پھر پتا چلا کہ وہ پختونخوا میں ہیں، میں نے کے پی حکومت کے لوگوں کو کہا کہ اگر وہ محفوظ ہیں تو ان سے کہیں ہم سے رابطہ کریں لیکن کوئی رابطہ نہیں ہوا، میں پوری رات سو نہیں سکی۔ مریم وٹو نے کہا کہ بدھ کی دوپہر تک میں سب کو کہتی رہی کہ بشریٰ بی بی اگر ٹھیک ہیں تو میرا ان سے رابطہ کروائیں پر کوئی رابطہ نہیں کروایا گیا۔ تاہم کچھ دیر بعد اپنی مدد آپ کے تحت میرا بشریٰ بی بی سے رابطہ ہوا اور میں نے سب سے پہلے یہی پوچھا کہ کیا آپ اپنی مرضی سے گئی ہیں؟ تو انہوں نے سیدھا کہا کہ نہیں، فائرنگ ہو رہی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 33

لاکھ پوائنٹس کا سنگ میل عبور کر لیا۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز کاروبار کے آغاز پر پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی دیکھی گئی اور 100 انڈیکس ایک ہزار 77 پوائنٹس کے اضافے سے ایک لاکھ 346 پوائنٹس تک پہنچ گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس نے تاریخ میں پہلی بار ایک لاکھ کی سطح عبور کی ہے۔ واضح رہے کہ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں تیزی دیکھنے کو ملی تھی اور پھر 100 انڈیکس 99 ہزار کی حد عبور کر گیا تھا۔ ایک موقع پر کاروبار کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس 1642 پوائنٹس کے اضافے کیساتھ 99 ہزار 820 پوائنٹس تک پہنچ گیا تھا تاہم کاروبار کے اختتام پر 100 انڈیکس 99 ہزار 269 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔ اسٹاک مارکیٹ میں گزشتہ روز 29 ارب 73 کروڑ 84 لاکھ 49 ہزار 629 روپے مالیت کے 49 کروڑ 57 لاکھ 92 ہزار 767 شیئرز کا لین دین ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 34

اظہر، اسد قیصر، عارف علوی اور خورشید خان سمیت متعدد افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ مقدمہ کے متن میں لکھا گیا کہ 26 اکتوبر کی صبح ساڑھے 7 بجے پی ٹی آئی کارکنان نے فیض آباد کے پر اشتعال انگیز نعرے بازی کی، ملزمان نے ٹائر جلا کر سڑک بند کی اور راستہ روک لیا، ملزمان نے ڈنڈوں اور پتھراؤ کرتے ہوئے پولیس پر حملہ کیا، ملزمان نے ناکہ پر پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ کی، سرکاری گاڑی پر گولیاں لگیں۔ متن میں لکھا گیا کہ آنسو گیس کی شیلنگ کے بعد پولیس نے موقع سے 77 پی ٹی آئی کارکنان کو گرفتار کیا جن سے وائرلیس سیٹ، آنسو گیس کے شیل، ڈنڈے، کیچ اور غلیلیں برآمد ہوئیں، ملزمان کے زیر استعمال تین گاڑیاں بھی قبضہ میں لے لی گئیں، ملزمان نے بانی پی ٹی آئی کی مجرمانہ سازش اور ایماء پر خلاف قانون مجمع اکٹھا کیا۔ مقدمہ کے متن کے مطابق ملزمان نے پولیس سے مزاحمت کر کے سڑک بند کی اور عوام کا راستہ روک کر شہری زندگی کو مفلوج کیا، ملزمان نے عام عوام کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالا، سرکاری اور نجی املاک کو نقصان پہنچایا، ملزمان نے ریاستی اداروں کے خلاف نعرے بازی کر کے عوام میں خوف و ہراس پھیلایا، ملزمان نے قتل کی نیت سے پولیس پر سیدھی فائرنگ کی۔

بقیہ بقیہ جات 35

بارے بریفنگ دی اور بتایا کہ فری میڈیکل کیمپ میں دو روز میں 500 سے زائد غریب اور مستحق مریضوں میں مفت چیک اپ، مفت ادویات اور ای سی جی، یورک ایسڈ، کیلشیم، وٹامن ڈی اور مفت ٹیسٹ کیے گئے ہیں جبکہ ہسپتال میں صبح کے اوقات میں 200 کی پرچی میں مختلف شعبہ جات میں اسپیشلسٹ ڈاکٹرز 24 گھنٹے ہسپتال میں مریضوں کے علاج پر مامور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے کیمپ کے انعقاد پر ہسپتال انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ شریف عظیم ہسپتال شہر کے غریب اور مستحق مریضوں کیلئے ایک نعمت ہے جہاں صحت کی معیاری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس موقع پر قائم مقام سیکرٹری گورننگ باڈی ملک محمد ظہیر، فیاض احمد فیضی ڈائریکٹر الائیڈ ہیلتھ سائنسز و دیگر ہسپتال ذمہ داران موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 36

اختراعات میں ریسرچ کلچر کی اہمیت پر گفتگو اور امید ظاہر کی کہ ڈاکٹر شاہد منیر کی قیادت میں یو ای ٹی علم و تحقیق کے میدان میں نمایاں مقام حاصل کرے گی۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے مستقبل میں ڈاکٹر محمد علی کی رہنمائی اور مشاورت سے مستفید ہونے کا عزم بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

سمیت پنجاب کے زیادہ تر علاقوں میں اسموگ کا راج رہا جبکہ خیبر پختونخوا کے بعض علاقے بھی اسموگ کی زد میں آئے۔ معمول سے کم بارشیں ہونے کے سبب اسموگ میں خاطر خواہ کمی نہیں آسکی جبکہ پنجاب حکومت کی جانب سے مصنوعی بارش برسانے کا تجربہ بھی نہیں کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 38

کرنے کا حکم دیا تھا لیکن 15 نومبر سے بائی ڈائریکشنل گرین میٹرز کے این او سیز پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ اس پابندی کے بعد لیسکو نے صارفین کو بائی ڈائریکشنل سمارٹ میٹرز فراہم کرنے تھے مگر میٹریل مینجمنٹ کی جانب سے بروقت سمارٹ میٹرز کی خریداری میں ناکامی کی وجہ سے سولر سسٹم کے کنکشن کا عمل تعطل کا شکار ہو گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

گئے۔ رواں سال لائن لین کی خلاف ورزی پر 29 لاکھ 74 ہزار سے زائد شہریوں کے چالان کیے گئے۔ لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، سیالکوٹ، ملتان فیصل آباد میں لائن لین کی خلاف ورزی پر سب سے زیادہ چالان کیے۔ ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ نے کہا کہ لائن لین کے چالان ٹریفک کے حصول کے لیے کیے جا رہے ہیں، لائن لین کی پابندی سے حادثات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ ٹریفک ایجوکیشن یونٹ شہریوں کو لائن کی افادیت کے حوالے سے بریف کرے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک نے کہا کہ لاہور سمیت دوسرے اضلاع میں بھی سڑکوں پر کونز لگا کر لائن لین کے فرق کو واضح کیا جا رہا ہے، شہری محفوظ سفر اور اپنی منزل پر بآسانی پہنچنے کے لیے لائن لین کی پابندی کریں۔

بقیہ بقیہ جات 40

گجرات کا سکائی ویز کھاریاں، حافظ آباد، منڈی بہاؤالدین اور سیالکوٹ کے کنونشن مقامی پیپلز سیکرٹریٹ، نارووال میں فائیو سٹار میرج ہال، خوشاب میں بالمقابل تھانہ صدر میانوالی میں بھو بنگلہ، بھکر میں سول کلب، چنیوٹ میں ڈیرہ امیر حسین، ٹوبہ، ننکانہ اور اوکاڑہ کے کنونشن مقامی پیپلز سیکرٹریٹ جبکہ قصور میں لاہوری شادی ہال، جھنگ میں ابراہیم میرج حال اور پاکپتن، میونسپل پارک میں ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 41

اسمبلی ایکٹ، پولیس پر حملوں، اغواء، کار سرکار میں مداخلت، دفعہ 144 کی خلاف ورزی کی دفعات بھی شامل ہیں۔ یہ ایف آئی آرز تھانہ شہزاد ٹاؤن، سہالہ، بنی گالہ، کھنہ، شمس کالونی، ترنول، لوہی بھیر، نیلور میں درج کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

آباد پولیس کے کنٹینرز کی مد میں 7 کروڑ 28 لاکھ خرچ ہوئے۔ کنٹینرز کو لگائے ہوئے سات روز ہو گئے جبکہ تاحال ان کنٹینرز کے اخراجات پولیس کے ذمے بڑھتے جا رہے ہیں۔ گزشتہ 7 دنوں میں 7 کروڑ 28 لاکھ روپے کے اخراجات بن چکے ہیں۔ احتجاج کے لیے پولیس نے 35 ہزار آنسو گیس کے شیلز کا بندوبست کیا تھا۔ اسلام آباد پولیس نے 3 یوم میں 15 کروڑ کے شیل استعمال کیے۔ اسی طرح ربڑ کی گولیوں اور 2500 بندوقوں کی مد میں 11 کروڑ روپے کے اخراجات آئے۔ ان اخراجات میں راولپنڈی کے انتظامات شامل نہیں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت مند اور مجبور لوگوں کے مسائل کو ہم ضرور حل کروائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ کرپشن کے خاتمے کے عمل کو بھی یقینی بنائیں گے۔ ساجدہ فاروق تارڑ نے کھلی کچہری میں آئے شہریوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کو میرٹ پر حل کیا جائے گا اور انصاف کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا بروقت ازالہ اولین ترجیح ہے جس میں کسی بھی صورت کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 44

مستقل نہج درخواستوں کی وصولی جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 45

ہزاروں کارکنوں کو ڈی چوک اسلام آباد پر گولیوں کا نشانہ بنایا گیا، معاملے کی عدالتی انکوائری ہونی چاہیے، پی ٹی آئی کے لوگوں کو سروں پر گولیاں ماری گئیں، ہم اداروں سے ناامید ہو چکے ہیں، ہر ادارہ اپنے دائرے میں رہ کر کام کرے تو ملک بحران سے نکل سکتا ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے موسیٰ خیل راڑاشم اور ہرنائی میں معصوم لوگوں کو قتل کیا گیا مگر گرفتاری نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ادارے اتنے کمزور نہیں کہ انہیں کوئٹہ سے اغوا ہونے والے بچے کے اغوا کاروں کا علم نہ ہو، تمام سیاسی جماعتیں بیٹھیں اور تین چار ماہ میں نئے الیکشن کروائے جائیں جو جیتے اسے حکومت دے دی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 46

کارروائیوں میں 9 ملزمان کو گرفتار کر کے ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 151.63 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ کوہ نور ٹاؤن راولپنڈی کے قریب کار کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 600.3 کلوگرام چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ اسی طرح چک حیدر آباد میں پیٹرول پمپ کے قریب ملزم سے 3 کلو چرس برآمد ہوئی۔ ادھر پیر ودھائی موڑ جی ٹی روڈ راولپنڈی کے قریب ملزم سے 400.2 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ ایکسپریس وے اسلام آباد پر کالج کے قریب ملزم کے قبضے سے 900 گرام چرس برآمد ہوئی۔ نجی ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد میں یونیورسٹی کے قریب 2 ملزمان سے 51 گرام ویڈ برآمد کر لی گئی۔ گرفتار ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کر لیا ہے۔ دیگر کارروائیوں میں حاجی کیمپ پشاور کے قریب ملزم سے 200.1 کلو گرام آئس برآمد کر لی گئی۔ سریاب روڈ کوئٹہ پر 2 ملزمان سے 10 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ گوادر میں کوسٹل لائن کے قریب چھپائی گئی 32 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی۔ ڈی بلاک چک گوادر کے قریب گودام سے 5 کلوگرام ہیروئن اور 5 کلوگرام آئس برآمد کر لی گئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

ادویات، دیگر سامان باہر سے منگوایا گیا ہے۔ اس شکایت پر وزیر صحت کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سی او ہیلتھ لاہور کو واقعہ کی انکوائری کر کے 24 گھنٹے میں رپورٹ دینے کی ہدایت دی۔ خواجہ عمران نذیر نے ادویات اور دیگر سامان باہر سے منگوانے کے عملے پر برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ادویات، سامان باہر سے منگوانا ناقابل برداشت ہے۔ صوبائی وزیر صحت کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق تمام مریضوں کو ادویات، ٹیسٹوں کی سہولیات مفت دستیاب ہوں گی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کھاڑک، اعوان ٹاؤن اور سید پور میں کلینک آن ویلز کیمپوں میں گئے۔ اس موقع پر سابق ایم این اے عبداشتیاق احمد نے بھی شوگر، ہیموگلوبن کے ٹیسٹ کروائے۔ خواجہ عمران نذیر نے مریضوں سے واکلو، بلڈ سکریننگ، ادویات کی فراہمی سے متعلق دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ کلینک آن ویلز کیمپوں میں بچوں کی ٹائپ ون شوگر ٹیسٹ بھی کیے جا رہے ہیں۔

بعدالت مہر احسن شہزاد ھرل صاحب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم

متوفی: محمد سعید ولد مشتاق احمد

وارثان: مشتاق احمد والد پہلے فوت شدہ، نفیسہ والدہ بعد میں فوت شدہ

زندہ: ارباب سعید پسر، نیہا سعید، علیزے سعید دختران فرح سعید بیوہ متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 48

آف ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن، ڈاکٹر صائمہ انجم چیئرپرسن شعبہ زوالوجی اور ڈاکٹر قسور علی شاہ چیئرمین شعبہ زوالوجی چولستان یونیورسٹی سمیت دیگر موجود تھے۔ اس حوالے سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم نے کہا کہ اس معاہدہ کی رو سے دونوں جامعات کے مابین علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، فیکلٹی و طالبات کیلئے باہمی ورکشاپ و سیمینار کا انعقاد سمیت طالبات کو انٹرنشپ کی سہولیات دی جائیں گی جس سے نا صرف اس خطہ کی طالبات کو آگے بڑھنے کا موقع ملے گا بلکہ تحقیقی کلچر کو بھی فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 49

ابتدائی 10 ماہ میں بین الاقوامی دوروں کی تعداد گزشتہ برس کی نسبت 5.5 فیصد بڑھ کر 93.54 ارب ہو گئی۔ گزشتہ ماہ بندرگاہوں سے مال برداری حجم گزشتہ برس کی نسبت 3 فیصد اضافے کے ساتھ 1.53 ارب ٹن تک پہنچ گیا۔ اس دوران بندرگاہوں سے خاص کر بیرونی تجارت کی مال برداری میں ایک برس قبل کے مقابلے میں 5.5 فیصد اضافہ ہوا۔ اکتوبر میں کمرشل مال برداری کا حجم گزشتہ برس کی نسبت 9.3 فیصد اضافے سے 02.5 ارب ٹن تک پہنچ گیا جبکہ سڑک کے راستے مال برداری کے حجم میں گزشتہ برس کی نسبت 2.4 فیصد اضافہ ہوا۔ وزارت کے مطابق جنوری تا اکتوبر کی مدت میں چین کے ٹرانسپورٹ کے شعبے میں طویل مدتی اثاثہ جات سرمایہ کاری 6.30 کھرب یوآن (تقریباً 1.425 ارب امریکی ڈالر) رہی۔

بقیہ بقیہ جات 50

صحت کمیشن کے مطابق گزشتہ 60 برس میں جیانگسو کے طبی پیشہ ور افراد نے 2 لاکھ 40 ہزار سے زائد مختلف نوعیت کی سرجریز کیں اور زنجبار میں 40 ہزار سے زائد شدید بیمار افراد کی جان بچائی۔ جیانگسو نے ایم آر آئی، سی ٹی اور ایکسرے مشینوں جیسے میڈیکل امیجنگ آلات زنجبار کے منی موجا اسپتال کو عطیہ کیں۔ 2009 کے بعد سے جیانگسو نے زنجبار کو لیپروسکوپک سرجری، کٹے ہونٹ اور تالو کی سرجری، معدے کی اینڈوسکوپی، زچگی اور بچوں کے علاج کے لئے 8 تکنیکی مراکز کے قیام میں مدد دی جس میں ٹیکنالوجی کے اعتبار سے جدید اور موثر طبی علاج موجود ہے۔ زنجبار میں تولیدی عمر کی خواتین میں رحم کا سرطان سب سے بڑا سرطان ہے۔ 2018 کے بعد سے جیانگسو نے اس سرطان کی تشخیص کا ایک منصوبہ شروع کیا اور طبی پیشہ ور افراد کی 7 ٹیموں کو زنجبار بھیجا تا کہ موقع پر تشخیص کی جا سکے۔ منصوبے کے تحت 32 ہزار تشخیص کا ہدف رواں سال مکمل ہونے کی توقع ہے۔ گزشتہ برسوں کے دوران جیانگسو کی طبی ٹیمیں اور ماہرین علاقائی بیماریوں اور صحت عامہ کے بڑے بحرانوں کا مقابلہ کرنے میں پیش پیش رہے۔ 2016 سے 2019 کے دوران جیانگسو انسٹی ٹیوٹ آف پیراسٹک ڈیزیز نے زنجبار اسٹوسوموسیاسس کی روک تھام اور اس کے تدارک میں مدد کے لئے ایک 3 سالہ منصوبے میں رہنمائی کی جس سے منصوبے کے آزمائشی خطے میں اس کی بیماری کی شرح کو 92.8 فیصد سے 64.0 فیصد تک کم کرنے میں مدد ملی۔

بقیہ بقیہ جات 51

ہسپانوی سینیٹ کے صدر پیڈرو رولان اور ہسپانوی کانگریس آف ڈپٹیز کی اسپیکر فرانسینا آرمینگول سے ملاقاتیں کیں۔ ہسپانوی بادشاہ فلپ ششم سے ملاقات کے دوران ژاؤ لے جی نے انہیں چینی صدر شی جن پھنگ کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا اور کہا کہ 2018 میں صدر شی جن پھنگ نے سپین کا کامیاب سرکاری دورہ کیا جس سے دوطرفہ تعلقات کی اعلیٰ سطح کی ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ ژاؤ لے جی نے مضبوط دوطرفہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ چین سپین کے ساتھ اپنی روایتی دوستی کو مستحکم کرنے، ایک دوسرے کے مفادات کے احترام کو برقرار رکھنے، تعاون کی نئی کامیابیوں کے حصول اور ماحولیاتی تبدیلی جیسے عالمی چیلنجز سے مل کر نمٹنے کے لئے پر عزم ہے۔ اس موقع پر ہسپانوی بادشاہ نے دونوں سربراہان مملکت کے درمیان قریبی تبادلوں اور دونوں ملکوں کے تعلقات میں مسلسل اضافے کو اجاگر کرتے ہوئے ژاؤ لے جی سے کہا کہ وہ صدر شی جن پھنگ کو ان کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کریں۔ ہسپانوی بادشاہ نے کہا کہ اگلے سال چین سپین جامع تزویراتی شراکت داری کے قیام کی 20 ویں سالگرہ منائی جائے گی، سپین چین کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری، نئی توانائی، موسمیاتی تبدیلی، ثقافت، تعلیم اور ایک دوسرے کی زبانوں کے فروغ جیسے شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرے گا، جس سے ان کے تعلقات کے فروغ میں تیزی آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 52

فیصد کرنے کی ریگولیٹری منظوری حاصل کر لی ہے، جس کی مالیت تقریباً 82 کروڑ 30 لاکھ یوآن (11 کروڑ 43 لاکھ 30 ہزار امریکی ڈالر) ہے۔ یہ اقدام گروپ کی چینی منڈی کے ساتھ پختہ وابستگی کو ظاہر کرتا ہے کیونکہ اس نے حالیہ برسوں میں ملک میں سرمایہ کاری میں اضافہ جاری رکھا ہے۔ رواں سال دیگر غیر ملکی مالیاتی اداروں، خاص طور پر سکیورٹیز فرموں نے بھی ملک میں اپنی موجودگی میں اضافہ کیا ہے۔ سٹینڈرڈ چارٹرڈ سکیورٹیز چائنہ لمیٹڈ نے باضابطہ طور پر رواں سال کے اوائل میں اپنا کاروبار شروع کیا تھا۔ اب تک کمپنی نے سکیورٹیز انویسٹمنٹ فنڈز کی تحویل سے متعلق خدمات فراہم کرنے، چینی مین لینڈ اور ہانگ کانگ کے درمیان بانڈ کنیکٹ سکیم میں حصہ لینے اور گوانگ ڈونگ۔ ہانگ کانگ۔ مکاؤ گریٹر بے ایریا میں ویلتھ مینجمنٹ کنیکٹ پائلٹ سکیم میں شامل ہونے کے لئے ریگولیٹری منظوری حاصل کی ہے۔ بی این پی پریباس نے رواں سال جولائی میں باضابطہ طور پر چین میں اپنی سکیورٹیز برانچ قائم کی اور ملک میں مکمل طور پر غیر ملکی ملکیت والی چوتھی منظور شدہ سکیورٹیز فرم بن گئی۔ ایک اور بینکار گروپ مورگن اسٹینلے کی سکیورٹیز برانچ نے مارچ میں اپنے کاروباری دائرہ کار میں سکیورٹیز انویسٹمنٹ کنسلٹنگ سروسز شامل کرنے کی منظوری حاصل کی۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب نائب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان

متوفی: محمد سعید ولد مشتاق احمد

وارثان: مشتاق احمد والد پہلے فوت شدہ، نفیسہ والدہ بعد میں فوت شدہ۔

زندہ: فرح سعید بیوہ، ارباب سعید پسر، نیہا سعید، علیزے سعید دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 53

ہے۔ سوئس فیڈرل آفس فار کسٹمز اینڈ بارڈر سکیورٹی کے مطابق 2023 میں جرمنی، برطانیہ، فرانس، کینیڈا، امریکہ، سپین، آسٹریلیا، اٹلی، چین اور بیلجیئم چاکلیٹ کی نمایاں برآمدی منڈیاں رہے۔ چاکو سوئس کے اعداد و شمار کے مطابق سوئس چاکلیٹ کی صنعت نے 2023 میں بارز اور چھوٹی چاکلیٹ، کوورچر، چاکلیٹ مٹھائی، موکی انشا اور پاؤڈر سمیت 2 لاکھ 7 ہزار 807 ٹن چاکلیٹ فروخت کی۔ ویبرلی نے کہا کہ 2024 کی پہلی ششماہی میں چاکلیٹ کی فروخت میں گزشتہ سال کی نسبت 9.1 فیصد اضافہ ہوا۔ اس کی بڑی وجہ خام مال کی قیمتوں میں اضافہ ہے۔ ہمارے ہاں کوکوا کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے جو مستقبل کے لئے انتہائی مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ چین میں سوئس برانڈز کے لئے مستقبل کے مواقع کے حوالے سے ویبرلی نے کہا کہ چاکلیٹ چینی نئے سال، وسط خزاں تہوار اور ویلنٹائن ڈے جیسے مواقع کے لئے ایک مقبول تحفہ بن رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

علاوہ سپر ہائی وے، خواجہ اجمیر نگری اور شاہ لطیف ٹاؤن میں مقابلے کے بعد 3 زخمیوں سمیت 4 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق سپر ہائی وے پر جمالی پل کے قریب شہری کو لوٹنے والے ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا، ایک ڈاکو عمران کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جس کا ساتھی فرار ہو گیا، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے راہ گیر بھی گولی لگنے سے زخمی ہو گیا۔ پولیس نے اقبال مارکیٹ سندھی گوٹھ میں جرائم پیشہ افراد کی تلاش میں سرچ آپریشن کیا جہاں گھر گھر تلاشی کے دوران مشتبہ افراد کے شناختی کوائف کی بائیو میٹرک ڈیوائس کے ذریعے جانچ پڑتال کی گئی۔ پولیس نے اجمیر نگری جمعرات بازار کے قریب ڈاکوؤں سے مقابلہ کیا، ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جب کہ دوسرا فرار ہو گیا، ملزم فرحان سے پستول اور موٹر سائیکل اور 2 موبائل فون ملے ہیں۔ پولیس کے مطابق شاہ لطیف ٹاؤن، کوہی گوٹھ میں پولیس کا ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا جہاں فائرنگ کے تبادلے میں زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان شہریوں سے لوٹ مار کر رہے تھے تو اہلکار پہنچ گئے۔ گرفتار ملزم عامر اور ذاکر سے پستول، 50 ہزار روپے نقد رقم اور موٹر سائیکل ملی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

اغوا کیا۔ پولیس ٹیم نے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ راجن پور پولیس کی پیش قدمی پر ڈاکوؤں نے پولیس ٹیم پر شدید فائرنگ کی۔ اس موقع پر پولیس اور ڈاکوؤں کے مابین شدید فائرنگ کا تبادلہ کافی دیر تک جاری رہا۔ راجن پور پولیس کی بھرپور جوابی فائرنگ کے نتیجے میں ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہو گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کا کہنا ہے کہ کامیاب پولیس آپریشن کے نتیجے میں مغویان کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 56

سے بڑھا کر 15 دن کر دی گئی ہیں۔ شادی سے قبل طبی معائنہ کرانے والے افراد کو 3 اضافی چھٹیاں ملیں گی۔ پیر کو صوبائی صحت کمیشن نے مقامی جوڑوں کے لئے شادی کی چھٹیوں میں ممکنہ توسیع کے حوالے سے عوام سے رائے لینا شروع کی۔ 2021 میں چین کی 3 بچوں کی پالیسی کے نفاذ اور تعاون کے اقدامات کے بعد سے زیادہ تر صوبائی سطح کے علاقوں نے شادی کی چھٹیوں میں توسیع کی ہے۔ ان میں سے چین کے شمال میں شانشی اور شمال مغرب میں گانسو سب سے زیادہ 30 دن تک شادی کی چھٹیاں دے رہے ہیں جبکہ چین کے وسط میں ہانان 21 دن کی شادی کی چھٹیاں دے رہا ہے جو شادی سے قبل طبی معائنہ کرانے والوں کے لئے 28 دن تک بڑھائی جا سکتی ہیں۔ چین کے مشرق میں موجود اقتصادی مرکز شان ڈونگ میں 10 کروڑ 10 لاکھ مستقل رہائشی ہیں۔ صوبائی دارالحکومت جینان میں جنوری 2023 کے بعد کسی خاندان کے پیدا ہونے والے دوسرے اور تیسرے بچے کی پرورش کی ماہانہ سبسڈی 600 یوآن (83.4 امریکی ڈالر) کرنے کی نئی پالیسی متعارف کرائی گئی۔ یہ سبسڈی بچے کے 3 سال تک کی عمر کو پہنچنے تک فراہم کی جاتی ہے جس کی 3 سال کے عرصے میں مجموعی رقم 21 ہزار 600 یوآن بنتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

سیاحوں میں چین کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور ملک کے ویزہ فری سفری اقدامات میں توسیع سے متعلق پوچھا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ چین نے گزشتہ برس کے اختتام سے اب تک 38 ممالک کے لئے ویزہ استثنیٰ کے اقدامات کئے ہیں اور اب 25 ممالک کے ساتھ جامع باہمی ویزہ استثنیٰ اقدامات لاگو ہیں۔ اس کے علاوہ چین میں مقیم غیر ملکیوں کے لئے کام اور زندگی کو زیادہ آسان اور آرام دہ بنانے کے لئے بھی اقدامات کئے گئے ہیں۔ ماؤ نے کہا کہ بیجنگ، شنگھائی اور گوانگ ڈونگ جیسے چینی شہروں اور صوبوں نے اپنی موبائل ادائیگی، بینک کارڈ اور نقد خدمات کے ساتھ ساتھ ایسی خدمات بہتر کی ہیں جو غیر ملکی سیاحوں کے لئے آن لائن خریداری اور نقل و حمل میں سہولت مہیا کرتی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ چینی ٹیلی کام آپریٹرز نے غیر ملکی خدمات کو بہتر بنایا ہے اور غیر ملکی سیاحوں کے لئے ملک میں 5 جی نیٹ ورکس تک رسائی مزید آسان بنانے کے بارے میں نئے پیکجز متعارف کرائے ہیں۔ مختلف چینی شہروں میں انتظامی حکام نے خصوصی، ایک چھت تلے تمام خدمات مہیا کرنا شروع کر دی ہیں جس سے غیر ملکی اپنے کام اور رہائشی اجازت نامے زیادہ آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

بھان کے نام سے جانا جاتا ہے، جھاڑی دار درخت اور سرخ ریلے صحرا کے جنوبی کنارے پر یوتھیان کاؤنٹی کی ریتلی زمین پر لگائے گئے، جو سر سبز پٹی کے آخری حصے کی تکمیل کی نشاندہی کرتا ہے۔ تکلامکان 3 لاکھ 37 ہزار 600 مربع کلومیٹر پر محیط ہے اور اس کا دائرہ 3046 کلومیٹر ہے، جو اسے چین کا سب سے بڑا اور دنیا کا دوسرا سب سے بڑا صحرا بناتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

عمل میں آیا۔ اسرائیلی نشریاتی ادارے کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا کہ فرانسیسی صدر عمانوئیل میکرون لبنان کے ساتھ لڑائی روکنے کے معاہدے کو قبول کرنے کے بدلے میں ان کے خلاف بین الاقوامی فوجداری عدالت کے فیصلے پر عمل درآمد نہیں کریں گے۔ فرانس، امریکہ کے ساتھ مل کر اس معاہدے میں ثالثی کی کوششوں میں پیش پیش رہا جس نے اسرائیل اور لبنانی حزب اللہ کے درمیان ایک سال سے زائد عرصے سے جاری تنازع کو ختم کر دیا۔ جنگ بندی کے نافذ ہونے کے چند گھنٹے بعد فرانس نے ایک سرکاری بیان میں اعلان کیا کہ وہ پیرس کے دورے کے دوران نیتن یاہو کو گرفتار نہیں کر سکتا۔ اسے فرانس میں بین الاقوامی فوجداری عدالت کے فیصلوں سے استثنیٰ حاصل ہوگا۔ فرانسیسی وزارت خارجہ نے اس کی وجہ اس حقیقت کو قرار دیا کہ اسرائیل نے انٹرنیشنل کریمنل کورٹ کے قیام کے روم کے قانون پر دستخط نہیں کیے۔ فرانس نے روسی صدر ولادیمیر پوتن کے وارنٹ گرفتاری کے ساتھ بھی یہی موقف نہیں دکھایا جو انہوں نے نیتن یاہو کے حوالے سے پیش کیا ہے۔ فرانسیسی وزارت خارجہ نے ایک بیان جاری کیا، جس میں اس نے کہا کہ فرانس اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا احترام کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ روم کا آئین بین الاقوامی فوجداری عدالت کے ساتھ مکمل تعاون فراہم کرتا ہے۔

بعدالت مہر احسن شہزاد ھرل صاحب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم

متوفی: نفیسہ بیوہ مشتاق احمد

وارثان: محمد اسحاق والد، سروری بی بی والدہ، مشتاق احمد خاوند محمد سعید پسر پہلے فوت شدہ۔

زندہ: محمد سعید، محمد شاہد پسران، روبینہ بی بی، روزینہ بی بی، شمینہ علی دختران متوفیہ فرح سعید بیوہ، ارباب سعید پسر نیہا سعید، علیزے سعید دختران محمد سعید متوفی بہو، پوتا، پوتیاں متوفیہ نفیسہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 60

ہر کسی کو اعتماد کو مضبوط کرنے، کشیدگی کو پرسکون کرنے اور وسیع تر جنگ بندی کی طرف جانے کے لیے اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ اس کے علاوہ انہوں نے انکشاف کیا کہ انہوں نے وزراء کے ساتھ اس اعلان کے بارے میں ملاقاتیں کی ہیں اور وہ اس حوالے سے مزید اجلاس بھی کریں گے۔ ایک متعلقہ سیاق و سباق میں فرانسیسی وزارت خارجہ نے اعلان کیا کہ وہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے نفاذ کی پیروی میں فعال طور پر حصہ لے گی۔ فرانسیسی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ وہ معاہدے کی شرائط پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے اپنے تمام اتحادیوں کے ساتھ قریبی مشاورت میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ فرانسیسی وزارت خارجہ نے زور دیا کہ لبنانی ہمیشہ دونوں ممالک کے درمیان منفرد دوستی کی بنیاد پر فرانسیسی حمایت پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ تقریباً 14 مہینے کی کشیدگی کے بعد اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ بدھ کی صبح نافذ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

ممبر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن کو جیل کے مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بعد ازاں سینئر ممبر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن نے جیل کی بیرکس کا معائنہ کیا اور مرد و خواتین قیدیوں سے ملاقاتیں بھی کیں اور ان سے ان کے مسائل بھی دریافت کیے۔ جیل کے کچن کا بھی معائنہ کیا اور قیدیوں کو دی جانے والی خوراک پر اطمینان کا اظہار کیا۔ جیل سپرنٹنڈنٹ نے سینئر ممبر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن کو نفری کی کمی اور قیدیوں کی تعداد کی نسبت جیل میں کم Capacity کے بارے میں آگاہ کیا۔ قیدیوں نے سینئر ممبر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن کو جیل میں صحت کی سہولیات کے حوالے سے ہسپتال منتقل کرنے کے لیے پولیس گارڈ کا بروقت مہیا نہ ہونے کی شکایت کی، سینئر ممبر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن نے جیل کی زیر تعمیر بلڈنگ کا بھی معائنہ کیا اور کنٹریکٹر کو بلڈنگ بروقت مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ سینئر ممبر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن نے قیدیوں کو یقین دہانی کروائی کہ جیل کے وزٹ کی تفصیلی رپورٹ وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کی خدمت میں پیش کی جائے گی کیونکہ موجودہ گورنمنٹ گڈ گورننس کے لیے کوشاں ہے اور وزیر اعظم جیل کے قیدیوں کے جملہ مسائل کو حل کرنے کو ترجیح دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 62

ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جس کی جڑیں عوام میں ہیں، عوام کی نظریں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پر ہیں وہی ملک کو مضبوط بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور پیپلز پارٹی کا رشتہ روح و جسم کی مانند ہے۔ یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ تقریبات میں پارٹی کے بانی چیئرمین قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو، دختر مشرق شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی قومی و عالمی خدمات کو سراہا جائے گا۔ ساتھ ہی صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی آئین و قانون کی حکمرانی، جمہوریت کے استحکام، دہشت گردی، لاقانونیت، انتہاپسندی، اور فرقہ واریت کے خلاف جاری جدوجہد کو اجاگر کرتے ہوئے اسے ایک قومی عزم کے طور پر منایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 63

واحد لائبریری ہے جہاں جدید کمپیوٹر لیب ہے۔ اس سلسلے میں افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس کی مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ تھیں۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر اسد بھٹہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ لائبریری اور اس کا ایکسٹینشن بلاک سات ہزار سکوائر فٹ پر تعمیر کیا گیا ہے یہ عمارت 23 اگست کو مکمل کر لی گئی تھی تاہم جدید کمپیوٹرز، فرنیچرز اور کتب کو ذخیرہ کرنے اور مکمل طور پر فعال کرنے میں تین ماہ صرف ہوئے۔ جدید لائبریری بلاک میں تین فلور بنائے گئے ہیں، جن میں کتب خانے، اسٹاف آفسز کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے 50 کمپیوٹرز پر مشتمل جدید طرز کی کمپیوٹر لیب نے اس لائبریری کی انفرادیت میں اضافہ کیا ہے ان کمپیوٹرز کی مالیت 45 لاکھ روپے سے زائد ہے جبکہ آرام دہ فرنیچر بھی رکھا گیا ہے جس کی مالیت 53 لاکھ روپے سے زائد ہے۔ یہ اپنی نوعیت کی اس خطے میں واحد لائبریری ہے جس میں کمپیوٹر لیب بھی شامل ہے یہ مکمل طور پر ایئر کنڈیشن ہے تاکہ طالبات یکسوئی کے ساتھ موسمی اثرات سے بے نیاز مطالعہ کر سکیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم پراچہ کا کہنا تھا کہ ویمن یونیورسٹی میں طالبات کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس دور میں روایتی لائبریری کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل لائبریری کی سہولت بھی فراہم کر دی گئی ہے جس سے معیاری ریسرچ کے لئے آسانی پیدا ہوگی اور ڈیجیٹل لائبریری سے ان سہولتوں میں نکھار آئے گا۔

بقیہ بقیہ جات 64

حملہ آور ہوئے، پھر گیٹ، گاڑیاں، جھنڈے چھوڑ کر بھاگے۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ بشریٰ بی بی فرار ہو گئی، گنڈاپور کارکنان کے ہاتھوں سارا دن رل گیا، پی ٹی آئی کی کمٹمنٹ برباد ہو گئی۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب نائب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان

متوفی: نفیسہ بیوہ مشتاق احمد

وارثان: محمد اسحاق والد، سروری بی بی والدہ، مشتاق احمد خاوند محمد سعید پسر متوفیہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: فرح سعید بیوہ، محمد سعید بہو متوفی، ارباب سعید پسر نیہا سعید، علیزے سعید دختران محمد سعید پوتیاں متوفیہ محمد شاہد پسر، روبینہ بی بی، روزینہ بی بی، شمینہ علی دختران متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

اسلام آباد احتجاج: عمران خان، بشریٰ بی بی، گنڈاپور و دیگر کیخلاف ایک اور مقدمہ درج

مقدمات میں بشریٰ بی بی، علی امین گنڈاپور، سلمان اکرم راجہ، شیخ وقاص جبکہ پی ٹی آئی مقامی قیادت سمیت ہزاروں نامعلوم افراد بھی نامزد

مقدمات میں انسداد دہشت گردی، اسمبلی ایکٹ، پولیس پر حملوں، اغوا، کار سرکار میں مداخلت، دفعہ 144 کی خلاف ورزی کی دفعات بھی شامل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں احتجاج کے معاملے پر بانی پی ٹی آئی عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سمیت دیگر کیخلاف ایک اور مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی کے تھانہ صادق آباد میں پی ٹی آئی قیادت کیخلاف انسداد دہشتگردی ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا، مقدمہ میں اقدام قتل، کار سرکار مداخلت سمیت تعزیرات پاکستان کی 14 دفعات بھی شامل کی گئی ہیں۔ مقدمہ میں عمران خان، علیمہ خان، بشریٰ بی بی، علی امین گنڈاپور، عمر ایوب، حماد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کا ثریا عظیم ہسپتال میں 2 روزہ فری میڈیکل کیمپ کا دورہ

صدر گورننگ باڈی ثریا عظیم ہسپتال ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور ایم ایس ڈاکٹر فواد رانا کی صوبائی وزیر کو کیمپ میں فری علاج معالجہ بارے بریفنگ

فری میڈیکل کیمپ میں دو روز میں 500 سے زائد غریب اور مستحق مریضوں میں مفت چیک اپ، مفت ادویات اور ای سی جی، یورک ایسڈ، کیلشیم، وٹامن ڈی اور مفت ٹیسٹ کیے گئے۔

لاہور (خبر نگار) ثریا عظیم وقف ہسپتال میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ میں صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے ثریا عظیم ہسپتال میں 2 روزہ فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا۔ صدر گورننگ باڈی ثریا عظیم ہسپتال ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور ایم ایس ڈاکٹر فواد رانا کی صوبائی وزیر کو کیمپ میں فری علاج معالجہ بارے بریفنگ دی۔ صدر گورننگ باڈی ثریا عظیم ہسپتال ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور ایم ایس ڈاکٹر فواد رانا کی صوبائی وزیر کو کیمپ میں فری علاج معالجہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

لاہور، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق ثریا عظیم ٹیچنگ ہسپتال میں انتظامیہ سے یادگار شیلڈ وصول کررہے ہیں

نومبر میں درجہ حرارت 2 ڈگری زیادہ، بارشیں 47 فیصد کم ریکارڈ

آنیوالے دنوں میں ہواؤں کا نیا سلسلہ پاکستان کے بالائی علاقوں کا رخ کریگا، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں رواں سال نومبر کے دوران معمول سے کم بارشیں ہونے کے سبب 47 فیصد کم بارشیں ریکارڈ کی گئیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق نومبر میں دن اور رات کے دوران درجہ حرارت بھی دو، دو ڈگری زیادہ رہا۔ آنے والے دنوں میں ہواؤں کا نیا سلسلہ پاکستان کے بالائی علاقوں کا رخ کرے گا جس کے باعث بلوچستان میں بارش اور گلگت بلتستان میں برفباری کا امکان ہے۔ رواں سال نومبر میں لاہور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

نجی شعبے کو دیئے جانے والے قرضوں میں غیر معمولی اضافہ

یکم جولائی سے 15 نومبر قرضوں میں 880.36 ارب روپے کا اضافہ ہوا

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال کے ابتدائی مہینوں کے دوران نجی شعبے کو دیئے جانے والے قرضوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یکم جولائی سے 15 نومبر کے دوران نجی شعبے کو دیئے جانے والے قرضوں میں 880.36 ارب روپے کا اضافہ ہوا جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران ریکارڈ کیے گئے 82.4 ارب روپے کے خالص ریٹائرمنٹ کے مقابلے میں ایک نمایاں تبدیلی ہے۔ مجموعی تقسیم میں سے 647 ارب روپے روایتی بینکوں کی شاخوں اور 258 ارب روپے اسلامی بینکوں کی جانب سے تقسیم کیے گئے جبکہ روایتی بینکوں کی اسلامی بینکاری شاخوں میں 25 ارب روپے کی کمی دیکھی گئی۔

65 اور زائد عمر کے عازمین حج کیلئے کووڈ ویکسین لازمی قرار

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے 65 اور زائد عمر کے عازمین حج کیلئے کووڈ ویکسین لازمی قرار دے دی۔ وزارت مذہبی امور نے کراچی کے عازمین حج کیلئے کووڈ ویکسین کی تفصیلات جاری کی ہیں۔ جمعرات کو وزارت مذہبی امور کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ 65 اور زیادہ عمر کے عازمین حج کیلئے سعودی ہدایات کے مطابق کووڈ ویکسین لگوانے اور سرٹیفکیٹ جمع کروانے کی ہدایت کی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق وزارت صحت کی ہیلپ لائن 1166 کے مطابق کراچی میں کوووڈ ویکسین لگوانے کے لئے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

پی ٹی آئی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی احتجاج کے بعد مسلسل تنقید کے بعد پی ٹی آئی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے عہدے سے استعفیٰ دیا۔ ذرائع کے مطابق سلمان اکرم راجا کو لاہور سے قافلہ لے کر اسلام آباد جانے کی ذمہ داری سونپی گئی تھی، راستے بند ہونے کے بعد سلمان اکرم راجا کی جانب سے لاہور میں ہی احتجاج کا پلان بنایا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق سلمان اکرم راجا لاہور میں بھی ورکرز کو نکالنے میں ناکام رہے تھے۔

ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کی جانب سے لائن لین کی پابندی کے سخت احکامات

لائن لین کی پابندی سے حادثات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے‘ مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کی جانب سے لائن لین کی پابندی کے سخت احکامات جاری کر دیئے گئے۔ ترجمان کے مطابق لاہور سمیت صوبہ بھر میں لائن لین کی پابندی نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائیاں جاری ہیں، رواں سال لائن لین کی پابندی نہ کرنے والوں کے خلاف 602 فیصد زیادہ چالان کیے گئے۔ سال 2023 میں لائن لین کی خلاف ورزی پر 2 لاکھ 95 ہزار 444 چالان کیے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

لیسکو میں اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی خریداری نہ ہونے کے برابر

صورتحال سنگین، سولر کنکشنز پر خودساختہ پابندی لگا دی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی خریداری نہ ہونے کی وجہ سے صورتحال سنگین ہوگئی ہے جس کے نتیجے میں سولر کنکشنز پر خودساختہ پابندی لگادی گئی ہے۔ 15 نومبر سے اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کا ڈیمانڈ نوٹس جاری کرنے کا حکم دیا گیا تھا مگر اس تاریخ سے اب تک نہ ڈیمانڈ نوٹس جاری ہوا ہے اور نہ ہی گرین میٹرز کے این او سی کا اجراء ہوسکا ہے۔ قبل ازیں لیسکو نے گرین میٹرز کے لیے این او سی جاری باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

لاہور، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کی والدہ ساجدہ فاروق کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہی ہیں

پیپلز پارٹی نے وسطی پنجاب کے 26 اضلاع میں یوم تاسیس کے پروگرامز کو حتمی شکل دیدی

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی کی مانیٹرنگ کمیٹی کے کنویئر عثمان ملک نے وسطی پنجاب کے 26 اضلاع میں یوم تاسیس کے پروگرامز کو حتمی شکل دیدی۔ لاہور میں یوم تاسیس کا ورکرز کنونشن پانی والا تالاب، راولپنڈی ڈویژن کا صدیق میرج ہال، نزد چاندنی چوک، گجرانوالہ کا ٹرسٹ پلازہ جی ٹی روڈ، سرگودھا کا شالی المعروف کچی، فیصل آباد کا ضلع کونسل چوک، شیخوپورہ کا کنونشن پیپلز سیکرٹیریٹ، اور ساہیوال میں بھی پیپلز سیکرٹیریٹ، اٹک کا ورکرز کنونشن شکردراں، چکوال کا عظیم انٹرنیشنل ہوٹل، جہلم کا پیپلز سیکرٹیریٹ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

گرفتار صحافی مطیع اللہ جان کا دو روزہ جسمانی ریمانڈ منظور، پولیس کے حوالے

اسلام آباد (این این آئی) اے ٹی سی اسلام آباد نے گرفتار صحافی مطیع اللہ جان کا دو روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔ جمعرات کو گرفتار سینئر صحافی مطیع اللہ جان کو انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا کی عدالت میں پیش کیا گیا، پراسیکیوٹر راجہ نوید عدالت میں پیش ہوئے جبکہ مطیع اللہ جان کی جانب سے ایڈووکیٹ فیصل چوہدری پیش ہوئے۔ پراسیکیوٹر نے ملزم کے 30 روزہ ریمانڈ کی استدعا کی، وکیل فیصل چوہدری نے ملزم کے جسمانی ریمانڈ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں تھوڑا وقت دیا جائے مشاورت کرنی ہے۔

لاہور صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق ثریا عظیم ہسپتال میں 2 روزہ فری میڈیکل کیمپ میں ادویات کا معائنہ کررہے ہیں

انتقامی سیاست نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا‘ جے یو آئی

ملک میں حکمرانوں کے امتیازی سلوک اور ناانصافیوں سے ریاست کی رٹ چیلنج ہو رہی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ انتقامی سیاست نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچادیا، ملک میں حکمرانوں کے امتیازی سلوک اور ناانصافیوں سے ریاست کی رٹ چیلنج ہو رہی ہے

اسلام آباد میں احتجاج: عمران خان سمیت پارٹی رہنماؤں اور کارکنان کیخلاف 8 مقدمات درج

مقدمات میں بشریٰ بی بی، علی امین گنڈاپور، سلمان اکرم راجہ، شیخ وقاص نامزد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں تحریک انصاف کے احتجاج کے بعد بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت پارٹی رہنماؤں، کارکنان کیخلاف اسلام آباد میں 8 مقدمات درج ہوگئے۔ مقدمات میں بشریٰ بی بی، علی امین گنڈاپور، سلمان اکرم راجہ، شیخ وقاص نامزد ہیں۔ اس کے علاوہ تحریک انصاف کی مقامی قیادت سمیت ہزاروں نامعلوم افراد بھی مقدمات میں نامزد کیے گئے ہیں۔ ان مقدمات میں انسداد دہشت گردی، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

محمود خان اچکزئی کا پی ٹی آئی کیخلاف کریک ڈاؤن کی عدالتی انکوائری کا مطالبہ

پی ٹی آئی کارکنوں پر تشدد کیخلاف وزیراعظم کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے پی ٹی آئی کیخلاف کریک ڈاؤن کی عدالتی انکوائری کا مطالبہ کردیا۔ محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں پر تشدد کے الزام میں وزیراعظم، وزیر داخلہ، آئی جی اسلام آباد کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے، بانی پی ٹی آئی انتخابات جیت گئے پھر بھی جیل میں رکھا گیا، انہیں ضمانت پر رہا کیا جائے، انہیں رہا کرنے سے آسمان نہیں گرے گا۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ پرامن احتجاج کرنے والے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

حج درخواستوں کی وصولی کیلئے نامزد بینکوں کو ہفتہ اور اتوار کو کھلے رکھنے کا فیصلہ

3 دسمبر تک بلاتعطل حج درخواستوں کی وصولی جاری رکھیں گے، ترجمان سٹیٹ بینک

عازمین حج کی آسانی کیلئے نامزد بینک ہفتہ اور اتوار کو دن ڈھائی بجے تک کھلے رہیں گے

اسلام آباد (این این آئی) حج درخواستوں کی وصولی کیلئے نامزد بینکوں کو ہفتہ اور اتوار کو کھلے رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک نے نامزد بینکوں کو ہفتہ اور اتوار بینک کھلے رکھنے کے احکامات جاری کردیئے۔ ترجمان سٹیٹ بینک کے مطابق عازمین حج کی آسانی کیلئے نامزد بینک ہفتہ اور اتوار کو دن ڈھائی بجے تک کھلے رہیں گے اور 3 دسمبر تک بلا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

شہریوں کے مسائل کا بروقت ازالہ اولین ترجیح ہے‘ ساجدہ فاروق تارڑ

ضرورت مند اور مجبور لوگوں کے مسائل کو ہم ضرور حل کروائیں گے

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ کی والدہ کی جانب سے حلقہ این اے 127 میں کھلی کچہری کا انعقاد

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ کی والدہ ساجدہ فاروق تارڑ کی جانب سے حلقہ این اے 127 میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں شہریوں کے مسائل سنے اور میرٹ پر حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔ ساجدہ فاروق تارڑ نے جمعرات کے روز باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

پی ٹی آئی احتجاج سے نمٹنے کیلئے وفاقی پولیس کے 33 کروڑ روپے سے زائد خرچ

وفاقی دارالحکومت کو 24 مقامات سے سیل کرنے کیلئے 800 سے زائد کنٹینرز لگائے گئے تھے، ذرائع

کنٹینرز کو لگائے ہوئے سات روز ہوگئے جبکہ تا حال ان کنٹینرز کے اخراجات پولیس کے ذمے بڑھتے جارہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے احتجاج سے نمٹنے کیلئے صرف اسلام آباد پولیس کے 33 کروڑ روپے سے زائد خرچ ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کا 3 یوم کا احتجاج پولیس کو 33 کروڑ 28 لاکھ روپے میں پڑا، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو 24 مختلف مقامات سے سیل کرنے کیلئے 800 سے زائد کنٹینرز لگائے گئے۔ اسلام باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

وائس چانسلر پی یو جی سی یو لاہور ڈاکٹر محمد علی وی سی یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات کررہے ہیں

اے این ایف نے انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں ایک کروڑ روپے سے زائد کی منشیات برآمد کرلی

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں ایک کروڑ روپے سے زائد کی منشیات برآمد کرلی۔ ترجمان کے مطابق ملک بھر میں انسداد منشیات اسمگلنگ کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں 9 مختلف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کا سبزہ زار ڈسپنسری، کلینک آن ویلز کیمپوں کا دورہ

ڈسپنسری میں گائنی مریض کے لئے ادویات باہر سے منگوانے پر وزیر صحت کا فوری نوٹس، انکوائری کا حکم

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے سبزہ زار میں ڈسپنسری اور کھاڑک اور سید پور میں لگائے گئے کلینک آن ویلز کیمپوں کا دورہ کیا۔ سابق ایم این اے مہر اشتیاق احمد بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت اربن ڈسپنسری میں لیبر روم، میڈیسن سٹور میں گئے، ادویات کا سٹاک اور دیگر طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گائنی مریضوں کے ریکارڈ چیک کیا اور ان سے ادویات اور دیگر سہولیات کا پوچھا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے ڈسپنسری میں آنیوالے ایک مریض سے فون پر بات کرکے طبی سہولیات سے متعلق پوچھا جس پر مریض نے شکایت کی کہ ان سے ڈیلوری کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

ملک میں جنگل کا قانون نافذ، صحافی، وکلاء اور سوشل میڈیا کے نوجوان کوئی بھی محفوظ نہیں‘ مسرت چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ملک میں جنگل کا قانون نافذ ہے، صحافی، وکلاء اور سوشل میڈیا کے نوجوان کوئی بھی محفوظ نہیں۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت چیمہ نے کہا کہ جو بھی حقائق قوم کے سامنے لائے گا وہ اٹھالیا جائے گا

لاہور، وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین چین کی وی وو موبائل کمپنی کے سی ای او کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی جی سی یو لاہور ڈاکٹر محمد علی کا یو ای ٹی لاہور کا دورہ

ڈاکٹر شاہد منیر کو وی سی کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد، یو ای ٹی کی ترقی اور استحکام کے حوالے سے تبادلہ خیال بھی کیا

ہائیر ایجوکیشن کی ترقی، اسکو درپیش چیلنجز اور نئی اختراعات میں ریسرچ کلچر کی اہمیت پر گفتگو

لاہور (خبر نگار) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی جی سی یو لاہور ڈاکٹر محمد علی نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کا دورہ کیا اور یو ای ٹی کے نو منتخب وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر (تمغہ امتیاز) سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر محمد علی نے یو ای ٹی کے وائس چانسلر کا منصب سنبھالنے پر انہیں مبارکباد پیش کی۔ وی سی آفس میں ملاقات کے دوران انہوں نے یونیورسٹی کی ترقی و استحکام کیلئے اسے جدید خطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا اور اپنے تجربات بیان کئے۔ انہوں نے ہائر ایجوکیشن کی ترقی، اسکو درپیش چیلنجز اور نئی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

معاہدہ سے طالبات کو آگے بڑھنے اور تحقیقی کلچر کو فروغ دینے کا موقع ملے گا۔ شازیہ انجم

دی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور اور چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز بہاولپور کے درمیان معاہدہ

لاہور (خبر نگار) دی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور اور چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز بہاولپور کے مابین علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں مفاہمتی یادداشت کا معاہدہ طے ہوا جس پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم اور پروفیسر ڈاکٹر مظہر ایاز وائس چانسلر چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز نے دستخط کیے۔ اس موقع پر ڈاکٹر شبانہ رمضان ڈائریکٹر آفس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

دی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور اور چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز بہاولپور کے مابین معاہدہ پر دستخط کئے جارہے ہیں

چین کے اعلیٰ قانون ساز کا سپین کے ساتھ مضبوط تعاون کا عزم

خیر سگالی سرکاری دورے میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے چینی عزم کا اظہار

میڈرڈ (شنہوا) چین کے اعلیٰ قانون ساز ژاؤ لے جی نے سپین کے خیر سگالی سرکاری دورے میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے چینی عزم کا اظہار کیا۔ چین کی قومی عوامی کانگریس (این پی سی) کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین ژاؤ لے جی نے اپنے 5 روزہ دورے میں میڈرڈ میں ہسپانوی بادشاہ فلپ ششم اور ہسپانوی وزیراعظم پیڈرو سانچز سمیت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

چین میں غیر ملکی مالیاتی اداروں کی سرمایہ کاری میں اضافہ

چین میں اپنے حصص 51 فیصد سے بڑھا کر 91 فیصد کرنے کی ریگولیٹری منظوری حاصل کرلی

بیجنگ (شنہوا) رواں سال کے آغاز سے غیر ملکی مالیاتی اداروں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے نئے سیکیورٹیز ادارے قائم کرکے اور اپنے موجودہ کاروبار کے دائرہ کار کو بڑھا کر چین پر اعتماد کا اظہار کیا ہے جو مسلسل فروغ پا رہا ہے۔ سنگاپور میں قائم ڈی بی ایس گروپ نے ڈی بی ایس سیکیورٹیز چین میں اپنے حصص 51 فیصد سے بڑھا کر 91 باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

مذہبی اقلیتی ممبران پنجاب اسمبلی کی خصوصی شرکت، مذہبی اقلیتوں کو درپیش مسائل کے حل بارے تفصیلی تبادلہ خیال

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے کیمپ آفس میں مذہبی اقلیتی ممبران پنجاب اسمبلی کے ساتھ ایک اہم مشاورتی اجلاس کی صدارت کی۔ جس میں صوبے میں مذہبی اقلیتی کمیونٹیز کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے تفصیلی بحث کی گئی۔ اجلاس میں ایم پی ایز اعجاز عالم آگسٹین، ایمونئیل اطہر، بابا فیلبوس کرسٹوفر، شکیلہ آرتھر، پارلیمانی سیکرٹری سونیا عاشر، سیکرٹری انسانی حقوق و اقلیتی امور علی بہادر قاضی اور

لاہور، وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ مذہبی اقلیتوں کی درپیش مسائل بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چین میں اکتوبر کے دوران بین العلاقائی سفر اور مال برداری میں اضافہ

بیجنگ (شنہوا) چین میں اکتوبر کے دوران بین العلاقائی سفر اور بندرگاہوں سے مال برداری حجم دونوں میں اضافہ ہوا جس کی وجہ ترقی دوست پالیسیوں کے مؤثر اثرات ہیں۔ وزارت ٹرانسپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ 5.84 ارب بین العلاقائی دورے ہوئے جو گزشتہ برس کی اسی مدت کی نسبت 6.9 فیصد زیادہ ہیں۔ 2024 کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

800 سے زائد چینی طبی کارکنوں نے 6 عشروں میں زنجبار کی معاونت کی

نان جنگ (شنہوا) چین کے مشرقی صوبے جیانگسو نے 1964 میں اپنی پہلی طبی ٹیم مشرقی افریقی ملک تنزانیہ کے علاقے زنجبار روانہ کی تھی جس کے بعد سے اب تک 34 گروپس کی شکل میں 847 طبی کارکن تقریباً 83 لاکھ مقامی افراد کو تشخیص اور علاج فراہم کرچکے ہیں۔ جیانگسو کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

چین میں سوئس چاکلیٹ برانڈز کے لئے شاندار وسیع مواقع موجود ہیں، مینوفیکچررز ایسوسی ایشن

جنیوا (شنہوا) سوئس چاکلیٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ چین سوئٹزرلینڈ کی اعلیٰ، منفرد اور پائیدار طریقے سے حاصل شدہ چاکلیٹ کی مضبوط اور صحت افزا مانگ پیدا کررہا ہے۔ چوکوسوئس کے نام سے مشہور ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر روجر ویہرلی نے کہا کہ چین کو سوئس چاکلیٹ کی برآمدات میں بتدریج اضافہ ہو رہا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

چین کا سب سے بڑا صحرا مکمل طور پر سرسبز پٹی میں گھر گیا

ارمچی (شنہوا) شمال مغربی چین کے سنکیانگ ویغور خود مختار علاقے میں مقامی حکام کا کہنا ہے کہ صحرائے ٹکلامکان جسے "موت کا سمندر" کہا جاتا ہے، 3046 کلومیٹر پر پھیلی ریت پر مشتمل ہے اور سرسبز پٹی میں مکمل طور پر گھرا ہوا ہے۔ سنکیانگ ریجنل فارسٹری اینڈ گراس لینڈ بیورو کے مطابق جمعرات کی صبح پودوں کی متعدد اقسام بشمول صحرائی بھان کے درخت (جسے عام طور پر "ریگستانی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

چیف ایڈیٹر: میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر: صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر: امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر: چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر: وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

لاہور، صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر کلینک آن ویلز کیمپوں میں ادویات کے سٹاک کا جائزہ لے رہے ہیں

کراچی‘ ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شہری جاں بحق، عوام نے ڈاکو کو پکڑ لیا

کراچی میں پولیس نے بھینس کالونی میں مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو ہلاک کردیا گیا

کراچی (این این آئی) بھینس کالونی میں ڈاکوؤں نے ڈکیتی مزاحمت پر ایک شہری کو قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق عوام نے ایک ڈاکو کو پکڑ لیا اور مار پیٹ کے بعد پولیس کے حوالے کیا جو بعد میں دم توڑ گیا جب کہ ہلاک ملزم کی شناخت معشوق کے نام سے ہوئی۔ کراچی میں پولیس نے بھینس کالونی میں مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو ہلاک کردیا، اس کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

راجن پور، پنجاب پولیس کا لونڈ گینگ کیخلاف ٹارگٹڈ آپریشن، 3 مغوی بازیاب

راجن پور پولیس کی بھرپور جوابی فائرنگ کے نتیجے میں ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے

راجن پور (این این آئی) پنجاب پولیس نے راجن پور سرکل کے بنگلہ اچھا میں لونڈ گینگ کے خلاف کامیاب ٹارگٹڈ آپریشن کرکے 3 مغویوں کو بازیاب کرالیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق کچہ ایریا تھانہ بنگلہ اچھا کی حدود میں 3 مغویوں کی بازیابی کیلیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ لونڈ گینگ کے ڈاکوؤں نے 3 شہریوں کو باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

لاہور کینال روڈ پر اینٹوں سے بھری ٹرالی الٹنے سے ٹریفک کی روانی متاثر

امدادی ٹیموں نے فوری آپریشن کرکے ٹریکٹر ٹرالی، اینٹوں کو کینال روڈ سے ہٹادیا

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے کینال روڈ پر اینٹوں سے بھری ٹریکٹر ٹرالی ٹائر پھٹنے کے باعث الٹ گئی۔ اینٹیں روڈ پر بکھرنے کی وجہ سے ٹریفک کا شدید دباؤ بن گیا جس سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہوئی۔ اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے فوری آپریشن کرکے ٹریکٹر ٹرالی اور اینٹوں کو کینال روڈ سے ہٹادیا۔ خوش قسمتی سے حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

چین کے مشرقی گنجان آباد صوبے کی جانب سے شادی کی چھٹیوں میں توسیع

اس اقدام کا مقصد بچے پیدا کرنے کی کوشش میں نوبیاہتا جوڑوں کو اضافی سہولت فراہم کرنا ہے

جینان (شنہوا) چین کی دوسری سب سے بڑی مستقل رہائشی آبادی کا حامل صوبہ شان ڈونگ شادی کی چھٹیاں بڑھانے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ اس اقدام کا مقصد بچے پیدا کرنے کی کوشش میں نوبیاہتا جوڑوں کو اضافی سہولت فراہم کرنا ہے۔ شان ڈونگ شادی میں قانونی رجسٹریشن کے عمل سے گزرنے والے شہریوں کی شادی کی چھٹیاں 3 دن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

چین سرحد پار سفر کی سہولت جاری رکھے گا، وزارت خارجہ

تمام ممالک کے لوگوں کو اس کی مختلف نوعیت کی کشش کا تجربہ کرنے اور اس کے ترقیاتی فوائد میں حصہ لینے کے لئے خوش آمدید کہتا ہے

بیجنگ (شنہوا) چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے کہا ہے کہ چین سرحد پار سفر کی سہولت فراہم کرنا جاری رکھے گا اور تمام ممالک کے لوگوں کو اس کی مختلف نوعیت کی کشش کا تجربہ کرنے اور اس کے ترقیاتی فوائد میں حصہ لینے کے لئے خوش آمدید کہتا ہے۔ ماؤ نے یہ بات ایک حالیہ پریس بریفنگ میں ایک سوال کے جواب میں کہی۔ ان سے غیر ملکی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

پی ٹی آئی کو چیک کرنا چاہیے کہ بشریٰ بی بی دو نمبر گیم تو نہیں کھیل گئیں

خواجہ آصف

بشریٰ بی بی کی ضد پر کے پی سے آنے والے ڈی چوک پہ حملہ آور ہوئے، پھر کپڑے، گاڑیاں، جھنڈے چھوڑ کر بھاگے

بشریٰ بی بی فرار ہوگئی، گنڈاپور کارکنان کے ہاتھوں سارا دن رل گیا، پی ٹی آئی کی کمٹمنٹ برباد ہوگئی‘ وزیر دفاع کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کو چیک کرنا چاہیے کہ بشریٰ بی بی کہیں دو نمبر گیم تو نہیں کھیل گئی۔ خواجہ آصف نے پی ٹی آئی کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ چیک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ سنگجانی میں بیٹھنے پر بانی پی ٹی آئی اور پارٹی لیڈر شپ راضی تھی، یہ سنگجانی بیٹھ جاتے تو آج انٹرنیٹ، سڑکیں بند ہوتے، ڈی چوک کے حملے کا خطرہ رہتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو تو بشریٰ بی بی کا تہہ دل سے مشکور ہونا چاہیے۔ بشریٰ بی بی کی ضد پر کے پی سے آنے والے ڈی چوک پہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیادی اساس اس کا عوامی منشور ہے، عامر عبدالغفار لون

مظفر آباد (این این آئی) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کے وزیر ماحولیات عامر عبدالغفار لون نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیادی اساس اس کا عوامی منشور ہے، 30 نومبر کو پارٹی کا 57 یوم تاسیس جوش و خروش سے منائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

پیپلز پارٹی کا 57 واں یوم تاسیس جوش و خروش سے منائیں گے، چوہدری محمد الیاس

مظفر آباد (این این آئی) سابق ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن ضلع کوٹلی و مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری محمد الیاس نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کا 57 واں یوم تاسیس جوش و خروش سے منائیں گے پاکستان میں واحد سیاسی پارٹی بلکہ یہ کہا جائے کہ جمہوریت کی فاؤنڈر جماعت پاکستان پیپلز پارٹی ہے تو یہ غلط نہ ہوگا

وزیر اعظم جیل کے قیدیوں کے جملہ مسائل کو حل کرنے کو ترجیح دیں گے، پروین اختر

مظفر آباد (این این آئی) سینئر ممبر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن محترمہ پروین اختر نے ہمراہ معائنہ ٹیم ڈپٹی ڈائریکٹر وزیر اعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشنر دار طاہر الطاف خان اور پی آئی ڈی کے نمائندے ڈسٹرکٹ جیل مظفر آباد کا وزٹ کیا۔ جیل پہنچنے پر سپرنٹنڈنٹ جیل فضل الرحمن عباسی نے سینئر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

ویمن یونیورسٹی کی مرکزی لائبریری میں ڈیجیٹل کمپیوٹر لیب فعال کردی گئی

ویمن یونیورسٹی کی یہ لائبریری جنوبی پنجاب کی واحد لائبریری جہاں جدید کمپیوٹر لیب ہے۔ ڈاکٹر کلثوم پراچہ

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی کی مرکزی لائبریری میں ایک کروڑ سے زائد مالیت کی ڈیجیٹل کمپیوٹر لیب فعال کردی گئی ترجمان کے مطابق ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی ملتان میں ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے پراجیکٹ "بلڈنگ ویمن یونیورسٹی" کے تحت ڈیجیٹل لائبریری پراجیکٹ مکمل ہوگیا یہ مکمل پراجیکٹ دو کروڑ 48 لاکھ روپے کا تھا جس کو طالبات کے لئے کھول دیا گیا ویمن یونیورسٹی کی یہ لائبریری جنوبی پنجاب کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ جدید ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح کررہی ہیں

امریکہ، جو بائیڈن انتظامیہ کی اسرائیل کو مزید اسلحہ فراہمی کی تیاری

پیکج میں ہزاروں ڈائریکٹ اٹیک گولہ بارود کی کٹس اور سینکڑوں چھوٹے قطر کے بم شامل ہیں، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) 20 جنوری کو ٹرمپ انتظامیہ کے آنے سے پہلے جو بائیڈن انتظامیہ نے ایک بار پھر اسرائیل کو اسلحہ فراہمی کے منصوبے کی تیاری شروع کی ہے۔ متعلقہ ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں 680 ملین ڈالر کی مالیت کا ایک اسلحہ پیکج تیار کیا جارہا ہے

لبنان میں جنگ بندی کے لیے سفارت کاری کامیاب ہوئی، برطانیہ، فرانس

کشیدگی کو پرسکون کرنے اور وسیع تر جنگ بندی کی طرف جانے کے لیے اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے، بیان

بیروت (این این آئی) لبنان میں جنگ بندی کے نفاذ کے اعلان کا بین الاقوامی سطح پر خیر مقدم کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی وزیر اعظم کیئر سٹارمر نے اس اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ بہت پہلے ہونا چاہیے تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنگ بندی کے اعلان نے ثابت کردیا ہے کہ مشکل ترین حالات میں بھی سفارت کاری کامیاب ہوسکتی ہے۔ انہوں نے دار العوام میں ہفتہ وار احتساب سیشن کے دوران کہا کہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

لبنان میں جنگ بندی کے بدلے استثنیٰ، میکروں کی نیتن یاہو کے حوالے سے شرط تفصیلات

روم کا آئین بین الاقوامی فوجداری عدالت کے ساتھ مکمل تعاون فراہم کرتا ہے، فرانسیسی وزارت خارجہ

بیروت (این این آئی) لبنان میں جنگ بندی کے معاہدے میں فرانس کی طرف سے اہم درخواست کا انکشاف کیا گیا ہے جس کے بدلے میں اسے حزب اللہ کے ساتھ معاہدے میں ثالثی کی اجازت دی گئی اور اس کے تحت جنگ بندی معاہدہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

وزیر زراعت سید عاشق کرمانی سرگودھا میں گندم کی ڈویژنل کاشت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں